مطالعۂ قرآنِ حکیم کا

# منتخب نصاب

(جلد اول)

ڈاکٹر اسرار احمد

مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

# مطالعہ قرآن حکیم

کا

# منتخب نصاب

مرتبہ

ڈاکٹر اسرار احمد

شائع کردہ

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

| | | |
|---|---|---|
| بار اول | مارچ ۱۹۷۸ء | ۱۱۰۰ |
| بار دوم | جون ۱۹۸۱ء | ۱۱۰۰ |
| بار سوم | فروری ۱۹۸۲ء | ۳۳۰۰ |

**Rs. 10,00**

طابع : رشید احمد چودھری ، مکتبہ جدید پریس نوائے وقت ہاؤس ، لاہور

ناشر : قمر سعید قریشی ، ناظم مرکزی انجمن خدام القرآن

36 کے ۔ ماڈل ٹاؤن لاہور ۔ 14 ، فون : 852611—852683

کراچی آفس : 11 ۔ داؤد منزل (پہلی منزل) نزد آرام باغ شاہراہ لیاقت

کراچی 1 (فون برائے رابطہ 214709)

# تعارف

آغاز ہی میں یہ بات عرض کر دینی مناسب ہے کہ یہ نصاب راقم کا طبعزاد، نہیں ہے بلکہ اس کا اصل ڈھانچہ مولانا امین احسن اصلاحی کا تیار کردہ ہے. تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ ۵۲-۱۹۵۱ء میں جب راقم الحروف اسلامی جمعیت طلبہ لاہور و پنجاب کا ناظم تھا اُس نے جمعیت کے زیر اہتمام طلبہ کے لئے دو تربیتی کیمپ منعقد کئے تھے ایک دسمبر ۱۹۵۱ء میں کرسمس کی تعطیلات میں اور دوسرا ۱۹۵۲ء کی تعطیلاتِ موسم گرما میں —— ان تربیت گاہوں میں قرآن حکیم کا درس مولانا اصلاحی مدظلہ نے دیا تھا اور اس غرض سے انہوں نے ایک نصاب تجویز کیا تھا جو درج ذیل ہے:۔

۱ ۔ انسان کی انفرادی زندگی کی رہنمائی کے لئے سورۂ لقمان کا دوسرا اور سورۂ فرقان کا آخری رکوع

۲ ۔ عائلی زندگی سے متعلق —— سورۂ تحریم مکمل ۔

۳ ۔ قومی، ملی اور سیاسی زندگی کی رہنمائی کے ذیل میں سورہ حجرات مکمل ۔

۴ ۔ فریضۂ اقامت دین کے ذیل میں سورۂ صف مکمل

۵ ۔ اور تحریک اسلامی سے متعلق مختلف مسائل میں رہنمائی کے ذیل میں سورۂ عنکبوت مکمل ۔

راقم کی خوش قسمتی تھی کہ اسے بطور ناظم ان دونوں تربیت گاہوں میں شرکت کا موقع ملا اور یہ مقامات اُس نے دو بار مولانا اصلاحی صاحب سے براہِ راست پڑھے اور راقم نے ان مقامات کو اس طرح اخذ کر لیا کہ "بلّغوا عنّي ولو آيۃً" ، (پہنچاؤ میری جانب سے چاہے ایک ہی آیت) ، کے مصداق انہیں آگے پڑھانے کے لئے بھی کسی قدر اعتماد پیدا ہو گیا ۔ چنانچہ زمانۂ طالب علمی میں جمعیت کے اجتماعات میں بھی راقم مطالعہ قرآن کی ذمہ داریاں نبھاتا رہا۔ تعطیلات کے زمانے میں ساہیوال میں —— جماعت اسلامی کے اجتماعات میں بھی ان مقامات کا درس دیتا رہا اور رمضان مبارک کے ایک تربیتی پروگرام میں پورا نصاب بھی پڑھایا۔ ۱۹۵۴ء میں ملتان میں منعقدہ جمعیت کی ایک تربیت گاہ میں راقم نے پھر یہ نصاب اسی تدریج

کے ساتھ پڑھایا۔ بعد میں جب ساہیوال میں راقم نے ایک ''اسلامی ہاسٹل'' قائم کیا تو اس میں مقیم طلبہ کو بھی راقم نے اس پورے نصاب کا درس دیا۔ اس کے بعد جب راقم کراچی میں تھا تو وہاں بھی مقبول عام ہاؤسنگ سوسائٹی میں ایک حلقہ قائم کرکے اسی منتخب نصاب کا درس دیا گیا۔ بعدہٗ لاہور میں ''حلقہ ہائے مطالعہ قرآن'' کے اس سلسلے کی اساس بھی راقم نے اسی کو بنایا جس نے اللہ کے فضل و کرم سے ایک باقاعدہ تحریک کی صورت اختیار کرلی!

البتہ اس عرصے کے دوران میں وقتاً فوقتاً راقم اس بنیادی نصاب میں اضافے کرتا رہا۔ جن سے اس نصاب کی ایک واضح بنیاد بھی قائم ہوگئی اور مختلف مقامات کے مضامین میں جو فاصلے تھے وہ بھی بہت حد تک پاٹ دیئے گئے۔ ہو سکتا ہے کہ آئندہ بھی خود راقم یا کوئی اور شخص اس میں مزید مفید اضافے کرسکے۔ تاہم اس وقت راقم کا گمان ہے کہ ایک خاص نقطۂ نظر سے قرآن حکیم کا جو انتخاب اس نصاب میں کیا گیا ہے وہ بہت حد تک مکمل بھی ہے اور نہایت مفید بھی۔

آگے چلنے سے پہلے اس ''خاص نقطۂ نظر'' کی وضاحت بھی ہوجائے تو اچھا ہے وہ نقطۂ نظر یہ ہے کہ ایک مسلمان کے سامنے یہ بات بالکل واضح ہوجائے کہ اس کے دین کے تقاضے اس سے کیا ——— ہیں اور اس کا رب اس سے کیا چاہتا ہے ؟ گویا دین کے تقاضوں اور مطالبوں کا ایک اجمالی لیکن جامع تصوّر پیش کرنا اس انتخاب کا اصل مقصود ہے، ویسے ضمناً اس سے خود دین کا ایک جامع تصوّر بھی آپ سے آپ واضح ہوجاتا ہے اور محدود مذہبی تصورات کی جڑیں خود بخود کٹتی چلی جاتی ہیں۔

ایک عرصے سے اس بات کی ضرورت محسوس ہورہی تھی کہ اس منتخب نصاب کو یکجا شائع کردیا جائے۔ لیکن بوجوہ یہ ارادہ پورا نہ ہوسکا۔ اللہ تعالیٰ کی مشیت میں ہر کام کے لئے وقت معین ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اب اس کی صورت پیدا ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی سے دعا ہے کہ وہ اسے لوگوں کے لئے مفید بنائے اور اسی سے اجر و ثواب کی امید ہے۔

خاکسار اسرار احمد عفی عنہ

## حصّۂ اوّل

# جامع اسباق

(۱)

## لوازمِ نجات

سورۂ وَالعصر کی روشنی میں

(۲)

## حقیقتِ برّ و تقویٰ

آیۂ برّ (سورۂ بقرہ: ۱۷۷) کی روشنی میں

(۳)

## مقامِ عزیمت

سورۂ لقمان کے دوسرے رکوع کی روشنی میں

(۴)

## حظِ عظیم

سورۂ حٰمٓ السجدہ کی آیات ۳۰ تا ۳۶ کی روشنی میں

★ ★ ★

# درسِ اوّل

## لوازمِ نجات

سُورَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ
سورۃ العصر مکی ہے (اس

وَهِيَ ثَلٰثُ اٰيَاتٍ
میں تین آیتیں ہیں ÷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
شروع اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ÷

وَالْعَصْرِ ① إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ ② إِلَّا الَّذِيْنَ
قسم اترتے دن کی۔ مقرر انسان ہے ٹوٹا ہے۔ مگر جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۥ وَ
یقین لائے، اور کیے بھلے کام، اور آپس میں تیعد کیا سچے دین کا، اور

تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ③
آپس میں تعید کیا سہار کا ÷

متذکرۃ الصدر مقصد کے تحت اس نصاب کا نہایت موزوں آغاز سورۃ عصر سے ہوتا ہے جو خسرانِ ابدی سے انسان کے بچاؤ کی چار بنیادی شرائط یا بالفاظِ دیگر کامیابی اور فوز و فلاح کے چار ناگزیر لوازم یا نجات کی راہ کے چار سنگ ہائے میل کا تعین کر دیتی ہے یعنی ایمان، عمل صالح، تواصی بالحق اور تواصی بالصبر۔ راقم کے نزدیک یہ سورت صرف اس نصاب ہی کے لئے نہیں، پورے قرآن حکیم کے لئے بمنزلہ اساس ہے اور اس کی حیثیت اس بیج کی سی ہے جس سے قرآن مجید کی تمام تعلیمات کے برگ و بار پھوٹے ہیں۔ واللہ اعلم ——— بہرحال اس نصاب کی جڑ سورۂ والعصر ہے اور بقیہ پورا نصاب گویا اسی کی تفسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ سورۂ والعصر پر راقم کی ایک تقریر اور ایک تحریر یکجا "نجات کی راہ: سورۂ والعصر کی روشنی میں" کے نام سے مطبوعہ موجود ہے۔

# درسِ ثانی

# حقیقتِ بِرّ و تقویٰ

## آیۂ بِرّ (سورۂ بقرہ: ۱۷۷) کی روشنی میں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لَيْسَ الْبِرَّ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا — نیکی یہی نہیں،

اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ

کہ منہ کرو اپنے مشرق کی طرف یا مغرب کی، لیکن

الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ

نیکی وہ ہے جو کوئی ایمان لائے اللہ پر اور پچھلے دن پر اور فرشتوں پر اور کتاب پر

وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَ

اور نبیوں پر۔ اور دیوے مال اس کی محبت پر ناتے والوں کو، اور

الْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَ

یتیموں کو، اور محتاجوں کو اور راہ کے مسافر کو، اور مانگنے والوں کو، اور

فِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ

گردنیں چھڑانے میں۔ اور کھڑی رکھے نماز، اور دیا کرے زکوٰۃ اور پورا کرنے والے

بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ

اپنے قرار کو جب قول کریں۔ اور ٹھہرنے والے سختی میں

وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ

اور تکلیف میں، اور وقت لڑائی کے۔ وہی لوگ ہیں جو سچے ہوئے۔

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾

اور وہی بچاؤ ہیں آئے +

اس نصاب کا دوسرا درس "آیۂ بِرّ" ہے یعنی سورۃ البقرہ کی آیت ۱۷۷ جس سے نہ صرف یہ کہ نیکی کے ایک محدود و مذہبی تصور کی جڑ کٹ جاتی ہے اور نیکی کا ایک جامع اور مکمل تصور "اَصْلُهَا ثَابِتٌ" سے لیکر "فَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ" تک واضح ہو جاتا ہے بلکہ اس آیت کی نسبت سورۃ والعصر سے کچھ ایسی ہے جیسے ایک بند کلی تھی جو ذرا کھل گئی ہے یعنی ایمان نے بنیادی ایمانیات کی تفصیل کی صورت اختیار کر لی، عمل صالح کی تین محکم بنیادیں متعین ہو گئیں اور صبر کے مواقع کی بھی قدرے تفصیل آ گئی۔ صرف تواصی بالحق کا ذکر یہاں نہیں ہے اگرچہ تبعاً وہ بھی صبر کے ذیل میں موجود ہے۔ الغرض یہ آیت ہر اعتبار سے اس نصاب کا موزوں ترین درس ۲ ہے۔

---

# درسِ ثالث

# مقامِ عزیمت

## اور حکمتِ قرآنی کی اساسات

## سُورۂ لقمان کے دُوسرے رکوع کی روشنی میں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

اور ہم نے دی ہے

لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا

لقمان کو عقلمندی، کہ حق مان اللہ کا۔ اور جو کوئی حق مانے اللہ کا، تو

يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۱۲﴾

مانے گا اپنے بھلے کو۔ اور جو کوئی منکر ہوگا تو اللہ بے پرواہ ہے سب خوبیوں سراہا ف +

وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ

اور جب کہا لقمان نے اپنے بیٹے کو، جب اس کو سمجھانے لگا اے بیٹے شریک نہ ٹھہرائیو

بِاللّٰهِ ۭ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ

اللہ کا۔ بے شک شریک بنانا بڑی بے انصافی ہے + اور ہم نے تقید کیا انسان کو

بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰي وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ

اس کے ماں باپ کے واسطے، پیٹ میں رکھا اس کو اس کی ماں نے تھک تھک کر، اور دودھ چھڑانا ہے اس کا

فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ۭ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۱۴﴾

دو برس میں، کہ حق مان میرا، اور اپنے ماں باپ کا، آخر مجھی تک آنا ہے ف۲ +

وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰٓي اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ

اور اگر وہ دونوں تجھ سے اڑیں اس پر، کہ شریک مان میرا جو تجھ کو معلوم

عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا

نہیں، تو اُن کا کہا نہ مان، اور ساتھ دے اُن کا دنیا میں دستور سے۔

وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ

اور راہ چل اس کی، جو رجوع ہوا میری طرف۔ پھر میری طرف ہے تم کو پھر آنا،

فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ

پھر میں جتا دوں گا تم کو، جو کچھ تم کرتے تھے ف۳ + اے بیٹے! اگر کوئی چیز ہووے

مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي

برابر رائی کے دانے کے، پھر رہی ہو کسی پتھر میں یا آسمانوں میں یا زمین

السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ
ہیں، لا حاضر کرے اُس کو اللہ۔ بے شک اللہ چھپے جانتا ہے
خَبِیْرٌ ﴿۱۶﴾ یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَ
خبردار + اے بیٹے! کھڑی رکھ نماز، اور سکھلا بھلی بات، اور
انْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰی مَاۤ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ
منع کر بُرائی سے، اور سہار جو تجھ پر پڑے۔ بیشک یہ ہیں
مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۷﴾ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَ
ہمت کے کام ہیں + اور اپنے گال نہ پُھلا لوگوں کی طرف، اور
لَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ كُلَّ
مت چل زمین پر اِتراتا، بے شک اللہ کو نہیں بھاتا کوئی
مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴿۱۸﴾ وَاقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ وَاغْضُضْ
اِتراتا بڑائیاں کرتا ہے + اور چل بیچ کی چال، اور نیچی کر
مِنْ صَوْتِكَ ؕ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِیْرِ ﴿۱۹﴾
اپنی آواز، بے شک بُری سے بُری آواز گدھوں کی آواز ہے +

اس نصاب کا تیسرا درس سورۂ لقمانؑ کا رکوع ملا ہے جو پھر ایک دوسرے زاویے سے سورۂ والعصر ہی کی تفصیل ہے۔ یہاں ایمان کے ذیل میں خدا کے شکر کے التزام اور اُس کے ساتھ شرک سے اجتناب کا ذکر ہے۔ اعمالِ صالحہ میں برِّ والدین اور نماز کی تاکید کے علاوہ کبر و غرور سے روکا گیا ہے اور میانہ روی کی تعلیم دی گئی ہے۔ 'تواصی بالحق' کی ایک فرع 'امر بالمعروف اور نہی عن المنکر' پر زور ہے اور صبر کی تاکید ہے۔ گویا سورۂ والعصر کے چاروں اجزا یہاں بھی موجود ہیں۔

ان کے علاوہ یہ رکوع حکمت قرآنی کے نہایت اہم اور بنیادی اور اساسی نکات کا حامل ہے یعنی ۱۔ یہ کہ فطرت کی صحت اور سلامتی کا لازمی نتیجہ 'شکر' ہے ۲۔

حکمت کا لازمی تقاضا ہے کہ یہ جذبۂ شکر خدا کی ذات پر مرتکز ہو جائے۔ ۳۔ خدا کا شکر مستلزم ہے اجتناب ِشرک اور التزامِ توحید کو۔ ۴۔ انسان پر جو حقوق عائد ہوتے ہیں وہ سب سے پہلے خالق کے ہیں اور اس کے بعد سب سے مقدم والدین کے۔ ۵۔ اگر اِن دونوں میں ٹکراؤ ہو تو الاقدم فالاقدم کے مصداق خدا کا حق فائق رہے گا۔ ۶۔ بر ِوالدین میں ان کا اتباع لازماً شامل نہیں اتباع صرف اس کا کیا جانا چاہئے جس نے اپنا رُخ خدا کی طرف کر لیا ہو وغیرہ وغیرہ۔ (۷) نیکی اور بدی کا شعور فطرتِ انسانی میں ودیعت شدہ ہے۔

سورۂ لقمان کے رکوع دوم میں وارد شدہ الفاظ ”اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ“ کی مناسبت سے منتخب نصاب کے اس مرحلے پر ایک مفصل تقریر ”حقیقت و اقسام شرک“ کے موضوع پر کی جاتی ہے جو بالعموم دو نشستوں میں مکمل ہوتی ہے۔

---

# درسِ رابع

## حظِّ عظیم

## سورۂ حٰمٓ السجدہ کی آیات کی روشنی میں

---

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا تحقیق جنہوں نے کہا رب ہمارا اللہ

اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا

ہے، پھر اسی پر ٹھہرے رہے، ان پر اترتے ہیں فرشتے، کہ تم نہ ڈرو

وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝٣٠

نہ غم کھاؤ، اور خوشی سنو اس بہشت کی، جس کا تم کو وعدہ تھا +

نَحْنُ اَوْلِیٰٓؤُكُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَةِ ۚ وَ

ہم ہیں تمہارے رفیق، دنیا میں اور آخرت میں۔ اور

لَكُمْ فِیْهَا مَا تَشْتَهِیْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِیْهَا مَا

تم کو وہاں ہے جو چاہے جی تمہارا، اور تم کو وہاں ہے جو

تَدَّعُوْنَ ۝٣١ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِیْمٍ ۝٣٢ وَمَنْ اَحْسَنُ

منگواؤ + مہمانی ہے اس بخشنے والے مہربان سے ف۱ اور اس سے بہتر کس کی بات؟

قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ

جس نے بلایا اللہ کی طرف، اور کیا نیک کام، اور کہا

اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝٣٣ وَلَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَ

میں حکم بردار ہوں + اور برابر نہیں نیکی

لَا السَّیِّئَةُ ؕ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ

نہ بدی۔ جواب میں تو کہہ اس سے بہتر، پھر جو تو دیکھے،

بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ ۝٣٤ وَمَا

تو جس میں تجھ میں دشمنی تھی، جیسے دوست دار ہے ناتے والا ف۲ + اور یہ

یُلَقّٰهَآ اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا یُلَقّٰهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ

بات ملتی ہے انہیں کو، جو سہار رکھتے ہیں۔ اور یہ بات ملتی ہے اس کو جس کی بڑی

عَظِیْمٍ ۝٣٥ وَاِمَّا یَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ

قسمت ہے ف۳ + اور کبھی چوک لگے تجھ کو شیطان کے چوکنے سے تو پناہ پکڑ

بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝٣٦

اللہ کی۔ بے شک وہی ہے سنتا جانتا

چوتھا درس سورۂ حٰمٓ السجدہ کی آیات ۳۰ تا ۳۶ پر مشتمل ہے اور یہ بھی سورۂ والعصر کے چاروں اجزا پر جامعیت کے ساتھ محیط ہے۔ اس فرق کے ساتھ کہ سورۂ والعصر میں ان چاروں اجزاء کی ابتدائی اور کم از کم ناگزیر اساسات کا ذکر ہے اور یہاں ان ہی کے بلند ترین مقامات کا تذکرہ ہے چنانچہ ایمان کا لب لباب یہ ہے کہ انسان اللہ کی ربوبیت پر مطمئن ہو جائے۔ تواصی بالحق کی بلند ترین منزل دعوت الی اللہ ہے اور صبر کا بلند ترین مقام یہ ہے کہ انسان بدی کو جھیلے ہی نہیں بلکہ اس کا جواب نیکی سے دے۔ رہا عمل صالح تو یہ بجائے خود ایک ایسی جامع اصطلاح ہے جو بیک وقت اصول و فروع اور جڑ اور چوٹی سب پر حاوی ہے۔ ــــــــــ گویا کہ یہ مقام ع "کہ عنقا را بلند است آشیانہ" کی تفسیر اور انسانیت کے بلند ترین مراتب یا "حظ عظیم" کی تفصیل ہے یا بالفاظ دیگر یوں کہہ لیا جائے کہ سورۂ والعصر نے جس راہ کے ابتدائی مراحل کا ذکر کیا ہے اس مقام پر اُس کی انتہائی منزلیں واضح کر دی گئیں۔

---

متذکرہ بالا چاروں درس جامع تھے، یعنی ان سب میں نجات کے چاروں لوازم کا ذکر موجود ہے۔ آگے اسباق میں ان میں سے ایک ایک جزو کو لے کر ان کی تشریح و تفصیل کی کوشش کی گئی ہے۔ چنانچہ پانچ مقامات ایمان کے ذیل میں ہیں۔ چھ مقامات عمل صالح کی تفصیل پر مشتمل ہیں۔ چار مقامات تواصی بالحق کے ذیل میں ہیں اور چھ مقامات تواصی بالصبر کے سلسلے میں ہیں اور آخر میں ایک جامع سورت کے درس پر اس نصاب کا اختتام ہوتا ہے جس سے گویا ایک بار پھر پورے سبق کی دہرائی ہو جاتی ہے۔ ان مقامات میں سے کچھ مختصر ہیں جنہیں ایک نشست میں بیان کیا جا سکتا ہے اور کچھ طویل ہیں جن کے لئے ایک سے زائد درس درکار ہوں گے۔ لہذا آئندہ درسوں کا نمبر متعین نہیں رہے گا یہ تعداد مختلف احوال و مقامات کی مناسبت سے تبدیل ہوتی رہے گی۔

حصّہ دُوم

# مباحثِ

# ایمان

- سُورۂ فاتحہ
- سُورۂ آلِ عمران
  (آیات ۱۹۰ تا ۱۹۶)
- سُورۂ نور
  (پانچواں رکوع)
- سُورۂ تغابن
- سُورۂ قیامہ

# سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سَبْعُ اٰيَاتٍ

سورۂ فاتحہ مکی ہے اور اس میں سات آیتیں ہیں +

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱ الرَّحْمٰنِ

سب تعریف اللہ کو ہے، جو صاحب سارے جہان کا + بہت مہربان

الرَّحِيْمِ ۝۲ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝۳ اِيَّاكَ

نہایت رحم والا + مالک انصاف کے دن کا + تجھی کو ہم

نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝۴ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

بندگی کریں، اور تجھی سے ہم مدد چاہیں + چلا ہم کو راہ

الْمُسْتَقِيْمَ ۝۵ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ

سیدھی + راہ اُن لوگوں کی، جن پر تو نے فضل کیا،

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝۷ ع

نہ وہ جن پر غصہ ہوا، اور نہ بہکنے والے وہ +

# درسِ اوّل

# قرآن کے فلسفہ وحکمت کی اساسِ کامل

# سُورۂ فاتحہ

*****

ایمان کے مباحث میں پہلا درس سورۂ فاتحہ پر مشتمل ہے جو گویا قرآن کے فلسفہ وحکمت کے خلاصے کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہی سبب ہے کہ اسے "اساس القرآن" بھی کہا گیا اور "اُمّ القرآن" بھی۔ اِس سورۂ مبارکہ سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ جہاں تک ایمان باللہ یا توحید اور ایمان بالآخرت یا معاد کا تعلق ہے ان تک تو ایک سلیم الفطرت اور سلیم العقل انسان عقل وفطرت کی رہنمائی میں از خود بھی رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ جس کے نتیجے میں ایک بے پناہ جذبہ عبادت واستعانت اس کے اندر اُبھرتا ہے لیکن جہاں تک "صراطِ مستقیم" یعنی زندگی بسر کرنے کے معتدل اور متوازن طریقے کا معاملہ ہے وہاں انسانی عقل بالکل بے بس ہے اور انسان کے لئے اس کے سوا اور کوئی چارہ نہیں ہے کہ وہ گھٹنے ٹیک کر اللہ سے ہدایت کی درخواست کرے — اور اصلاً یہی ایمان بالرّسالت کی عقلی بنیاد ہے!!

# درسِ ثانی

# اُولوالالباب کے ایمان کی کیفیّت

## سورۂ آلِ عمران کے آخری رکوع کی روشنی میں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اِنَّ فِیۡ

شروع اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان نہایت رحم والا آسمان اور

خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافِ الَّيۡلِ وَ

زمین کا بنانا، رات اور دن کا بدلتے

النَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى الۡاَلۡبَابِ ﴿۱۹۰﴾ الَّذِيۡنَ يَذۡكُرُوۡنَ

آنا، اس میں نشانیاں ہیں عقل والوں کو ؎ وہ جو یاد کرتے ہیں

اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوۡدًا وَّعَلٰى جُنُوۡبِهِمۡ وَيَتَفَكَّرُوۡنَ فِىۡ

اللہ کو، کھڑے اور بیٹھے اور کروٹ پر لیٹے، اور دھیان کرتے ہیں

خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ‌ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ هٰذَا

آسمان اور زمین کی پیدائش میں۔ اے رب ہمارے! تونے یہ عبث

بَاطِلًا ۚ سُبۡحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَاۤ اِنَّكَ

نہیں بنایا۔ تو پاک ہے عیب سے، سو ہم کو بچا دوزخ کے عذاب سے ؎ اے رب

مَنۡ تُدۡخِلِ النَّارَ فَقَدۡ اَخۡزَيۡتَهٗ‌ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيۡنَ

ہمارے! جس کو تونے دوزخ میں ڈالا، سو اس کو رسوا کیا۔ اور گنہگاروں کا کوئی

مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ

نہیں مددگار + اے رب ہمارے ہم نے سنا، کہ ایک پکارنے والا پکارتا ہے

لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

ایمان لانے کو، کہ ایمان لاؤ اپنے رب پر، سو ہم ایمان لائے اے رب ہمارے! اب بخش

ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ ج

گناہ ہمارے، اور اتار ہماری برائیاں، اور موت دے ہم کو نیک لوگوں کے ساتھ +

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ

اے رب ہمارے! اور دے ہم کو جو وعدہ دیا تو نے اپنے رسولوں کے ہاتھ، اور رسوا نہ کر ہم کو

الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ فَاسْتَجَابَ

قیامت کے دن۔ تحقیق تو خلاف نہیں کرتا وعدہ + پھر قبول کی

لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ

اُن کی دعا، ان کے رب نے کہ میں ضائع نہیں کرتا محنت کسی محنت کرنیوالے کی تم میں

ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْ ۢ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ

سے مرد یا عورت۔ تم آپس میں ایک ہو۔ پھر جو لوگ

هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ

وطن سے چھوٹے، اور نکالے گئے اپنے گھروں سے، اور ستائے گئے

سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ

میری راہ میں، اور لڑے اور مارے گئے ہیں، اتاروں گا اُن سے برائیاں ان کی،

وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ

اور داخل کروں گا باغوں میں، جن کے نیچے بہتی ندیاں۔

ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ
بدلا اللہ کے ہاں سے۔ اور اللہ ہی کے ہاں ہے اچھا

الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾
بدلا

ایمان کے ذیل میں دوسرا درس سورۂ آلِ عمران کے آخری رکوع کی آیات ۱۹۰ تا ۱۹۵ پر مشتمل ہے۔

یہ آیاتِ مبارکہ ایمان کے سلسلے میں قرآن حکیم کے سادہ اور فطری استدلال کو انتہائی اختصار اور جامعیت کے ساتھ پیش کرتی ہیں۔ گویا ان سے اس امر پہ روشنی پڑتی ہے کہ ایک صحیح العقل اور سلیم الفطرت انسان کس طرح اوّلاً آفاق و انفس میں غور و فکر کے نتیجے میں خدا کے وجود، اس کی توحید اور اس کی صفاتِ کمال کا علم حاصل کرتا ہے یا بالفاظِ دیگر ایمان باللہ تک رسائی حاصل کرتا ہے۔ پھر[1] کس طرح وہ خدا کی یاد کے التزام کے ساتھ مزید غور و فکر سے ایمان باللہ کی ایک فرع ہی کی حیثیت سے معاد و آخرت پر ایمان لاتا ہے ——— اور پھر جب انہی دو اساسی امور پر مشتمل کسی نبی کی دعوت اس کے کانوں میں پڑتی ہے تو کس طرح والہانہ اس پر لبیک کہتا ہے۔ اس طرح ان آیات سے گویا "ایمان عقلی" اور "ایمان سمعی" کا باہمی ربط بھی واضح ہو جاتا ہے اور فی الجملہ ایمان کی عقلی و منطقی ترکیب (SYNTHESIS) پر بھی روشنی پڑ جاتی ہے۔

---

[1] بقول علامہ اقبال مرحوم

جز بہ قرآں ضیغمی روباہی است ——— فقرِ قرآں اصلِ شاہنشاہی است
فقرِ قرآں چیست اختلاطِ ذکر و فکر ——— فکر را کامل نہ دیدم جز بہ ذکر

اور بقول رومی :-

ایں قدر گفتیم باقی فکر کن ——— فکر اگر جامد بود، رو ذکر کن
ذکر آرد فکر را در اہتزاز ——— ذکر را خورشید ایں افسردہ ساز

آخر میں اس ایمان سے اُس صحیح الفطرت انسان کی زندگی میں جو انقلاب آتا ہے اور حق کے لئے وہ جس ایثار و قربانی، صبر و ضبط اور ثبات و استقامت کا مظاہرہ کرتا ہے اس کا ذکر ہے اور اس کی ان جانبازیوں اور سرفروشیوں پر اللہ تعالےٰ کی جانب سے انتہائی تاکیدی انداز میں اجر و ثواب کا وعدہ اور پختہ یقین دہانی ہے۔

ایمان کی متذکرہ بالا تین کڑیوں میں سے پہلی یعنی ؎

برگِ درختانِ سبز در نظر ہوشیار
ہر ورقے دفتریست معرفتِ کردگار

کے مصداق کائنات میں ہر چہار طرف پھیلی ہوئی آیات الٰہی پر غور و فکر سے اصحاب عقل و دانش کے خدا کو پہچاننے اور اس کی توحید اور صفاتِ کمال کا علم حاصل کرنے یا بالفاظِ دیگر اس پر ایمان لانے کی مزید وضاحت کے ضمن میں سورۃ بقرہ کی آیات ۱۶۴ اور ۱۶۵ سے مدد لی جاتی ہے۔ جن سے مزید ایک اور حقیقت بھی واضح ہو جاتی ہے یعنی یہ کہ معرفت خداوندی کا اصل ثمرہ یہ ہے کہ انسان خدا کی محبت سے اس درجہ سرشار ہو جائے کہ بقیہ تمام محبتیں اس کی محبت کے تابع ہو جائیں۔

اسی طرح ایمان کے سلسلۃ الذھب کی دوسری کڑی یعنی تخلیق کائنات میں حکمت خداوندی کی کارفرمائی اور ہر چیز کی بامقصدیت (PURPOSEFU LNESS) کے مشاہدے سے جزا و سزا پر استدلال اور ایمان بالآخرت تک رسائی کی مزید وضاحت کے لئے سورۃ مومنون کی آیات ۱۱۵، ۱۱۶ سے استشہاد کیا جاتا ہے اور اس طرح "ایمان عقل" کے دونوں اجزاء کی مزید وضاحت بھی ہو جاتی ہے اور ساتھ ہی "القرآن یفسر بعضہ بعضا" کی حقیقت بھی منکشف ہو جاتی ہے۔

# درسِ ثالث

# نورِ ایمانی کے اجزائے ترکیبی

## نورِ فطرت — اور — نورِ وحی

سُورۂ نور (رکوع ۵) کی روشنی میں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ اَللّٰہُ نُوۡرُ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا  اللہ  روشنی  ہے

السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ مَثَلُ نُوۡرِہٖ کَمِشۡکٰوۃٍ فِیۡہَا

آسمانوں کی  اور  زمین کی،  کہاوت  اُس کی  روشنی کی، جیسے ایک طاق اس

مِصۡبَاحٌ ؕ اَلۡمِصۡبَاحُ فِیۡ زُجَاجَۃٍ ؕ اَلزُّجَاجَۃُ کَاَنَّہَا

میں  ایک چراغ —  چراغ دھرا  ایک شیشہ میں —  شیشہ  جیسے  ایک تارا

کَوۡکَبٌ دُرِّیٌّ یُّوۡقَدُ مِنۡ شَجَرَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ زَیۡتُوۡنَۃٍ

ہے جھمکتا،  تیل جلتا ہے  اس میں  ایک درخت برکت کے سے، وہ زیتون ہے،

لَّا شَرۡقِیَّۃٍ وَّ لَا غَرۡبِیَّۃٍ ۙ یَّکَادُ زَیۡتُہَا یُضِیۡٓءُ وَ

نہ سورج نکلنے کی طرف  نہ ڈوبنے کی طرف،  لگتا ہے اُس کا تیل کہ سلگ اٹھے ابھی

لَوۡ لَمۡ تَمۡسَسۡہُ نَارٌ ؕ نُوۡرٌ عَلٰی نُوۡرٍ ؕ یَہۡدِی اللّٰہُ

نہ لگی ہو اس کو آگ —  روشنی  پر  روشنی —  اللہ  راہ  دیتا ہے

لِنُوۡرِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَ یَضۡرِبُ اللّٰہُ الۡاَمۡثَالَ لِلنَّاسِ ؕ

اپنی روشنی کی جس کو چاہے —  اور بتاتا ہے  اللہ  کہاوتیں  لوگوں  کو —

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ

اور اللہ سب چیز جانتا ہے ف۲ + ان گھروں میں کہ اللہ نے حکم دیا ان کو

تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ

بلند کرنے کا، اور وہاں اُس کا نام پڑھنے کا، یاد کرتے ہیں اس کی وہاں صبح

وَالْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا

اور شام + وہ مرد کہ نہیں غافل ہوتے سودا کرنے میں نہ

بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۪ۙ

بیچنے میں اللہ کی یاد سے، اور نماز کھڑی کرنے سے، اور زکوٰۃ دینے سے،

يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾ ۙ

ڈر رکھتے ہیں اُس دن کا، جس میں اُلٹے جاویں گے دل اور آنکھیں۔

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ

کہ بدلا دے ان کو اللہ اُن کے بہتر سے بہتر کاموں کا، اور بڑھتی دے اُن کو

فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾

اپنے فضل سے۔ اور اللہ روزی دیتا ہے جس کو چاہے بے شمار ف۱ +

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ ۭ بِقِيْعَةٍ

اور جو لوگ منکر ہیں، اُن کے کام جیسے ریت جنگل میں،

يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ

پیاسا جانے اس کو پانی، یہاں تک کہ جب پہنچا اُس پر اُس کو کچھ نہ

شَيْـــًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ۭ وَاللّٰهُ

پایا، اور اللہ کو پایا اپنے پاس، پھر اس کو پورا پہنچا دیا اُس کا لکھا۔ اور اللہ

سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿٣٩﴾ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ

جلد لینے والا ہے حساب وٹ + یا جیسے اندھیرے گہرے دریا میں چڑھی آتی

يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ

ہے اُس پر ایک لہر اس پر ایک لہر اُس کے اوپر ایک بدلی۔

ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ يَدَهٗ

اندھیرے ہیں ایک پر ایک۔ جب نکالے اپنا ہاتھ

لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا

لگتا نہیں کہ اس کو سُوجھے۔ اور جس کو اللہ نے نہ دی روشنی اس کو

لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿٤٠﴾

کہیں نہیں روشنی +

ایمان کے ذیل میں تیسرا درس سورۂ نور کے رکوع ۵ پر مشتمل ہے جس کی آیت ۳۵ میں ایک حد درجہ بلیغ تمثیل کے پیرائے میں 'نورِ ایمان کی حقیقت' سمجھائی گئی ہے اور اس کے اجزائے ترکیبی کو واضح کیا گیا ہے۔ یعنی یہ کہ یہ دو اجزا سے مرکب ہے: ایک نورِ فطرت جس کی مثال اُس صاف شفاف تیل کی سی ہے جو گویا کہ منتظر ہوتا ہے کہ جونہی آگ اس کے قریب آئے وہ فوراً بھڑک اُٹھے اور دوسرے نورِ وحی جس کی مثال اس آگ کی سی ہے جو فطرت کے صاف روغن کو فوراً مشتعل کر دیتی ہے ——— یہ تمثیل اگرچہ کاملاً تو صرف صدیقین کے ایمان ہی پر چسپاں ہوتی ہے چونکہ اُن ہی کی فطرت کا روغن اتنا شفاف ہوتا ہے کہ وہ نبی کی دعوت پر بغیر کوئی دلیل طلب کئے فوراً ایمان لے آتے ہیں تاہم اس سے اس بنیادی حقیقت پر بھی روشنی پڑتی ہے کہ جس طرح بصارتِ ظاہری کے لئے بھی خارج میں روشنی اور آنکھوں میں بینائی دونوں کا ہونا لازم ہے اسی طرح اس بصیرتِ باطنی کے لئے بھی کہ جس کا نام ایمان ہے یہ دونوں چیزیں لازم ہیں کہ خارج میں نورِ وحی و رسالت بھی موجود ہو اور انسان کے باطن میں اس کی فطرت کا نور بھی بالکل بجھ نہ چکا ہو ——— اس طرح یہ تمثیل سلسلۂ ایمان کی تیسری کڑی یعنی "ایمان

بالرّسالت، کی حقیقت کو مزید واضح کر دیتی ہے۔

آیات ۱۳۶ تا ۱۳۸ میں ان سلیم الفطرت انسانوں کی زندگیوں کی ایک دوسری جھلک دکھائی گئی ہے جو نورِ ایمان سے کما حقہٗ بہرہ ور ہوتے ہیں یعنی مساجد کے ساتھ ان کی محبت، ذکرِ الٰہی کے ساتھ اُن کا اُنس اور اس کے لئے اُن کا ذوق و شوق اور اس پر اُن کا دوام، صلوٰۃ و زکوٰۃ کا التزام اور ان سب کے بعد بھی خشیتِ الٰہی کا غلبہ اور حساب و کتاب اور جزا و سزا کے خیال سے لرزہ براندام رہنا۔

اس مقام پر اس حقیقت کی طرف خاص طور پر توجہ دلائی جاتی ہے کہ ، مردِ مؤمن ، کی زندگی کی تصویر کا ایک رُخ تو وہ ہے جو سورۂ آلِ عمران کی آیت ۱۹۵ میں بیان ہوا ہے اور دوسرا رُخ یہ ہے جو یہاں سورہ نور کی آیات ۱۳۶ تا ۱۳۸ میں دکھایا گیا ہے اور مکمل تصویر ان دونوں کے امتزاج ہی سے بنتی ہے۔ ایک نقشہ عشق و محبت ، ذوق و شوق اور عبادت و ریاضت کا ہے اور دوسرا نقشہ سعی و جہد ، مصابرت و مقاومت اور جہاد و قتال کا - اور بات تبھی بنتی ہے جب یہ دونوں پہلو موجود ہوں - یعنی وہی بات جو دشمنوں نے ان الفاظ میں بیان کی تھی کہ ” ھُمْ بِاللَّیْلِ رُھْبَانٌ وَّ بِالنَّھَارِ فُرْسَانٌ ، ( یہ لوگ تو رات کے راہب ہیں اور دن کے شہسوار ! )

اس رکوع کی بقیہ آیات میں دو تمثیلوں کے پیرائے میں ایک تو ” نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ ،، کے بالکل برعکس ” ظُلُمٰتٌ بَعْضُھَا فَوْقَ بَعْضٍ ،، کا نقشہ کھینچا گیا ہے اور یہ اُن لوگوں کی مثال ہے جو ایک طرف تو نورِ وحی و نبوت سے بالکل محروم رہے اور دوسری طرف اُن کا نورِ فطرت بھی بالکل بجھ چکا ، چنانچہ اب اُن کے پاس نہ تو نورِ ایمان کی کوئی جھلک ہے نہ کسی نیکی یا بھلائی کی کوئی روشنی ، حتیٰ کہ اُن کی زندگی ریاکارانہ نیکی کی ملمع سازی والی جھوٹی چمک سے بھی بالکل خالی نظر آتی ہے —— اور دوسرے ایک درمیانی کردار کی نقشہ کشی کی گئی ہے جن کے پاس ایمان ہے تو صرف زبانی اقرار اور دعویٰ کی حد تک ، قلب کی تصدیق سے بالکل تہی دست ، اور اگر کوئی نیکی یا صدقہ و خیرات ہے تو محض ریا و سمعہ کی خاطر ، خلوص اور اخلاص سے بالکل خالی ، ان کی مثال اس پیاسے کی سی ہے جو سراب کو پانی سمجھ کر اس کے پیچھے دوڑتا ہے - اور آخر کار تباہی و ہلاکت سے دوچار ہو کر رہتا ہے -

## درسِ رابع

# ایمان اور اس کے ثمرات ومضمرات

## سورۂ تغابن کی روشنی میں

سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ تغابن مدنی ہے، اور اس میں اٹھارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں +

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا +

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ

پاکی بولتا ہے اللہ کی، جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں، اسی کا

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۫ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝١

راج ہے، اور اسی کو تعریف ہے۔ اور وہ ہر چیز کر سکتا ہے +

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ

وہی ہے، جس نے تم کو بنایا، پھر کوئی تم میں منکر ہے، اور کوئی تم میں ایمان دار۔

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝٢ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

اور اللہ جو کرتے ہو دیکھتا ہے + بنائے آسمان اور

الْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَ

زمین تدبیر سے، اور صورت کھینچی تمہاری، پھر اچھی بنائی تمہاری صورت۔ اور

اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝٣ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اسی کی طرف پھر جانا ہے ف۱ + جانتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں،

وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

اور جانتا ہے جو چھپاتے ہو اور جو کھولتے ہو۔ اور اللہ کو معلوم ہے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۴﴾ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

جیوں کی بات + کیا پہنچا نہیں تم کو احوال ان لوگوں کا؟ جو منکر ہو چکے ہیں

مِنْ قَبْلُ ؗ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ

پہلے۔ پھر چکھی سزا اپنے کام کی، اور ان کو دکھ کی

اَلِيْمٌ ﴿۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ

مار ہے + یہ اس پر کہ لاتے تھے ان پاس ان کے رسول

بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ؗ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا

نشانیاں، پھر کہتے، کیا آدمی ہم کو راہ سوجھاویں گے؟ پھر منکر ہوئے اور منہ موڑا،

وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۶﴾ زَعَمَ

اور اللہ نے بے پروائی کی۔ اور اللہ بے پرواہ ہے سب خوبیوں سراہا + دعوے کرتے ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ

منکر کہ ہرگز ان کو اٹھانا نہیں۔ تو کہہ کیوں نہیں! قسم ہے میرے رب کی!

لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ وَذٰلِكَ عَلَى

تم کو بے شک اٹھانا ہے، پھر تم کو جتانا ہے جو تم نے کیا، اور یہ

اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۷﴾ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ

اللہ پر آسان ہے + سو ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر، اور اس نور پر جو

اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۸﴾ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ

ہم نے اتارا۔ اور اللہ کو تمہارے کام کی خبر ہے + جس دن تم کو اکٹھا کرے گا

الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَ

جمع ہونے کے دن، وہ دن ہے ہار جیت کا۔ اور جو کوئی یقین لاوے اللہ پر، اور

يَّعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ

کرے کام بھلا، اتارے اس سے اس کی برائیاں، اور داخل کرے اس کو باغوں میں،

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ

جن کے نیچے بہتی ندیاں، رہا کریں ان میں ہمیشہ۔

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۹﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا

یہی ہے بڑی مراد ملنی + اور جو منکر ہوئے، اور جھٹلائیں

بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَ

ہماری آیتیں، وہ ہیں دوزخ والے، رہا کریں اس میں۔ اور

بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۰﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا

بری جگہ پہنچے ف + نہیں پڑتی کوئی تکلیف بن

بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ

حکم اللہ کے۔ اور جو کوئی یقین لائے اللہ پر، راہ بتاوے اس کے دل کو، اور اللہ کو

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا

ہر چیز معلوم ہے ف۲ + اور حکم مانو اللہ کا، اور حکم مانو

الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ

رسول کا۔ پھر اگر تم منہ موڑو، تو ہمارے رسول کا کام یہی ہے پہنچا دینا

الْمُبِيْنُ ﴿۱۲﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

کھول کر۔ اللہ اس بن کسی کی بندگی نہیں۔ اور اللہ پر چاہیے بھروسا کریں

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ

ایمان والے + اے ایمان والو! بعضی تمہاری

اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَ

جوروئیں اور اولاد دشمن ہیں تمہارے، سو ان سے بچتے رہو۔ اور

إِنْ تَعْفُوا وَتَصْفَحُوا وَتَغْفِرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ

اگر معاف کرو اور درگذر کرو اور بخشو، تو اللہ ہے بخشنے والا

رَحِيمٌ ﴿١٤﴾ إِنَّمَآ أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۚ وَاللَّهُ

مہربان ف + تمہارے مال اور اولاد یہی ہیں جانچنے کو۔ اور اللہ

عِنْدَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ ﴿١٥﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ

جو ہے اس کے پاس سے نیگ بڑا + سو ڈرو اللہ سے جہاں تک سکو،

وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَأَنْفِقُوا خَيْرًا لِأَنْفُسِكُمْ ۗ

اور سنو اور مانو، اور خرچ کرو اپنے بھلے کو۔

وَمَنْ يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿١٦﴾

اور جس کو بچادیا اپنے جی کے لالچ سے، سو وہ لوگ وہی مراد کو پہنچے +

إِنْ تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعِفْهُ لَكُمْ وَ

اگر قرض دو اللہ کو اچھی طرح قرض دینا، وہ دونا کر دے تم کو، اور

يَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ ﴿١٧﴾ عَالِمُ الْغَيْبِ

تم کو بخشے۔ اور اللہ قدردان ہے تحمل والا۔ جاننے والا چھپے

وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿١٨﴾

اور کھلے کا، زبردست حکمت والا +

---

ایمان کی بحث کے ذیل میں چوتھے نمبر پر سورۃ تغابن پڑھی جاتی ہے جو عموماً دو نشستوں ہی میں پڑھی جاسکتی ہے۔ ایک میں اس کا رکوع اوّل اور دوسری میں رکوع ثانی۔ اس سورت کے مضامین کی ترتیب اس اعتبار سے بڑی عجیب ہے کہ اس کے رکوع اوّل میں ایمان کے تینوں اجزاء کو صرف بیان (NARRATE) کر دیا گیا ہے۔ استدلال کا پہلو یہاں بھی اگرچہ موجود ہے تاہم بہت خفی اور دوسرے رکوع میں ایمان کے بعض مضمرات اور مقدرات کو بھی کھول دیا گیا ہے اور اس کے اہم ثمرات کی وضاحت

بھی کر دی گئی ہے ۔

چنانچہ رکوع اوّل میں سب سے پہلے خدا کی ہستی، اس کی توحید اور اس کی صفاتِ کمال پر آیاتِ آفاقی کی شہادت کو اس پیرائے میں بیان کیا گیا ہے کہ آسمان و زمین میں جو کچھ ہے، اللہ کی تسبیح کر رہا ہے اور پھر اُس کے مرتبہ و مقام اور اس کی بعض صفاتِ کمال خصوصاً قدرت اور علم کا بیان ہے ـــــــ پھر رسالت کے ذیل میں رسولوں کی تکذیب کرنے والی قوموں کے عذابِ الٰہی سے ہلاک ہونے کا بیان بھی ہے اور رسالت کے باب میں ان کی اس اصل گمراہی کا ذکر بھی کر دیا گیا ہے کہ انہوں نے بشریّت اور نبوّت و رسالت کو ایک دوسرے کی ضد خیال کیا[1] ـــــــ اس کے بعد منکرینِ بعث بعد الموت کی شدّت کے ساتھ تردید اور قیامِ قیامت اور حشر و نشر اور جزا و سزا کا بیان اور اس حقیقت کا اظہار ہے کہ اصل ہار جیت اور کامیابی و ناکامی کا فیصلہ قیامت کے دن ہو گا ـــــــ اور آخر میں اللہ، رسول، کتاب اور آخرت پر ایمان کی پر زور دعوت ہے ۔

دوسرے رکوع میں، جیسا کہ اُوپر عرض کیا گیا ایمان کے مضمرات اور ثمرات بیان ہے یعنی :

۱ ۔ تسلیم و رضا (۲) اطاعت و انقیاد، ۳ ۔ توکّل و اعتماد، ۴ ۔ علائقِ دنیوی کی فطری محبت کے پردے میں انسان کے دین و ایمان اور آخرت و عاقبت کے لئے جو بالقوہ (POTENTIAL) خطرہ مضمر ہے اس سے متنبّہ اور چوکس و چوکنا رہنا ۔ البتہ یہ بھی نہ ہو کہ انسان گھر کو میدانِ جنگ ہی بنا ڈالے ۔ اس کے برعکس بہتر ہے کہ عفو و درگزر کی روش اختیار کی جائے (۵) تقویٰ، ۶ ۔ سمع و طاعت اور ۷ ۔ انفاق فی سبیل اللہ جس کی اہمیّت پر سب سے زیادہ زور دیا گیا ہے ۔

---

[1] اس مقام پر راقم اس حقیقت کو وضاحت سے بیان کیا کرتا ہے کہ اصل مرض ایک ہی ہے یعنی بشریّت اور نبوت و رسالت کا ایک دوسرے سے استبعاد جس کا ظہور ایک شکل میں اس طرح ہوتا ہے کہ لوگ اس بنا پر رسول کی رسالت کا انکار کر دیتے ہیں کہ یہ تو بشر ہیں نبی یا رسول کیسے ہو سکتے ہیں ۔ اور دوسری طرف اسی مرض کا ظہور اس شکل میں ہوتا ہے کہ نبوّت اور رسالت کا اقرار کر لینے والے نبی یا رسول کی بشریّت کا انکار کر بیٹھتے ہیں اور خود اُن کو ماورا البشر قرار دے کر اُلوہیت کے مقام پر لا بٹھاتے ہیں ۔

اس طرح یہ سورت ایمان کے بیان میں نہایت جامع ہے کہ اس کے اجزائے ثلاثہ کی تفصیل بھی اس میں آگئی اور اس سے انسان کے نقطۂ نظر، طرزِ فکر اور ذہنی روش میں جو تبدیلیاں آنی چاہئیں اور اس کے طرزِ عمل اور معاملاتِ دنیوی میں اس کے عملی رویّے میں جو انقلاب برپا ہو جانا چاہیئے۔ اس کا بیان بھی ہو گیا۔ اس سورت کا دوسرا رکوع ایک کسوٹی ہے جس پر ہر انسان اپنے ایمان کو پرکھ کر دیکھ سکتا ہے کہ واقعۃً ایمان موجود ہے یا نہیں اور ہے تو کتنا اور کیسا؟

---

# درسِ خامس

# اثباتِ آخرت کے لئے قرآن کا استدلال

## سورۂ قیامہ کی روشنی میں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان نہایت رحم والا +

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ① وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ

قسم کھاتا ہوں قیامت کے دن کی۔ اور قسم کھاتا ہوں جی کی،

اللَّوَّامَةِ ② اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ

جو الاہنا دیتا ہے ف + کیا خیال رکھتا ہے آدمی کہ جمع نہ کریں گے ہم

عِظَامَهٗ ③ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ④

اس کی ہڈیاں؟ کیوں نہیں سکتے ہیں ہم کہ ٹھیک کر دیں اس کی پوریاں +

بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ⑤ يَسْـَٔلُ اَيَّانَ

بلکہ چاہتا آدمی کہ ڈھٹائی کرے اس کے سامنے پوچھتا ہے کہ کب ہے

يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ﴿٦﴾ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ﴿٧﴾ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ﴿٨﴾

دن قیامت کا؟ پھر جب چوندھیانے لگے تیور۔ اور گہنا جاوے چاند۔

وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ﴿٩﴾ يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ

اور اکٹھے ہوں سورج اور چاند ف۲۔ کہے گا آدمی

يَوْمَئِذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ﴿١٠﴾ كَلَّا لَا وَزَرَ ﴿١١﴾ اِلٰى رَبِّكَ

اس دن، کہاں جاؤں بھاگ کر؟ کوئی نہیں کہیں نہیں ہے بچاؤ۔ تیرے رب تک

يَوْمَئِذِ نِ الْمُسْتَقَرُّ ﴿١٢﴾ يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ

اس دن جا ٹھہرنا + جتادیں گے انسان کو اس دن،

بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ﴿١٣﴾ بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ

جو آگے بھیجا اور پیچھے چھوڑا + بلکہ آدمی اپنے واسطے آپ

بَصِيْرَةٌ ﴿١٤﴾ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ﴿١٥﴾ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ

سوجھ ہے۔ اور پڑا لا ڈالے اپنے بہانے ف۳+ نہ چلا تو اس کے پڑھنے پر

لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ﴿١٦﴾ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَ

اپنی زبان کہ شتاب اس کو سیکھ لے + وہ تو ہمارا ذمہ ہے اس کو سمیٹ رکھنا،

قُرْاٰنَهٗ ﴿١٧﴾ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ﴿١٨﴾ ثُمَّ اِنَّ

اور پڑھنا + پھر جب ہم پڑھنے لگیں، تو ساتھ رہ اس کے پڑھنے کے + پھر مقرر

عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿١٩﴾ كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ﴿٢٠﴾

ہمارا ذمہ ہے اس کو کھول بتانا ف۱+ کوئی نہیں پر تم چاہتے ہو شتاب ملتی۔

وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿٢١﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿٢٢﴾

اور چھوڑتے ہو دیر آتی + کتنے منہ اس دن تازے ہیں۔

اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿٢٣﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ﴿٢٤﴾

اپنے رب کی طرف دیکھتے ف۲+ اور کتنے منہ اس دن اداس ہیں۔

تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿۲۵﴾ كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ

خیال میں ہیں، کہ ان پر وہ ہووے جس سے کمر ٹوٹے + کوئی نہیں جس وقت جان پہنچی

التَّرَاقِيَ ﴿۲۶﴾ وَقِيْلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ﴿۲۷﴾ وَّظَنَّ اَنَّهُ

ہانس تک۔ اور لوگ کہیں کون ہے جھاڑنے والا ؟ اور وہ اٹکلا کہ اب آیا

الْفِرَاقُ ﴿۲۸﴾ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿۲۹﴾ اِلٰى

چھوٹنا۔ اور لپٹ گئی پنڈلی پر پنڈلی۔ تیرے

رَبِّكَ يَوْمَئِذِ نِ الْمَسَاقُ ﴿۳۰﴾ فَلَا صَدَّقَ وَلَا

رب کی طرف ہے اس دن کھنچ جانا + پھر نہ یقین لایا ہے، نہ

صَلّٰى ﴿۳۱﴾ وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۳۲﴾ ثُمَّ ذَهَبَ

نماز پڑھی۔ پر جھٹلایا ہے، اور منہ موڑا۔ پھر گیا

اِلٰى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ﴿۳۳﴾ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۴﴾ ثُمَّ اَوْلٰى

اپنے گھر کو اکڑتا + خرابی تیری خرابی پر خرابی تیری ! پھر خرابی

لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۵﴾ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ﴿۳۶﴾

تیری! خرابی پر خرابی تیری + کیا خیال رکھتا ہے آدمی کہ چھوٹا رہے گا بے قید +

اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ﴿۳۷﴾ ثُمَّ كَانَ

بھلا نہ تھا ایک بوند منی کی، جو ٹپکے۔ پھر تھا

عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۳۸﴾ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ

لہو کی پھٹکی، پھر اس نے بنایا، اور ٹھیک کر اٹھایا۔ پھر کیا اس میں جوڑا،

الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۳۹﴾ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى

نر اور مادہ + کیا ایسا شخص نہیں سکتا ؟

اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿۴۰﴾

کہ جلاوے مردے +

متذکرہ بالا چار مقامات کے درس سے ایمان کی بحث اگرچہ مکمل ہو جاتی ہے لیکن ایمانیات کے ذیل میں قرآن حکیم میں خاص طور پر جس قدر زور ایمان بالآخرت پر دیا گیا ہے اور خصوصاً انسان کے عمل پر جتنا اثر قیام قیامت، حشر و نشر، حساب و کتاب اور جزا و سزا کے یقین سے پڑتا ہے اس کے پیش نظر ایک مزید درس خاص اسی موضوع پر شامل نصاب کیا گیا ہے۔ —— یعنی سورۃ قیامہ مکمل جس میں قیام قیامت اور جزا و سزا کے لئے مثبت استدلال کو تو دو قسموں کی صورت میں بیان کر دیا گیا ہے اور منفی طور پر منکرین قیامت کے موقف کا کامل ابطال کر دیا گیا ہے اور ان کے اعتراضات اور دلائل کی قلعی کھول دی گئی ہے —— چنانچہ ایک طرف تو قیامت کے بارے میں اُن کے استعجاب اور استبعاد کو دُور کرنے کے لئے خدا کی اس قدرت کاملہ کی طرف توجہ مبذول کرائی گئی جس کا سب سے بڑا مظہر خود انسان کی اپنی پیدائش ہے اور دوسری طرف منکرین قیامت کی گمراہی کا اصل سبب بھی بیان کر دیا۔ اور اُن کے مرض کی اصل تشخیص بھی کر دی گئی یعنی حبّ عاجلہ میں گرفتار اور فسق و فجور کا عادی اور ظلم و تعدّی کا خوگر ہو جانا جس کی بنا پر انسان حساب و کتاب اور جزا و سزا کے تصور تک سے بھاگتا ہے اور اُس کبوتر کے مانند جو بلّی کو دیکھ کر آنکھیں بند کر لیتا ہے، نہیں چاہتا کہ خواہ مخواہ قیامت، حشر و نشر، حساب و کتاب اور جزا و سزا کے تصوّر سے اپنے موجودہ عیش کو مکدر اور منغّص کرے۔ واقعہ یہ ہے کہ زبان سے انسان چاہے جو کچھ کہے، اُس کے انکار قیامت کا اصل سبب وہی ہے جو سورۂ قیامہ میں "بَلْ يُرِيدُ الْإِنسَانُ لِيَفْجُرَ أَمَامَهُ" اور "كَلَّا بَلْ تُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ" کے الفاظ مبارکہ میں بیان ہوا۔

ضمنی طور پر ایک نہایت لطیف پیرائے میں یہ حقیقت بھی کھول دی گئی کہ خود دعوت دین اور ابلاغ و تبلیغ حتیٰ کہ تحصیل علم کے معاملے میں بھی "عجلت پسندی" سے اجتناب کیا جانا چاہیئے۔

# حصّۂ سوم

# مُباحثِ

# عملِ صالح

- سُورۂ مومنون کی ابتدائی گیارہ آیات
- سُورۂ معارج کی آیات ۱۹ تا ۳۵
- سُورۂ فرقان کا آخری رکوع
- سُورۂ بنی اسرائیل: رکوع ۳، ۴
- سُورۂ تحریم — (مکمّل)
- سُورۂ حجرات (مکمّل)

ایمان کے مباحث کے بعد ' عمل صالح ' کی تشریح پر مشتمل چھ مقامات شامل نصاب ہیں اور وہ گویا کہ سورۃ والعصر میں بیان شدہ لوازم نجات میں سے دوسری لازمی شرط یعنی " وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ " ہی کی تفسیر مزید ہیں - اس لئے کہ از روئے قرآن انسان کی مطلوبہ سیرت وکردار کا پورا ڈھانچہ لغایت اختصار ان تین مقامات میں بیان ہو چکا ہے جو سورۃ والعصر کے فوراً بعد ' جامع اسباق ' کی حیثیت سے شامل نصاب ہیں - اور پھر اس کی کسی قدر وضاحت بھی ایمان کے مباحث میں ہو چکی ہے - چنانچہ آیۂ بِرّ (سورۂ بقرہ ۱۷۷) میں ایک صحیح معنی میں ' نیک ' اور ' شریف ' انسان کی شخصیت کا پورا خاکہ (BLUE PRINT) موجود ہے ، پھر سورۂ لقمان کے دوسرے رکوع میں بھی ایک ' حقیقت بیں ' اور ' فرض شناس ' انسان کی شخصیت کا کامل ہیولیٰ موجود ہے ، اور سورۂ حٰم السجدہ کی آیات ۳۰ تا ۳۶ میں بھی ایک حقیقی معنوں میں ' بندۂ رب ' کی پوری تصویر کشی کر دی گئی ہے ——— اور پھر ان سے بھی کہیں زیادہ وضاحت اور جامعیت کے ساتھ مباحثِ ایمان کے ذیل میں ایک ' مردِ مومن ' کا پورا کردار سامنے آ چکا ہے ، جس کے ' خارج ' کے دو پہلو یا ظاہری تصویر کے دو رُخ سورۂ آلِ عمران کے آخری اور سورۂ نور کے پانچویں رکوع سے واضح ہو گئے (یعنی مؤخر الذکر مقام پر تعبدی پہلو جو عشق ومحبت ، ذوق وشوق ، عبادت وریاضت ، ذکر وشغل ، انابت واخبات اور خوف وخشیت کا رنگ لئے ہوئے ہے - اور مقدم الذکر مقام پر مجاہدانہ پہلو جو جہاد وقتال ، مصابرت ومقاومت ، ایذاء وابتلا ، اور ہجرت وانقطاع کی شان رکھتا ہے ) اور اس کی تکمیل سورۂ تغابن کے دوسرے رکوع سے ہو گئی جس نے ایمان کی داخلی کیفیات اور اس کے باطنی نتائج وثمرات (یعنی تسلیم ورضا ، توکل واعتماد ، اطاعت وانقیاد وغیرہ ) کو بیان کر کے گویا قرآن کے ' مردِ مومن ' کی شخصیت کا ' عرض ثالث ' (THIRD DIMENSION) بھی واضح کر دیا جس سے ایک زندہ اور جیتی جاگتی انسانی شخصیت پوری طور پر نگاہوں کے سامنے آ گئی - اور قرآن کے ' انسان مطلوب ' کا پورا ہیولیٰ واضح ہو گیا -

اسی کی مزید وضاحت کے لئے قرآن مجید کے چھ اور مقامات کو داخل نصاب کیا گیا ہے جن میں سے پہلے تین مقامات زیادہ تر انسان کی نجی شخصیت اور اس کی ذاتی سیرت و کردار سے بحث کرتے ہیں اور بقیہ تین مقامات انسان کی اجتماعی زندگی کے مختلف گوشوں پر روشنی ڈالتے ہیں۔ ذیل میں ان کو سلسلہ وار بیان کیا جاتا ہے۔

---

اس سلسلے کے پہلے دو مقامات سورۂ مومنون کی ابتدائی آیات (ایک تا گیارہ) اور سورۂ معارج کی آیات ۱۹ تا ۳۵ پر مشتمل ہیں۔ اور چونکہ ان میں حیرت انگیز مشابہت اور مماثلت پائی جاتی ہے لہذا (دراصل) یہ دونوں مل کر ایک درس بنتے ہیں اور انہیں ایک ہی نشست میں بیان کیا جا سکتا ہے۔

---

# تعمیر سیرت کی اساسات

## سورۂ مومنون اور سورۂ معارج کی روشنی میں

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّثَمَانَ عَشَرَةَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ مومنون مکی ہے اور اس میں ایک سو اٹھارہ آیتیں اور چھ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو مہربان ہے بڑا رحم والا

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ① الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ

کام نکال گئے ایمان والے جو اپنی

صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ② وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ

نماز میں نوے ہیں ۔ اور جو نکمی بات پر

مُعْرِضُوْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝٤

دھیان نہیں کرتے۔ اور جو زکوٰۃ دیا کرتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝٥ اِلَّا عَلٰٓى

اور جو اپنی شہوت کی جگہ تھامتے ہیں۔ مگر اپنی

اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ

عورتوں پر، یا اپنے ہاتھ کے مال پر، سو اُن پر نہیں

مَلُوْمِيْنَ ۝٦ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

اُلاہنا + پھر جو کوئی ڈھونڈے اس کے سوا وہی ہیں حد سے

الْعٰدُوْنَ ۝٧ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ

بڑھنے والے + اور جو اپنی امانتوں سے اور اپنے اقرار سے

رٰعُوْنَ ۝٨ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝٩

خبردار ہیں۔ اور جو اپنی نماز سے خبردار ہیں۔

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝١٠ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ

وہی ہیں میراث لینے والے جو میراث پاوینگے باغ ٹھنڈی چھاؤں کے

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝١١

وہ اسی میں رہ پڑے +

---

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ الْاِنْسَانَ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا بے شک آدمی

خُلِقَ هَلُوْعًا ۝١٩ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ۝٢٠ وَّاِذَا

بنا ہے جی کا کچا۔ جب لگے اس کو برائی، تو گھبرا۔ اور جب

مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوعًا ﴿٢١﴾ إِلَّا الْمُصَلِّينَ ﴿٢٢﴾ الَّذِينَ

لگے اُس کو بھلائی، تو ان دیوا (نہ دینے والا) مگر وہ نمازی، جو اپنی

هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ دَائِمُونَ ﴿٢٣﴾ وَالَّذِينَ فِي أَمْوَالِهِمْ

نماز پر قائم ہیں، اور جن کے مال میں

حَقٌّ مَّعْلُومٌ ﴿٢٤﴾ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ ﴿٢٥﴾ وَالَّذِينَ

حصہ ٹھہر رہا ہے، مانگتے کا اور ہارے کا، اور جو

يُصَدِّقُونَ بِيَوْمِ الدِّينِ ﴿٢٦﴾ وَالَّذِينَ هُم مِّنْ

یقین کرتے ہیں انصاف کے دن کو، اور جو اپنے

عَذَابِ رَبِّهِم مُّشْفِقُونَ ﴿٢٧﴾ إِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ

رب کے عذاب سے ڈرتے ہیں + بے شک ان کے رب کے عذاب سے

غَيْرُ مَأْمُونٍ ﴿٢٨﴾ وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ ﴿٢٩﴾

نڈر نہ ہوا جاوے + اور جو اپنی شہوت کی جگہ تھامتے ہیں۔

إِلَّا عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ

مگر اپنی جوروؤں سے، یا اپنے ہاتھ کے مال سے، سو ان پر

غَيْرُ مَلُومِينَ ﴿٣٠﴾ فَمَنِ ابْتَغَىٰ وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ

نہیں اولاہنا + پھر جو کوئی ڈھونڈھے اس کے سوا، سو وہی ہیں

هُمُ الْعَادُونَ ﴿٣١﴾ وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ

حد سے بڑھتے + اور جو اپنی دہروہوں (امانتیں) اور اپنا قول

رَاعُونَ ﴿٣٢﴾ وَالَّذِينَ هُم بِشَهَادَاتِهِمْ قَائِمُونَ ﴿٣٣﴾ وَ

نباہتے ہیں۔ اور جو اپنی گواہی پر سیدھے ہیں۔ اور

الَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ﴿٣٤﴾ أُولَٰئِكَ

جو اپنی نماز سے خبردار ہیں + وہ ہیں

# فِیۡ جَنّٰتٍ مُّکۡرَمُوۡنَ ﴿۳۵﴾

باغوں میں عزت سے +

ان دونوں مقامات کے مطالعے سے وہ بنیادی اصول واضح ہو جاتے ہیں جن پر قرآن کے "انسان مطلوب" کی ذاتی شخصیت اور انفرادی سیرت کا قصر تعمیر کیا جا سکتا ہے۔ گویا کہ ان مقامات پر بیان شدہ صفات بلکہ وہ بنیاد کا پتھر ROCK (FOUNDATION) مہیا کرتی ہیں جس کے بغیر اسلامی سیرت و کردار کی تعمیر ایک خیالِ خام اور اُمید موہوم ہے۔

ان اساسات میں اوّلین اور اہم ترین اساس نماز ہے جس کو دونوں جگہوں پر اوّلین صفت کی حیثیت سے بھی بیان کیا گیا اور آخری صفت کی حیثیت سے بھی۔ گویا کہ یہ ایک مسلمان کی زندگی کی ابتدا بھی ہے اور انتہا بھی، اور اس کی شخصیت کی عمارت کا سنگِ بنیاد بھی ہے اور اس کی بلند ترین منزل بھی بلکہ یوں کہنا زیادہ صحیح ہوگا کہ اس کے شہرِ زندگی کی ایسی فصیل ہے جس نے پورے طور پر اُس کی زندگی کا احاطہ کر لیا ہے اور اسے کاملۃً اپنے حصار میں لے لیا ہے۔ اسی حقیقت کو مزید اس طرح واضح کیا گیا کہ سورۂ مومنوں میں جس جگہ "المؤمنون" کا لفظ استعمال ہوا سورۂ معارج میں وہاں "المصلّین" کی اصطلاح رکھ دی گئی۔ گویا "مسلمان" اور "نمازی" لازم و ملزوم ہیں، یا باہم دگر مترادف و ہم معنی۔ مزید یہ کہ نماز کی روح یعنی خشوع کی اہمیت تو اس طرح واضح کر دی گئی کہ سب سے پہلے ذکر اسی کا ہوا لیکن ساتھ ہی یہ حقیقت بھی کھول دی گئی کہ اس کی اصل جان دوام و محافظت ہے۔ چنانچہ دونوں مقامات کو بیک وقت نگاہ میں رکھیئے تو معلوم ہوتا ہے کہ خشوع کا ذکر صرف ایک بار ہوا ہے جبکہ دوام و محافظت کا تین بار۔

دوسری صفت استحضارِ آخرت ہے جس کا ذکر سورۂ معارج میں "تصدیق یوم الدین" اور "خوفِ عذاب و عقوبت" کی صورت میں کیا گیا اور جس کا ماحصل "اعراض عن اللغو" کے عنوان سے سورۂ مومنوں میں بیان کر دیا گیا۔

تیسری صفت تزکیۂ نفس اور تصفیۂ قلب کے حصول کے لئے انفاق فی سبیل اللہ

اور صدقہ وخیرات پر مسلسل عامل رہنا ہے جس کی طرف دونوں مقامات پہ گہرے اور بلیغ اشارے کر دیئے گئے ۔ چنانچہ سورۂ مومنون میں "لِلزَّکٰوۃِ فَاعِلُوْن" کے الفاظ سے اس عمل کے دوام اور تسلسل کی طرف اشارہ کر دیا گیا اور سورۂ معارج میں اسے "حقّ" سے تعبیر کرکے صدقہ وخیرات کی اصل روح کی طرف توجہ دلا دی گئی ۔

چوتھی صفت "ضبطِ شہوت" (SEX DISCIPLINE) ہے جس کے ذیل میں ایک طرف آزاد شہوت رانی کی افراط اور دوسری طرف راہبانہ نفس کشی کی تفریط دونوں کی نفی اور تردید کرتے ہوئے اعتدال کی راہ کو واضح کر دیا گیا ۔

اس کے بعد بین الانسانی معاملات کا ذکر ہے ۔ جہاں انسان کی سیرت وکردار کی اصل جانچ ہوتی ہے اور انسان کی اصل حقیقت کھلتی ہے کہ وہ فی الواقع کتنے پانی میں ہے ۔ اس ضمن میں انسان کی پوری زندگی کے تمام "معاملات" کی صحت اور درستی کیلئے انسانی سیرت میں تین لازمی بنیادی اوصاف کی نشاندہی کی گئی ہے ۔ یعنی امانت، عہد اور شہادت ۔ ان میں سے بھی چونکہ مزید تجزیئے سے واضح ہوجاتا ہے کہ اصل بنیادی اوصاف امانتداری اور پاسِ عہد ہی ہیں اور خود حق شہادت کی ادائیگی کا دارو مدار بھی اصلاً ان ہی پر ہے لہذا امانت اور عہد کا ذکر تو دونوں مقامات پہ ہوا ۔ اور شہادت کا صرف ایک پر یعنی سورۂ معارج میں گویا کہ ان دونوں کی ایک اہم فرع کی حیثیت سے ۔ واقعہ یہ ہے کہ انسان جتنا چاہے غور کرلے اسے اس حقیقت پر گہرا اور پختہ یقین حاصل ہوتا چلا جائے گا کہ معاملات انسانی کی صحت ودرستی کا پورا انحصار سیرت وکردار میں ان دو بنیادوں کے قائم اور استوار ہونے پر ہے ۔ اسی آسمانی ہدایت کی بہترین تشریح حکمتِ نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیم کی رُو سے یہ ہے کہ "لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهٗ وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهٗ" (جس شخص میں امانت داری موجود نہیں اس کا کوئی ایمان نہیں اور جو پاس عہد سے تہی دست ہو اس کا کوئی دین نہیں) اوکما قال صلّی اللہ علیہ وسلم وفداہ ابی وامّی ۔

اس طرح قرآن حکیم کے ان دو مقامات پر مشتمل درس میں وہ تمام لازمی وناگزیر بنیادی اوصاف بیان ہوجاتے ہیں جن پہ ایک مؤمن ومسلم کی ذاتی شخصیت اور انفرادی سیرت وکردار کی تعمیر کی جاسکتی ہے ۔ اس امر کی وضاحت تحصیلِ حاصل ہے کہ ان میں سے ایک بنیاد بھی مفقود یا ضعیف ہوگی تو یہ تعمیر اسی نسبت وتناسب سے ناقص وکج اور کمزور ومضمحل ہوگی !

# بندۂ مومن کی شخصیت کے خدوخال

## سورۃ الفرقان کے آخری رکوع کی روشنی میں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

تَبٰرَكَ الَّذِیْ جَعَلَ فِی السَّمَآءِ

بڑی برکت ہے اس کی جس نے بنائے آسمان میں

بُرُوْجًا وَّ جَعَلَ فِیْهَا سِرٰجًا وَّ قَمَرًا مُّنِیْرًا ﴿۶۱﴾ وَ هُوَ

برج اور رکھا اس میں چراغ اور چاند اجالا کرنے والا ف۱ + اور وہی ہے

الَّذِیْ جَعَلَ الَّیْلَ وَ النَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ

جس نے بنائے رات اور دن بدلتے اس کے واسطے جو چاہے

یَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿۶۲﴾ وَ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ

دھیان رکھنا یا شکر کرنا ف۲ + اور بندے رحمٰن کے وہ ہیں

یَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ

جو چلتے ہیں زمین پر دبے پاؤں اور جب بات کرنے لگیں ان سے بے سمجھ لوگ

قَالُوْا سَلٰمًا ﴿۶۳﴾ وَ الَّذِیْنَ یَبِیْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّ

کہیں صاحب سلامت ف۳ + اور وہ جو رات کاٹتے ہیں اپنے رب کے آگے سجدے میں

قِیَامًا ﴿۶۴﴾ وَ الَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا

اور کھڑے ف۴ + اور وہ جو کہتے ہیں اے رب! ہٹا ہم سے

عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿٦٥﴾ إِنَّهَا
دوزخ کا عذاب، بے شک اس کا عذاب بڑی چٹی ہے + وہ
سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿٦٦﴾ وَالَّذِينَ إِذَا أَنْفَقُوا
بُری جگہ ہے ٹھہراؤ کی اور بُری جگہ رہنے کی + اور وہ کہ جب خرچ کرنے لگیں
لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا وَكَانَ بَيْنَ ذَٰلِكَ قَوَامًا ﴿٦٧﴾
نہ اڑائیں اور نہ تنگی کریں اور ہے اس کے بیچ ایک سیدھی گذران +
وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ وَلَا
اور وہ جو نہیں پکارتے اللہ کے ساتھ اور حاکم کو اور نہیں
يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا
خون کرتے جان کا جو منع کی اللہ نے مگر جہاں چاہیے اور بدکاری
يَزْنُونَ ۚ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَٰلِكَ يَلْقَ أَثَامًا ﴿٦٨﴾ يُضَاعَفْ
نہیں کرتے، اور جو کوئی کرے یہ کام، وہ بھڑے گناہ سے ف۱ - دونا ہو
لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَيَخْلُدْ فِيهِ مُهَانًا ﴿٦٩﴾ إِلَّا
اس کو عذاب دن قیامت کے اور پڑا رہے اس میں خوار ہوکر ف۲ + مگر
مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُولَٰئِكَ
جس نے توبہ کی اور یقین لایا اور کیا کچھ کام نیک سو ان کو
يُبَدِّلُ اللَّهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا
بدل دے گا اللہ برائیوں کی جگہ بھلائیاں - اور ہے اللہ بخشنے والا
رَّحِيمًا ﴿٧٠﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَإِنَّهُ يَتُوبُ
مہربان ف۳ + اور جو کوئی توبہ کرے اور کرے کام نیک سو وہ پھر آتا ہے
إِلَى اللَّهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾ وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ وَ
اللہ کی طرف پھر آنے کی جگہ ف۴ + اور وہ جو شامل نہیں ہوتے جھوٹے کام میں اور

إِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ مَرُّوا كِرَامًا ﴿٧٢﴾ وَالَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا

جب ہو نکلیں کھیل کی باتوں پر نکل جاویں بزرگی رکھ کر ف۱ + اور وہ کہ جب انکو سمجھائیے

بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا صُمًّا وَعُمْيَانًا ﴿٧٣﴾

اُن کے رب کی باتیں، نہ ہو پڑیں اُن پر بہرے اندھے ف۲ +

وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَ

اور وُہ جو کہتے ہیں، اے رب! دے ہم کو، ہماری عورتوں کی طرف سے اور

ذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ﴿٧٤﴾

اولاد کی طرف سے آنکھ کی ٹھنڈک، اور کر ہم کو پرہیزگاروں کے آگے ف۳ +

أُولَٰئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوا وَيُلَقَّوْنَ فِيهَا

ان کو بدلا ملے گا کوٹھوں کے جھروکے اس پر کہ ٹھہرے رہے، اور لینے آوینگے ان کو

تَحِيَّةً وَسَلَامًا ﴿٧٥﴾ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا

وہاں دُعا اور سلام کہتے ف۴ ۔ رہا کریں اُن میں۔ خوب جگہ ہے ٹھہراؤ کی

وَمُقَامًا ﴿٧٦﴾ قُلْ مَا يَعْبَأُ بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ ۖ

اور خوب جگہ رہنے کی ف۵ + تو کہہ پروا نہیں رکھتا میرا رب تمہاری، اگر تم اس کو نہ پکارا کرو۔

فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُونُ لِزَامًا ﴿٧٧﴾

سو تم جھٹلا چکے، اب آگے ہوتا ہے بھیڑنا ف۶ +

---

"عمل صالح" کی وضاحت میں تیسرا مقام سورۃ الفرقان کے آخری رکوع پر مشتمل ہے جس میں بعض دوسرا اہم اور نہایت حکیمانہ اور دین کے فلسفہ و حکمت کے اعتبار سے انتہائی بنیادی حقائق کی وضاحت کے ساتھ ساتھ ایک بندۂ مومن کی پختہ اور پوری طرح تعمیر شدہ شخصیت کی جھلک "عباد الرحمٰن" کے اوصاف کی صورت میں دکھا دی گئی ہے۔ گویا کہ پچھلے درس میں جس انسانی شخصیت کی تعمیر کے ابتدائی لوازم کا ذکر تھا۔ اس مقام پر اس کی پوری طرح تکمیل شدہ و تیار (FINISHED) اور ہر اعتبار سے پختہ

( MATURE ) حالت کی کامل تصویر کشی کر دی گئی ہے۔

چنانچہ یہاں آغاز ان دو اوصاف کے بیان سے ہوا جو کسی انسان کی پختگی ( MATURITY ) کی سب سے نمایاں اور اہم ترین علامتیں ہیں۔ یعنی : ایک عجز و انکسار اور تواضع و فروتنی (واضح رہے کہ اس صفت کا ذکر ابتدائی اسباق میں سے سبق نمبر تین میں آخری اور بلند ترین وصف کی حیثیت سے ہوا ہے) اور دوسرے گفت و شنید، بحث و تمحیص اور مناظرہ و مجادلہ میں وقار اور شائستگی اور حکمت دعوت و تبلیغ کو ملحوظ رکھنا۔

پھر نماز کا ذکر آیا۔ لیکن نماز پنجگانہ اور صلوٰۃ مفروضہ کا نہیں بلکہ رات کے قیام و سجود، تسبیح و تہلیل، اور دعا و استغفار کا۔ جو گویا کہ 'صلوٰۃ' کا نقطۂ عروج ( ) ہے۔ (واضح رہے کہ سورۂ نور کی طرح یہاں بھی عبادت و ریاضت کی اس بلند منزل پر ہونے کے باوجود خوفِ عذاب اور تقویٰ و خشیت الٰہی کا ذکر موجود ہے۔)

پھر ایک اور وصف کا ذکر ہے جو تواضع و انکسار اور شائستگی و وقار ہی کی طرح انسانی شخصیت کی پختگی ( MATURITY ) کی ایک اہم علامت ہے یعنی اعتدال اور میانہ روی۔ جس کا سب سے بڑا مظاہرہ انسان کے ذاتی خرچ اور گھریلو اخراجات کے میدان میں ہوتا ہے کہ نہ بخل سے کام لیا جائے نہ اسراف سے۔

"شہادت زُور" کا ذکر یہاں اس انداز سے آیا کہ یہ لوگ جھوٹ کی گواہی ہی سے مجتنب نہیں رہتے بلکہ جھوٹ پر "موجودگی" تک کو گوارا نہیں کرتے۔ اسی طرح "اعراض عن اللغو" کا ذکر اس طور سے ہوا کہ بالارادہ کسی لغو کا ارتکاب یا اس کے جانب میلان تو درکنار اگر اتفاقاً اُن کا گزر 'لغو' کے پاس سے ہو جائے تو بھی متوجہ نہیں ہوتے بلکہ شریفانہ انداز سے دامن بچاتے ہوئے گزر جاتے ہیں۔

پھر گفتار پر ایک تعریض کے اسلوب میں 'عباد الرحمٰن' کا یہ وصف بیان کر دیا گیا کہ وہ غور و فکر اور تدبر و تفکر سے کام لیتے ہیں۔ (تقابل کے لئے دیکھئے سورۂ آلِ عمران کا آخری رکوع)

پھر اُن کی اس خواہش کا ذکر ایک دُعا کی شکل میں ہے کہ اسلام و ایمان، اور نیکی اور بھلائی کی جس راہ پر وہ خود گامزن ہوئے ہیں ان کے اہل و عیال اور اولاد

احفاد بھی اسی راہ پر چلیں (واضح رہے کہ سورۂ تغابن کے آخر میں عائلی زندگی میں ایک مومن کے رویّے کا جو منفی رُخ پیش کیا گیا ہے یہ اسی کا مثبت پہلو ہے!)

ایک حقیقی بندۂ رحمٰن یعنی شجرِ انسانیت کے ایک پورے پکے ہوئے (RIPE) اور ہر طرح سے تیار پھل کی انفرادی زندگی کی اس نقشہ کشی کے ساتھ ساتھ اس رکوع میں حسبِ ذیل بنیادی حقائق بھی بیان ہوئے :-

۱ - رکوع کے آغاز میں دو الفاظ میں وہ کیفیات بیان ہوئی ہیں جو آفاق و انفس میں آیاتِ الٰہی کے مشاہدے سے ایک سلیم الفطرت اور صحیح العقل انسان میں پیدا ہونی چاہئیں یعنی تذکّر اور شکر (یہ گویا کہ خلاصہ ہے فلسفۂ قرآن اور حکمتِ قرآنی کے ان مباحث کا جو سورۂ آلِ عمرآن کے آخری، سورۂ نور کے پانچویں اور سورۂ لقمان کے دوسرے رکوع میں تفصیل سے آ چکے ہیں۔)

۲ - کبیرہ گناہوں میں سے بھی تین گناہ سب سے عظیم ہیں - ایک شرک اور اس کے جملہ اقسام میں سے بھی شرک فی الدعائ (واضح رہے کہ دعا عبادت کا اصل جوہر ہے : بقول نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اَلدُّعَآءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ اور اَلدُّعَآءُ هُوَ الْعِبَادَةُ) یہ تو گویا کہ وہ بنیادی گمراہی ہے جو انسان کو مرتبۂ انسانیت ہی سے گرا دیتی ہے ۔ دوسرے "قتل نفس بغیر الحق"، جس سے انسانی تمدّن کی جڑیں کھوکھلی ہو جاتی ہیں اور معاشرے کا امن اور چین رخصت ہو جاتا ہے۔ اور تیسرے، زنا، جس سے انسان کی سماجی زندگی تباہ ہو جاتی ہے اور عائلی زندگی سے باہمی اعتماد اور مودّت و رحمت رخصت ہو جاتے ہیں ۔

۳ - از روئے ہدایتِ قرآنی گناہ گاروں کے لئے توبہ کا دروازہ مستقل طور پر کھلا ہوا ہے جس کے ذریعے اُن کے پاس موت کے واضح آثار کے شروع ہو جانے تک تلافیٔ مافات کا پورا موقع موجود رہتا ہے ۔ بقول سرمد ؎

باز آ، باز آ ہر آنچہ ہستی باز آ　　گر کافر و گبر و بت پرستی باز آ
ایں درگہِ ما درگہِ نومیدی نیست　　صد بار اگر توبہ شکستی، باز آ

۴ - حقیقی توبہ انسان کے گناہ کے اثرات کو زائل ہی نہیں کرتی ان کو حسنات میں بدل دیتی ہے توبہ اسلام کے بنیادی فلسفے کے نظام کی وہ شق ہے جس سے انسان

میں امید اور رجا کی کیفیات برقرار رہتی ہیں اور اصلاح کے لئے ارادہ اور ہمت قائم رہتے ہیں۔

۵ ۔ اس ضمن میں صحیح توبہ کی شرائط بھی بیان ہوگئیں یعنی۔ تجدید ایمان اور عمل صالح۔ (اس سے اس حقیقت پر بھی روشنی پڑتی ہے کہ اگرچہ گناہ کبیرہ کے ارتکاب سے انسان دائرہ اسلام سے خارج نہیں ہوتا تاہم واقعہ یہی ہے کہ گناہ کا صدور انسان سے حقیقی ایمان کی حالت میں نہیں ہوتا، اور گناہ کے بعد توبہ حقیقی اعتبار سے تجدید ایمان ہی کی حیثیت رکھتی ہے۔ (حدیث نبوی صلّی اللہ علیہ وسلّم لَا یَزْنِی زَانٍ حِیْنَ یَزْنِی وَھُوَ مُومِنٌ وَلَا یَسْرِقُ سَارِقٌ حِیْنَ یَسْرِقُ وَھُوَ مومنٌ : نہ کوئی زانی حالت ایمان میں زنا کرتا ہے اور نہ کوئی چور حالتِ ایمان میں چوری کرتا ہے)

۶ ۔ آخر میں ایک تنبیہ ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلّم کے دعوت و تبلیغ میں حد سے بڑھے ہوئے انہماک اور لوگوں کی ہدایت کے لئے آپ کی بے قراری سے یہ نہ سمجھا جائے کہ خدا کو لوگوں کی کوئی پرواہ ہے یہ تو صرف اتمام حجت کے لئے ہے۔ پھر اگر کوئی اپنی شامتِ اعمال سے اعراض و تکذیب پر مصر ہی ہو جائے تو اسے اس کی بھرپور سزا مل کر رہے گی۔

---

# سماجی اور معاشرتی اقدار

## سورۂ بنی اسرائیل کی روشنی میں

"اعمال صالحہ" کے ذیل میں چوتھا مقام سورۂ بنی اسرائیل کے رکوع ۳ و ۴ پر مشتمل ہے۔ جن میں انسان کی تمدنی و سماجی اور معاشی و معاشرتی زندگی سے متعلق بعض انتہائی بنیادی اور حد درجہ اہم احکام بیان ہوئے ہیں،

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا
اور چکا دیا تیرے رب نے کہ نہ پوجو
اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۭ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ
اُس کے سوا اور ماں باپ سے بھلائی - کبھی پہنچ جاوے تیرے سامنے
الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا
بڑھاپے کو ایک یا دونوں تو نہ کہہ ان کو ہُوں اور نہ
تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ۝٢٣ وَاخْفِضْ لَهُمَا
جھڑک ان کو اور کہہ ان کو بات ادب کی + اور جھکا اُن کے آگے
جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا
کندھے عاجزی کر کر پیار سے اور کہہ اے رب ! اُن پر رحم کر
رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ۝٢٤ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ۭ
جیسا پالا انہوں نے مجھ کو چھوٹا + تمہارا رب خوب جانتا ہے جو تمہارے جی میں ہے -
اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ
جو تم نیک ہوگے تو وہ رجوع لانے والوں کو
غَفُوْرًا ۝٢٥ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ
بخشتا ہے ف + اور دے ناتے والے کو اُس کا حق اور محتاج کو اور
السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ۝٢٦ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ
مسافر کو اور مت اڑا بکھیر کر ف + بے شک اڑانے والے بھائی
كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ۭ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ
ہیں شیطانوں کے - اور شیطان ہے اپنے رب کا
كَفُوْرًا ۝٢٧ وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاۗءَ رَحْمَةٍ
ناشکر ف۳ + اور اگر کبھی تغافل کرے تو ان کی طرف سے تلاش میں مہربانی

مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿۲۸﴾ وَلَا

کی، اپنے رب کی طرف سے، جس کی توقع رکھتا ہے، تو کہہ ان کو بات نرمی کی ف۱+ اور نہ

تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا

رکھ اپنا ہاتھ بندھا اپنی گردن کے ساتھ، اور نہ کھول دے اس کو

كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ

نرا کھولنا، پھر تو بیٹھ رہے الزام کھایا ہارا ف۲ + تیرا رب

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ

کشاد کرتا ہے روزی، جس کو چاہے، اور کستا ہے۔ وہی ہے

بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۳۰﴾ ع وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ

اپنے بندوں کو جانتا دیکھتا ف۳ + اور نہ مار ڈالو اپنی اولاد کو

خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ

ڈر سے مفلسی کے۔ ہم روزی دیتے ہیں ان کو، اور تم کو بے شک

قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ

اُن کا مارنا بڑی چوک ہے ف۴ + اور پاس نہ جاؤ بدکاری کے، وہ

كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ

ہے بے حیائی۔ اور بری راہ ہے ف۵ + اور نہ مارو جان

الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا

جو منع کی اللہ نے مگر حق پر۔ اور جو مارا گیا ظلم سے،

فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي

تو ہم نے دیا اس کے وارث کو زور سو اب ہاتھ نہ چھوڑے

الْقَتْلِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ

خون پر۔ اس کو مدد ہوتی ہے ف۶ + اور پاس نہ جاؤ یتیم کے

الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ

مال کے مگر جس طرح بہتر ہو جب تک وہ پہنچے اپنی جوانی کو

وَ اَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا ﴿۳۴﴾ وَ

اور پورا کرو اقرار کو۔ بے شک اقرار کی پوچھ ہے ف + اور

اَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ

پورا بھر دو ماپ جب ماپ دینے لگو اور تولو سیدھی

الْمُسْتَقِيْمِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۳۵﴾ وَلَا

ترازو سے۔ یہ بہتر ہے اور اچھا اس کا انجام ف + اور نہ

تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَ

پیچھے پڑ جس بات کی خبر نہیں تجھ کو۔ بے شک کان اور آنکھ اور

الْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ﴿۳۶﴾ وَلَا

دل ان سب کی اس سے پوچھ ہے ف + اور نہ

تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ

چل زمین پر اتراتا تو پھاڑ نہ ڈالے گا زمین کو

وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ﴿۳۷﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ

اور نہ پہنچے گا پہاڑوں تک لمبا ہو کر + یہ جتنی باتیں ہیں ان میں سے بری چیز

عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ

ہے تیرے رب کی بیزاری ف + یہ ہے کچھ ایک جو وحی کیا تیرے رب نے

رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۭ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ

تیری طرف عقل کے کاموں سے۔ اور نہ ٹھہرا اللہ کے سوا اور کی بندگی

فَتُلْقٰى فِيْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۳۹﴾ اَفَاَصْفٰىكُمْ

پھر پڑے تو دوزخ میں اولاہنا کھایا دھکیلا + کیا تم کو چن کر دے؟

رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ؕ اِنَّكُمْ
تمہارے رب نے بیٹے اور آپ لئے فرشتے بیٹیاں ۔ تم
لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾
کہتے ہو بڑی بات

---

ماہرینِ اجتماعیات نے دورِ جدید کے ہمہ گیر تصورِ ریاست کے ارتقاء کے دوران بہت سے درمیانی مراحل کا ذکر کیا ہے اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ان دو رکوعوں میں بیان شدہ احکام و ہدایات کی صورت میں ایک ایسی سوسائٹی کے لئے کامل لائحہ عمل اور دستورِ حیات موجود ہے جو تمدن کے ابتدائی مراحل میں ہو اور جس میں ایک مختصر سا مجموعۂ ہدایات سوسائٹی کے جملہ تہذیبی و سماجی، معاشی و معاشرتی اور اخلاقی و قانونی گوشوں میں رہنمائی کے لئے کافی ہو جائے ۔ واضح رہے کہ اس حقیقت کی جانب حضرت ابن عباس رضؓ کا وہ قول بھی رہنمائی کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں توراۃ کی پوری تعلیم درج فرمادی ہے، گویا کہ یہ آیات توراۃ کے احکام عشرۃ TEN COMMANDMENTS کی قرآنی تعبیر (VERSION) ہیں

سورۂ مومنون اور سورۂ معارج کی طرح ان احکام کا اوّل و آخر بھی ایک ہی ہے یعنی اجتناب عن الشرک اور التزامِ توحید فی العبادۃ والالوہیۃ ۔ گویا کہ جیسے ایک فردِ نوعِ بشر کی سعادت عقیدۂ توحید پر منحصر ہے، اسی طرح انسانی اجتماعیت کی فلاح کا دار و مدار بھی توحید ہی پر ہے اس لئے کہ توحید محض ایک عقیدہ (DOGMA) نہیں ہے بلکہ ایک پورے نظامِ فکر کی اساس ہے جس سے ایک صالح تمدن وجود میں آتا ہے اور ایک صحت مند معاشرت، منصفانہ معیشت اور عادلانہ حکومت کی داغ بیل پڑتی ہے ۔

دوسرے نمبر پر والدین کے ساتھ حسنِ سلوک، اور خصوصًا ان کی ضعیفی میں ان پر رحمت و شفقت اور اُن کے سامنے دبے اور جھکے رہنے کا حکم ہے ۔ سورۂ لقمان کے دوسرے رکوع کی طرح اس مقام پر بھی واضح کر دیا گیا کہ انسان پر خدا کے بعد سب سے زیادہ اور سب سے زیادہ مقدم حقوق والدین ہی کے ہیں حتیٰ کہ کسی انسان کے لئے

ان کے حقوق کی ادائیگی فی الحقیقت ممکن ہی نہیں، اور وہ مجبور ہے کہ خدا ہی سے اُن پر رحم کی دُعائیں کر کے اُن کا بدلہ کسی قدر چکانے کی کوشش کرے تو یہ بھی واضح رہے کہ انسانی تمدّن کی صحت اور درستی کے لیے والدین اور اولاد کے تعلق کا صحیح بنیادوں پر قائم ہونا ناگزیر ہے۔

والدین کے بعد اعزہ و اقارب کے وسیع تر حلقے کے حقوق کی ادائیگی کی تاکید ہے جن کے ساتھ پوری سوسائٹی کے مساکین وغربا کو بھی ملحق کر دیا گیا ہے۔ اور اس ذیل میں تبذیر کی ممانعت اور اس کی شدید مذمت بھی کر دی گئی ہے۔ اس لئے کہ جب انسان محض نمائش اور نرے نام ونمود پر پیسہ اڑانے لگتا ہے تو اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ادائے حقوقِ اقارب ومساکین کے لیے اس کے پاس پیسہ ہی باقی نہیں رہتا واضح رہے کہ سورۃ الفرقان کے آخری رکوع میں چونکہ زیادہ تر انسان کا ذاتی کردار زیرِ بحث ہے لہذا بخل اور اسراف کو ایک دوسرے کے مقابلے میں لایا گیا جو اصلاً انسان کے ذاتی اخراجات کی دو انتہائیں ہیں، اور یہاں چونکہ معاشرتی و سماجی مسائل زیرِ بحث ہیں لہذا تبذیر کا ذکر کیا گیا جو ادائے حقوق کی ضد ہے۔ گویا ایک ہی آیت میں ان دونوں کا ذکر کر کے یہ رہنمائی دے دی گئی کہ انسان کو چاہیئے کہ اپنی دولت کو ابنائے نوع پر رُعب گانٹھنے کی بجائے ان کی احتیاجات کو رفع کرنے کا ذریعہ بنائے۔)

پھر حکم دیا گیا کہ نہ مٹھی بالکل بند کر لو اور نہ ہاتھ پورے کا پورا کھول دو۔ بلکہ اعتدال اور میانہ روی اختیار کرو۔ اور اس میں اگرچہ تبعاً ذاتی اخراجات کا معاملہ بھی شامل ہے تاہم اس مقام پر اصلاً ہدایت صدقات وخیرات میں اعتدال کی ہے۔ چنانچہ واضح کر دیا گیا کہ کسی کی کشادگی و تونگری کے نہ تو تم ذمہ دار ہو اور نہ یہ فی الواقع تمہارے بس ہی میں ہے۔ اس کا فیصلہ تو اللہ تعالیٰ ہی اپنے علم کامل اور اپنی حکمت بالغہ کے تحت کرتا ہے۔ تمہارا کام صرف اپنا فرض ادا کرنا ہے۔ اسے اعتدال کے ساتھ ادا کرتے ہو۔

ان معاشی ہدایات کے ذیل میں بھوک اور افلاس کے خوف سے قتلِ اولاد (جس میں اصلاً تو نہیں البتہ تبعاً معاشی محرکات کے تحت منع حمل بھی شامل ہے) سے روکا گیا اور واضح کیا گیا کہ رزق کے ٹھیکدار تم نہیں ہو بلکہ اس کی پوری ذمہ داری خدا پر ہے۔ وہی تمہیں بھی کھلاتا ہے اور تمہاری آئندہ نسل کو بھی کھلائے گا!

اس کے بعد زنا اور قتل نفس بغیر حق سے روکا گیا۔ (تقابل کے لئے دیکھئے سورۂ الفرقان کا آخری رکوع) اور آخر میں چند انتہائی اہم اخلاقی ہدایات دی گئی ہیں جو صالح معاشرت کی ضامن ہیں۔ یعنی

۱۔ یتیم کے مال کی حفاظت (۲) عہد اور قول و قرار کی پابندی۔ (۳) ناپ تول میں کمی بیشی سے اجتناب۔ (۴) صحیح علم کی پیروی کرنا اور اوہام و ظنون سے بچنا) اور (۵) تکبر و غرور سے بچے رہنا۔ (تقابل کے لئے دیکھیئے سورۂ لقمان رکوع ۲ دونوں مقامات پر سب سے آخری حکم غرور و تمکنت سے اجتناب ہی کا ہے اور دونوں جگہوں پر اسی کو "حکمت" کا آخری ثمرہ قرار دیا گیا ہے)

اس سلسلہ ہدایات کے اختتام پر توحید میں سے خصوصاً وحدتِ الٰہ اور توحید فی الالوھیۃ کا ذکر کر کے اشارہ کر دیا گیا کہ اجتماعیاتِ انسانی کے مزید ارتقاء سے جب "ریاست" ( STATE ) وجود میں آئے تو اس کی اساس حاکمیتِ خداوندی ( DIVINE SOVEREIGNTY ) پر قائم ہوگی اور اس کی صحت و درستی کا تمام تر دار و مدار حاکمیت غیر کی کامل نفی ہی پر ہوگا۔ (گویا کہ خالص انفرادیت سے اجتماعیت کی بلند ترین منزل تک انسان کے پورے سفر کے دوران اس کا ہادی اور رہنما عقیدہ توحید ہی ہے۔ جس کے مختلف پہلو جیسے توحید فی العبادۃ اور توحید فی الالوھیۃ اس کی زندگی کے مختلف گوشوں کی صحت اور درستی کے ضامن بنتے ہیں۔)

---

# عائلی زندگی کے بنیادی اصول

## سورۂ تحریم کی روشنی میں

"عمل صالح" کی تشریح مزید کے ضمن میں پانچواں مقام سورۂ تحریم کا ہے۔ جو اصلاً انسان کی عائلی اور خاندانی زندگی میں ایک بندۂ مومن کے صحیح رویّے کی وضاحت کرتی ہے۔

## سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اثْنَتَا عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ تحریم مدنی ہے، اور اس میں بارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں +

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان نہایت رحم والا +

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ

اے نبی! تو کیوں حرام کرے جو حلال کیا اللہ نے تجھ پر؟ چاہتا ہے

مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١﴾ قَدْ

رضامندی اپنی عورتوں کی۔ اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان + ٹھہرا دیا

فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ

ہے اللہ نے تم کو کھول ڈالنا اپنی قسموں کا۔ اور اللہ صاحب ہے تمہارا۔

وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿٢﴾ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى

اور وہی ہے سب جانتا حکمت والا ف۱ + اور جب چھپا کر کہی نبی نے

بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ

اپنی کسی عورت سے ایک بات۔ پھر جب اس نے خبر کر دی اس کی، اور اللہ نے جتا دیا

اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ

نبی کو یہ، جتائی نبی نے اس میں سے کچھ، اور ٹلا دی کچھ۔

فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ۗ قَالَ

پھر جب وہ جتایا عورت کو، بولی تجھ کو کس نے بتایا یہ؟ کہا،

نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿٣﴾ اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ

مجھ کو بتایا اس خبر والے واقف نے ف۲ + اگر تم دونوں توبہ کرتیاں ہو، تو جھک

صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ

پڑے ہیں دل تمہارے۔ اور اگر تم دونوں چڑھائی کرو گیاں اس پر، تو اللہ ہے

هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَ

اُس کا رفیق اور جبریل اور نیک ایمان والے۔ اور

الْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ﴿۴﴾ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ

فرشتے اس پیچھے مددگار ف۳ + ابھی اگر نبی چھوڑ دے

طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ

تم سب کو، اس کا رب بدلے میں دے اس کو عورتیں تم سے بہتر، حکم بردار

مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ

یقین رکھتیاں نماز میں کھڑی توبہ کرتیاں بندگی بجا لاتیاں روزہ دار بیاہیاں

وَّاَبْكَارًا ﴿۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ

اور کنواریاں + اے ایمان والو! بچاؤ اپنی جان کو اور اپنے گھر والوں کو

نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ

اس آگ سے، جس کی چھپٹیاں ہیں آدمی اور پتھر، اس پر مقرر ہیں فرشتے

غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَ

تندخو زبردست، بے حکمی نہیں کرتے اللہ کی جو بات ان کو فرمائی، اور

يَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا

وہی کرتے ہیں جو حکم ہو ف۱ + اے منکر ہونے والو! مت

تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۷﴾ ع

بہانے بناؤ آج کے دن۔ وہی بدلا پاؤ گے جو کرتے تھے +

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ۭ

اے ایمان والو! توبہ کرو اللہ کی طرف، صاف دل کی توبہ۔

عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ

شاید تمہارا رب اُتار دے تم سے تمہاری بُرائیاں، اور داخل کرے تم کو

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يَوْمَ لَا يُخْزِي

باغوں میں، جن کے نیچے بہتی نہریں، جس دن اللہ ذلیل نہ کرے گا

اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى

نبی کو، اور جو یقین لائے ہیں اس کے ساتھ۔ ان کی روشنی دوڑتی ہے

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ

ان کے آگے، اور ان کے داہنے، کہتے ہیں اے رب ہمارے! پوری کر دے

لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۸

ہم کو ہماری روشنی، اور معاف کر ہم کو۔ تو ہر چیز کر سکتا ہے ف۲ +

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ

اے نبی لڑائی کر منکروں سے اور دغابازوں سے، اور سختی کر

عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۹

ان پر۔ اور ان کا گھر دوزخ ہے۔ اور بری جگہ پہنچے ف۱ +

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ

اللہ نے بتائی ایک کہاوت منکروں کے واسطے، عورت نوح کی

وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ۭ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا

اور عورت لوط کی۔ گھر میں تھیں دونوں دو نیک بندوں کے ہمارے بندوں میں سے،

صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ

پھر ان سے چوری کی، پھر وہ کام نہ آئے ان کو اللہ کے ہاتھ سے

شَيْـًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ۱۰ وَ

کچھ، اور حکم ہوا کہ جاؤ دوزخ میں ساتھ جانے والوں کے ف۲ + اور

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ

اللہ نے بتائی ایک کہاوت ایمان والوں کو، عورت فرعون کی،

إِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِي عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَ

جب بولی، اے رب! بنا میرے واسطے اپنے پاس ایک گھر بہشت میں، اور

نَجِّنِي مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهِ وَنَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ

بچا نکال مجھ کو فرعون سے، اور اس کے کام سے، اور بچا نکال مجھ کو ظالم

الظّٰلِمِينَ ⑪ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِي أَحْصَنَتْ

لوگوں سے - اور مریم بیٹی عمران کی، جس نے روکی

فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهِ مِنْ رُّوحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ

اپنی شہوت کی جگہ، پھر ہم نے پھونک دی اس میں ایک اپنی طرف کی جان، اور سچ جانی

رَبِّهَا وَكُتُبِهِ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِينَ ⑫

اپنے رب کی باتیں، اور اس کی کتابیں، اور تھی بندگی کرنے والوں میں +

---

اس منتخب نصاب میں اس سے قبل دو مقامات پر ایک خاندان کے سربراہ کی حیثیت سے ایک بندۂ ربّ کے صحیح رویّے کے دو پہلوؤں کی جانب اشارہ ہو چکا ہے، یعنی ایک سورۂ تغابُن کے دوسرے رکوع میں، جہاں منفی اور سلبی پہلو واضح کیا گیا کہ علائق دنیوی کی فطری محبت کی شکل میں ایک انسان کے دین و ایمان کے لئے جو بالقوہ خطرہ ( POTENTIAL DANGER. ) موجود ہے ایک مومن کو ہمہ دم اس سے باخبر اور چوکس اور چوکنّا رہنا چاہیئے۔ اور دوسرے سورۂ الفرقان کے آخری رکوع میں، جہاں ایجابی و مثبت طور پر واضح کیا گیا کہ ایک بندۂ رحمٰن کی شدید خواہش ہوتی ہے کہ اس کے اہل و عیال بھی تقویٰ اور احسان کی روش اختیار کریں تاکہ اسے ٹھنڈک حاصل ہو۔ سورۂ تحریم میں یہی دونوں پہلو مزید وضاحت سے بیان ہوئے ہیں۔

چنانچہ اس میں اوّلاً ان مفاسد کا ذکر ہے جو ایک شوہر اور اس کی بیوی کے مابین اعتماد اور اُلفت و محبت کے ایک مناسب حد سے تجاوز کر جانے سے پیدا ہوتے ہیں یعنی شوہر کی جانب سے بیوی کی دلجوئی میں غلو جس کی مثال اس سے دی گئی کہ آنحضور

صلی اللہ علیہ وسلم نے "ابتغاء مرضاتِ ازواج" میں ایک حلال چیز کو اپنے اوپر حرام کرلیا) اور بیویوں میں شوخی کا مناسب حد سے بڑھ جانا جس سے حدود اللہ کے ٹوٹ جانے اور گھر کے نظام درہم برہم ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو جائے (اس کی مثال میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک راز کے بارے میں بعض ازواج مطہرات کی روش کو پیش کیا) واضح رہے کہ میاں بیوی کے مابین اعتماد اور باہمی الفت و محبت اور مودّت و رحمت فی نفسہ تو مطلوب ہیں لیکن ایک مناسب حد کے اندر اندر۔ نہ کہ لامحدود! (یہ بھی واضح رہے کہ سورۂ تحریم سے متصلاً قبل سورۂ طلاق ہے جو اس کے بالکل برعکس اس صورت سے بحث کرتی ہے جب میاں بیوی کے مابین یہ تمام چیزیں کم ہوتے ہوتے مفقود ہونے کی حد تک پہنچ جائیں، اور طلاق کی نوبت آجائے!)

اس منفی پہلو کی وضاحت کے بعد مثبت طور پر واضح کیا گیا ہے کہ ایک خاندان اور کنبے کے سربراہ کی حیثیت سے مرد پر اپنے اہل و عیال کے صرف نان نفقے ہی کی ذمّہ داری نہیں ہے بلکہ یہ ذمہ داری بھی ہے کہ وہ انہیں اللہ کے عذاب اور آخرت کی سزا سے بچانے کی فکر کرے۔ چنانچہ اسے ہر دم یہ فکر دامن گیر رہنی چاہیئے کہ کہیں اس کے محبوب اور لاڈلے اور چہیتے (زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ) آخرت میں جہنم کے ان فرشتوں کے حوالے نہ کر دیئے جائیں جن کے دل شفقت و رحمت اور ترحّم و رقت سے بالکل خالی ہوں گے۔ اور جہاں نافرمانوں کی ساری جزع و فزع اور فریاد و واویلے کا بس ایک ہی جواب ملے گا کہ یہ سب تمہاری اپنی کمائی ہے اور اس "خود کردہ" کا اب کوئی علاج نہیں (اس مقام پر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ خطبہ ذہن میں رہنا چاہیئے جو آپ نے اپنے قریب ترین عزیزوں کو جمع کر کے دیا تھا کہ:- "اے فاطمہ، محمدؐ کی لختِ جگر، اور اے صفیہ، محمدؐ کی پھوپھی اپنے آپ کو آگ سے نکالنے کی فکر کرو۔ اس لئے کہ خدا کے یہاں تمہارے بارے میں مجھے کوئی اختیار حاصل نہیں ہوگا!" صلی اللہ علیہ وسلم و فداہ ابی و امّی)

اس کے بعد دو باتیں ایسی ہیں جن کا بظاہر خاندانی و عائلی زندگی سے تو کوئی تعلق نہیں لیکن اس سورہ کے بنیادی مضمون اور اس کے عمومی مزاج سے گہرا ربط موجود ہے۔ یعنی ایک یہ عام مسلمانوں کو "توبہ نصوح" کی دعوت اور اس کے نتائج یعنی

تکفیرِ سیّات اور ادخالِ جنت کے وعدوں اور آخرت کی رسوائی سے بچاؤ اور میدانِ حشر میں ایمان اور اعمال صالحہ کے نور کے ظہور کے ذکر سے اس کی جانب پر زور تشویق و ترغیب اور دوسرے کفار اور منافقین کے ساتھ پوری سختی اور درشتی کے برتاؤ کا حکم اور ان کے ساتھ مجاہدے کے معاملے میں کسی نرمی کو راہ نہ دینے کی تاکید۔ ان میں سے مؤخر الذکر کے بارے میں تو بادنیٰ تامل واضح ہو جاتا ہے کہ یہ حکم اس سورت کے عمومی مزاج یعنی محبت و مودت اور رحمت و رافت کے حدِ اعتدال سے تجاوز کے خلاف تنبیہ کے ساتھ بالکل ہم آہنگ ہے، پہلا معاملہ البتہ ذرا غور طلب ہے۔ لیکن قدرے گہرائی میں اترنے سے جلد ہی یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ توبہ میں تاخیر اور اس کے مسلسل التوا کا اصل سبب انسان کی خود اپنے نفس پر بے جا نرمی، اور اس کے ساتھ حد سے زیادہ لاڈ پیار ہی ہے جس کے سبب سے انسان اس کے جا و بے جا تمام تقاضے اور مطالبے پورے کرتا چلا جاتا ہے۔ اور اس کی باگیں کھینچنے اور طنابیں کسنے کی جانب متوجہ نہیں ہوتا۔ (سورۂ تحریم کے اس مقام کا مثنیٰ، سورۂ حدید کے رکوع ۲ میں ہے جہاں حشر کے میدان میں نورِ ایمان و اعمال کے ظہور کا ذکر بھی ہے اور منافقین کی رسوائی کا تذکرہ بھی، اور ان کے بعد أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا ۔ ۔ ۔ ۔ الآیہ میں اسی تاخیر و التوا کی جانب اشارہ ہے)

آخر میں خواتین کے لئے ایک نہایت اہم ہدایت اور بنیادی رہنمائی ہے۔ اور ان کے اس عام مغالطے کا پردہ چاک کیا گیا ہے کہ وہ اپنے نان نفقے کی طرح شاید دین و ایمان کے معاملے میں بھی بالکلیہ مردوں ہی کے تابع (DEPENDANT) ہیں۔ اور یہ حقیقت بیان کی گئی ہے کہ عورت بھی مرد کی طرح ایک کامل شخصیت (PERSONALITY) کی حامل ہے اور اسے اپنے دین و ایمان اور فلاح و نجات کی فکر خود کرنی چاہیئے۔

اس ضمن میں چار خواتین کو مثال میں پیش فرمایا گیا ـــــ اور اس سے تین طرح کے حالات کی طرف اشارہ کر دیا جن سے ایک عورت کو امکانی طور پر سابقہ پیش آسکتا ہے یعنی ایک بہترین شوہر اور عمدہ ترین ماحول کے باوجود بدترین انجام جیسے حضرت نوح اور حضرت لوط علیہما السلام کی بیویاں۔ دوسرے بدترین شوہر اور

بدترین ماحول کے علی الرغم بہترین انجام جیسے فرعون کی بیوی حضرت آسیہ، اور تیسرے نُورٌ علی نور کے مصداق عمدہ ترین ماحول اور اس سے بہترین استفادہ جس کی مثال حضرت مریم صدیقہ ہیں۔ ان مثالوں سے قطعی طور پر ثابت ہو گیا کہ عورت لازماً اپنے شوہر اور ماحول کے تابع نہیں بلکہ اس کا معاملہ بھی لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ کے قاعدہ کلیہ کے عین مطابق ہے۔ (ان تین صورتوں کے علاوہ نظری طور پر ایک ہی صورت اور ممکن ہے اور وہ یہ کہ عورت خود بھی بدخو و بدطینت ہو اور اسے شوہر بھی ایسا ہی مل جائے گویا "ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ" والی صورت بن جائے۔ اس کا ذکر اس مقام پر اس لئے نہیں کیا گیا کہ قرآن مجید کی بالکل ابتدائی زمانے کی سورتوں میں سے سورۂ لَہَب میں ابولہب کی بیوی ام جمیل کے کردار کی صورت میں اس کا ذکر موجود!)

# مُسلمانوں کی سیاسی و مِلّی زندگی

# کے رہنما اُصول

# سُورۂ 'الحجرات' کی روشنی میں

انسان کی عملی زندگی کے ذیل میں اس منتخب نصاب میں چھٹا اور آخری مقام سورۂ حجرات مکمل ہے۔ یہ عظیم سورت اجتماعیاتِ انسانی کے ذیل میں عام سماجی و معاشرتی معاملات سے بلند تر سطح پر نہ صرف قومی و ملّی امور سے بحث کرتی ہے اور یہ بتاتی ہے کہ ملت اسلامیہ کی تاسیس اور تشکیل کن بنیادوں پر ہوتی ہے اور اس میں اتحاد و اتفاق اور یک جہتی و ہم رنگی کیسے برقرار رکھی جاسکتی ہے بلکہ سیاست و ریاست کے متعلق امور سے بھی بحث کرتی ہے کہ اسلامی ریاست کس بنیاد پر قائم ہوتی ہے، اس کا دستور اساسی کیا ہے، اس کی شہریت کیسے حاصل ہوتی ہے اور اس کا دُنیا کے دوسرے معاشروں یا اس کی دوسری ریاستوں سے تعلق کن بنیادوں پر استوار ہوگا۔

# سُورَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ حجرات مدینہ میں نازل ہوئی، اس کی اٹھارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں +

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان نہایت رحم والا +

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ

اے ایمان والو! آگے نہ بڑھو اللہ سے

وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ① يٰۤاَيُّهَا

اور اس کے رسول سے، اور ڈرتے رہو اللہ سے۔ اللہ سنتا ہے جانتا ف۱ + اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ

ایمان والو! اونچی نہ کرو اپنی آوازیں نبی کی آواز

النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ

سے اوپر، اور اس سے نہ بولو کھل کر، جیسے کھلتے ہو ایک دوسرے

لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ②

پر، کہیں اکارت نہ ہو جاویں تمہارے کیے، اور تم کو خبر نہ ہو ف۲ +

اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

جو لوگ دبی آواز بولتے ہیں رسول اللہ کے پاس،

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ۭ لَهُمْ

وہی ہیں جن کے دل جانچے ہیں اللہ نے ادب کے واسطے۔ ان کو

مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ③ اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ

معافی ہے اور نیگ بڑا + جو لوگ پکارتے ہیں تجھ کو

وَّرَاۗءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ④ وَلَوْ اَنَّهُمْ

دیوار کے باہر سے، وہ اکثر عقل نہیں رکھتے ف۳ + اور اگر وہ

صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۗ وَاللّٰهُ

صبر کرتے، جب تک تو نکلتا ان کی طرف، توان کو بہتر تھا۔ اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ

بخشتا ہے مہربان + اے ایمان والو! اگر آوے تم پاس

فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ

ایک گنہگار خبر لے کر، تو تحقیق کرو، کہیں جا نہ پڑو کسی قوم پر نادانی سے،

فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝۶ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ

پھر کل کو لگو اپنے کیے پر پچھتانے ف + اور جان لو، کہ

فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۗ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ

تم میں رسول ہے اللہ کا۔ اگر تمہاری بات مانا کرے بہت کاموں میں،

لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ

تو تم پر مشکل پڑے، پر اللہ نے محبت ڈالی تمہارے دل میں ایمان کی، اور اچھا دکھایا اس کو

فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَ

تمہارے دلوں میں، اور برا لگایا تم کو کفر اور گناہ اور

الْعِصْيَانَ ۗ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝۷ فَضْلًا مِّنَ

بے حکمی۔ وہ لوگ وہی ہیں نیک چال پر۔ اللہ کے فضل سے

اللّٰهِ وَنِعْمَةً ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۸ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ

اور احسان سے۔ اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا ف۲ + اور اگر دو فرقے

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ

مسلمانوں کے آپس میں لڑ پڑیں، تو ان میں ملاپ کرادو۔ پھر اگر چڑھا جاوے

اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى

ایک ان میں دوسرے پر، تو سب لڑو اس چڑھائی والے سے، جب تک

تَفِيٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا

پھر آوے اللہ کے حکم پر۔ پھر اگر پھر آیا، تو ملاپ کراؤ ان میں

بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿٩﴾

برابر، اور انصاف کرو۔ بے شک اللہ کو خوش آتے ہیں انصاف والے ف۱ +

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ ۚ وَ

مسلمان جو ہیں سو بھائی ہیں، ملا دو اپنے دو بھائیوں کو۔ اور

اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿١٠﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ڈرتے رہو اللہ سے، شاید تم پر رحم ہو + اے ایمان والو!

لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ

ٹھٹھا نہ کریں ایک لوگ دوسروں سے، شاید وہ بہتر ہوں ان سے،

وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ

اور نہ عورتیں دوسری عورتوں سے، شاید وہ بہتر ہوں ان سے۔

وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ بِئْسَ

اور عیب نہ دو ایک دوسرے کو، اور نام نہ ڈالو چڑ ایک دوسرے کی۔ برا نام ہے

الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ

گنہگاری پیچھے ایمان کے۔ اور جو کوئی توبہ نہ کرے،

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿١١﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

تو وہی ہیں بے انصاف ف۲ + اے ایمان والو!

اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّ

بچتے رہو بہت تہمتیں کرنے سے۔ مقرر بعضی تہمت گناہ ہے، اور

لَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ اَيُحِبُّ

بھید نہ ٹٹولو کسی کا، اور بد نہ کہو پیٹھ پیچھے ایک دوسرے کو۔ بھلا خوش لگتا ہے

أَحَدُكُمْ أَنْ يَّأْكُلَ لَحْمَ أَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۚ وَ

تم میں کسی کو، کہ کھاوے گوشت اپنے بھائی کا جو مردہ ہو، سو گھن آئے تم کو اس سے، اور

اتَّقُوا اللّٰهَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٢﴾ يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا

ڈرتے رہو اللہ سے۔ بے شک اللہ معاف کرنے والا مہربان ہے ف۱+ اے آدمیو! ہم نے

خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّأُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ

تم کو بنایا ایک نر اور مادہ سے، اور رکھیں تمہاری ذاتیں اور گوتیں،

لِتَعَارَفُوْا ۚ إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ أَتْقٰكُمْ ۚ إِنَّ اللّٰهَ

تا آپس کی پہچان ہو۔ مقرر عزت اللہ کے ہاں اسی کو بڑی جس کو ادب بڑا۔ اللہ

عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿١٣﴾ قَالَتِ الْأَعْرَابُ اٰمَنَّا ۚ قُلْ لَّمْ

سب جانتا ہے خبردار ف۲+ کہتے ہیں گنوار، ہم ایمان لائے۔ تو کہہ، تم

تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا أَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيْمَانُ

ایمان نہیں لائے، پر کہو مسلمان ہوئے، اور ابھی نہیں پیٹھا ایمان

فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۚ وَإِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ

تمہارے دلوں میں۔ اور اگر حکم پر چلو گے اللہ کے اور اس کے رسول کے کاٹ نہ لے گا تمہارے

مِّنْ أَعْمَالِكُمْ شَيْئًا ۚ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٤﴾ إِنَّمَا

کاموں میں سے کچھ۔ اللہ بخشتا ہے مہربان ف۳+ ایمان والے

الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ

وہ ہیں، جو یقین لائے اللہ پر اور اس کے رسول پر، پھر

يَرْتَابُوْا وَجَاهَدُوْا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ

شبہ نہ لائے، اور لڑائی کی اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان

اللّٰهِ ۚ أُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿١٥﴾ قُلْ أَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ

سے۔ وہ جو ہیں وہی ہیں سچے + تو کہہ، کیا جتاتے ہو اللہ کو

بِدِيْنِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

اپنی دینداری ؟ اور اللہ کو خبر ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور

الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٦﴾ يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ

زمین میں ۔ اور اللہ ہر چیز جانتا ہے ف۱ + تجھ پر احسان رکھتے ہیں

اَنْ اَسْلَمُوْا ۭ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ

کہ مسلمان ہوئے ۔ تو کہہ، مجھ پر احسان نہ رکھو اپنی مسلمانی کا ۔ بلکہ اللہ

يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ

تم پر احسان رکھتا ہے، کہ تم کو راہ دی ایمان کی، اگر

صٰدِقِيْنَ ﴿١٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَ

سچ کہو ف۲ + اللہ جانتا ہے چھپے بھید آسمانوں کے اور

الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٨﴾

زمین کے ۔ اور اللہ دیکھتا ہے جو کرتے ہو +

---

اس سورت کو بغرض تفہیم تین حصوں میں منقسم سمجھنا چاہیے ۔

پہلا حصہ مسلمانوں کی حیاتِ اجتماعی کے "اصل الاصول"، یعنی اسلامی ریاست کے دستورِ اساسی اور ملتِ اسلامیہ کی شیرازہ بندی ؎۱ کے اصل قوام یعنی "مرکزِ ملت" سے بحث کرتا ہے ۔

چنانچہ پہلی ہی آیت نے غیر مبہم طور پر واضح کر دیا کہ مسلمان معاشرہ اور اسلامی ریاست "مادر پدر آزاد" نہیں بلکہ اللہ اور اسکے رسول کے احکام کے 'پابند' ہیں، اور مسلمانوں کی آزادی کے معنی صرف یہ ہیں کہ خدا اور رسول کی اطاعت کے لئے دوسری ہر طرح کی غلامی سے آزاد ہو جائیں ۔ گویا کہ ایک فرد کی طرح اجتماعیت بھی صرف وہی "مسلمان" قرار دی جا سکتی ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان کردہ تشبیہ کے مطابق اسی

---

؎۱ ۔ کتابِ ملت بیضا کی پھر شیرازہ بندی ہے — یہ شاخِ ہاشمی کرنے کو ہے پھر برگ و بر پیدا

طرح اللہ اور اس کے رسول صلعم کے احکام کے ساتھ بندھی ہوئی ہو جیسے ایک گھوڑا اپنے کھونٹے سے بندھا ہوا ہوتا ہے۔ اس طرح یہ آیت مسلمانوں کی ہیئت اجتماعی کے اصل الاصول یعنی ایک اسلامی ریاست کے دستور اساسی میں حاکمیت سے متعلق اوّلین دفعہ کو متعیّن کر دیتی ہے کہ یہاں حاکمیّت نہ کسی فرد کی ہے نہ طبقے کی، نہ قوم کی ہے نہ جمہور کی بلکہ صرف خدا کی ہے (اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ) اور اسلامی ریاست کا کام (FUNCTION) صرف یہ ہے کہ رسولؐ کی تشریح و توضیح کے مطابق خدا کی مرضی و منشا کو پورا کرے۔ ؎

آیت کے اخیر میں اس اطاعت کی اصل رُوح کی جانب بھی اشارہ کر دیا گیا ہے۔ یعنی تقویٰ اللہ۔ اس کے بعد مسلمانوں کی ہیئت اجتماعی کی ۔ اصل ثانی، کو واضح کیا گیا جس کے گرد مسلمانوں کی حیاتِ ملّی کی اصل شیرازہ بندی ہوتی ہے۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب، آپ کی تعظیم و توقیر، آپ سے محبت اور عشق اور آپ کے مقام و مرتبہ سے آگاہی (وَاعْلَمُوٓا اَنَّ فِيكُمْ رَسُولَ اللّٰهِ) اور ہر اُس قول و فعل یا رویے اور برتاؤ سے کامل اجتناب جس سے ادنیٰ ترین درجے میں بھی گستاخی یا تحقیر و توہین کا پہلو نکلتا ہو (بقول ادب گاہیست زیرِ آسمان از عرش نازک تر!)

مسلمانوں کی ہیئت اجتماعی کی ان دو بنیادوں میں سے پہلی چونکہ عقیدۂ توحید فی الالوہیۃ کا لازمی نتیجہ ہے اور اس اعتبار سے گویا قرآن حکیم کے ہر صفحے پر بطرز جلی اس کا ذکر موجود ہے لہذا اس مقام پر اس کا ذکر صرف ایک آیت میں کر دیا گیا۔ اس کے بالمقابل اصل ثانی پر انتہائی زور دیا گیا۔ اور بعض متعیّن واقعات پر گرفت اور سرزنش کے کے ضمن میں واضح کر دیا گیا کہ ؎

بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست!
اگر بہ اُو نہ رسیدی تمام بولہبی است!!

اس لئے کہ حقیقت یہ ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی میں ملّت اسلامیہ کے پاس وہ مرکزی شخصیت، موجود ہے جس سے تمدن انسانی کی وہ فطری ضرورت بتمام و کمال اور بغیر تصنّع و تکلف پوری ہو جاتی ہے جس کے لئے دوسری قوموں کو باقاعدہ تکلف و اہتمام کے ساتھ شخصیتوں کے بُت تراشنے اور ہیرو، (HEROES) گھڑنے کا کھکیڑ مول لینا پڑتا ہے۔ مزید برآں دنیا کی دوسری اقوام تو بحکم "ہر دمی تراشد فکر ما بردم خداوند دیگر،،! کے مصداق مجبور ہیں کہ ہر دور میں ایک نئی شخصیت کا بت تراشیں، لیکن ملّتِ اسلامیہ

کے پاس ایک دائم و قائم مرکز، موجود ہے جو اُس کے ثقافتی تسلسل (CULTURAL CONTINUITY) کا ضامن ہے ،اس اعتبار سے دیکھا جائے تو " اَنَّ فِیْکُمْ رَسُوْلَ اللّٰہِ" میں خطاب صرف صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ہی سے نہیں بلکہ تاقیامِ قیامت پوری اُمّت مسلمہ سے ہے ) اس دوام اور تسلسل کے ساتھ ساتھ، اُمّت مسلمہ کی وسعت اور پھیلاؤ پر بھی نگاہ رہے تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ یہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی مرکزیت ، ہی کا ثمرہ ہے کہ مشرق اقصیٰ سے لے کر مغرب بعید تک پھیلی ہوئی قوم میں نسل و لسان کے شدید اختلاف اور تاریخی و جغرافیائی عوامل کے انتہائی بُعد کے علی الرغم ایک گہری ثقافتی یک رنگی (CULTURAL HOMOGENIETY) موجود ہے - اور اسی کی فرع کے طور پر اس حقیقت پر بھی ہمیشہ متنبہ رہنا چاہیئے کہ مختلف مسلمان ممالک میں علیحدہ علیحدہ قیادتوں اور علاقائی شخصیتوں، کو بس ایک حد تک ہی ابھارنا چاہیئے ، اس سے تجاوز کی صورت میں اس سے 'وحدتِ ملّت' ، کی جڑیں کمزور ہونے کا اندیشہ ہے - گویا بقول علّامہ اقبال ؎

یہ زائرینِ حریمِ مغرب ہزار رہبر بنیں ہمارے　　　ہمیں بھلا ان سے واسطہ کیا جو تجھ سے نا آشنا رہے ہیں

روئے زمین کی تمام مسلمان اقوام کو معیار قیادت ایک ہی رکھنا چاہیئے اور وہ ہے ذاتِ محمدؐ فداہ ابی و امّی صلی اللہ علیہ وسلّم -

مسلمانوں کی ہیئت اجتماعی کی متذکرہ بالا دو بنیادوں میں سے ایک زیادہ تر عقلی و منطقی ہے اور دوسری نسبتاً جذباتی ، پہلی پر دستور و قانون کا دار و مدار ہے اور دوسری پر تہذیب و ثقافت کی تعمیر ہوتی ہے اور ان دونوں کا باہمی رشتہ ایک دائرے اور اُس کے مرکز کا ہے - مسلمان اجتماعیت کے اس دائرے میں محصور ہے جو خدا اور اس کے رسول کے احکام نے کھینچ دیا ہے اور اس کے مرکز کی حیثیت آنحضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی دلآویز اور دلنواز شخصیت کو حاصل ہے جن کے اتّباع کے جذبے سے اس ہیئت اجتماعی کو ثقافتی یکرنگی نصیب ہوتی ہے اور جن کی محبت کے رشتے سے اس کے افراد ایک مرکز سے بھی وابستہ رہتے ہیں اور باہم اگر بھی جڑے رہتے ہیں .

( اب اس معذرت کے ساتھ آگے چلتا ہوں کہ 'مقام رسالت' ، کے ذکر میں طول کلام فی الواقع ؏ " لذیذ بود حکایت دراز تر گفتم !" کے مصداق ہے )

**دوسرا حصہ** ان احکامات پر مشتمل ہے جن پر عمل پیرا ہونے سے ملت اسلامیہ کے افراد اور گروہوں اور جماعتوں کے مابین رشتۂ محبت و الفت کے کمزور ہونے کے امکانات کم ہو جاتے ہیں اور اختلاف و انتشار اور فتنہ و فساد کو بڑھنے سے روکا جا سکتا ہے۔ ان احکامات کو بھی مزید دو عنوانات میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ایک وہ اہم تر احکام جو وسیع تر پیمانے پر گروہوں کے مابین تصادم سے بحث کرتے ہیں اور دوسرے وہ بظاہر چھوٹے لیکن حقیقتہً نہایت بنیادی احکام جو خالص انفرادی سطح پر نفرت اور عداوت کا سدباب کرتے ہیں۔

مقدم الذکر احکام دو ہیں: ۱۔ افواہوں کی روک تھام اور کسی حتمی فیصلے اور عملی اقدام سے قبل اچھی طرح تحقیق و تفتیش اور چھان بین کا اہتمام[1] اور ۲۔ نزاع کے واقع ہو جانے کی صورت میں صحیح طرز عمل ۔ یعنی ا: یہ کہ فریقین کے مابین صلح کرانے کو اجتماعی ذمہ داری اور معاشرتی فرض سمجھا جائے گویا کہ لاتعلقی (INDIFFERENCE) کی روش کسی طور صحیح نہیں، ب: اس کے بعد بھی اگر ایک فریق زیادتی ہی پر مصر رہے تو اب اس کا مقابلہ صرف فریق ثانی ہی کو نہیں پوری ہیئت اجتماعیہ کو کرنا چاہیئے اور ج: جب وہ گردن جھکا دے تو از سر نو عدل و قسط پر مبنی صلح کرا دی جائے۔ (اس مقام پر عدل اور قسط کا مکرر موکد ذکر خاص طور پر اس لئے ہے کہ جب پوری ہیئت اجتماعیہ اس فریق سے ٹکرائے گی تو فطری طور پر اس کا امکان موجود ہے کہ دوبارہ صلح میں اس فریق پر غصے اور جھنجلاہٹ کی بنا پر زیادتی ہو جائے!)

موخر الذکر احکام چھ نواہی پر مشتمل ہیں یعنی ان میں ان چھ معاشرتی برائیوں سے منع فرمایا گیا ہے جن کے باعث بالعموم دو افراد یا گروہوں کے مابین رشتۂ محبت والفت کمزور پڑ جاتا ہے اور اس کی جگہ نفرت و عداوت کے بیج بوئے جاتے ہیں اور ایسی کدورت پیدا ہو جاتی ہیں جو پھر کسی طرح نہیں نکلتی۔ اس لئے کہ عام ضرب المثل کے

---

[1] اس سلسلے میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ الفاظ مبارک مستحضر رہنے چاہئیں کہ "کفیٰ بالمرء کذبًا اَنْ یُّحَدِّثَ بِکُلِّ مَا سَمِعَ"، ایک شخص کے جھوٹے ہونے کے لئے یہ بات بالکل کافی ہے کہ وہ جو کچھ سنے اُسے آگے بیان کر دے (یعنی آگے بیان کرنے سے قبل اس کی صحت کی تحقیق و تصدیق نہ کرے!)

مطابق تلواروں کے گھاؤ بھر جاتے ہیں لیکن زبان کے زخم کبھی مندمل نہیں ہوتے! وہ چھ چیزیں یہ ہیں - ۱ - تمسخر (اس کے سدِّباب کے لئے اس نہایت گہری حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا کہ ایک انسان دوسرے انسان کے صرف ظاہر کو دیکھتا ہے اور اسی کی وجہ سے تمسخر کا مرتکب ہو بیٹھتا ہے حالانکہ اصل چیز انسان کا باطن ہے اور خدا کی نگاہ میں انسانوں کی قدر و قیمت اُن کے باطن کی بنیاد پر ہے) ۲ - عیب جوئی اور تہمت (اس کے ذیل میں اس حقیقت کی طرف توجہ دلائی کہ جب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں تو کسی دوسرے مسلمان کو عیب لگانا گویا خود اپنے آپ کو عیب لگانا ہے)، ۳ - تنابز بالالقاب، یعنی لوگوں یا گروہوں کے توہین آمیز نام رکھ لینا (اس کے ضمن میں اشارہ فرمایا کہ اسلام لانے کے بعد بُرائی کا نام بھی نہایت بُرا ہے)، ۴ - سوءِ ظن (اس لئے کہ بہت سے ظن گناہ کے درجے میں ہیں) ۵ - تجسّس اور ۶ - آخری اور اہم ترین، غیبت جس کی شناعت کے اظہار کے لئے حد درجہ بلیغ تشبیہ اختیار کی یعنی یہ کہ کسی مسلمان کی غیبت ایسی ہے جیسے کسی مردہ بھائی کا گوشت کھانا - (اس لئے کہ جس طرح ایک مردہ اپنے جسم کا دفاع نہیں کر سکتا اسی طرح ایک غیر موجود شخص بھی اپنی عزت کے تحفظ پر قادر نہیں ہوتا -

**الغرض** ان آٹھ اوامر و نواہی سے مسلمانوں کی ہیئتِ اجتماعیہ کا استحکام مطلوب ہے - اس لئے کہ جس طرح بڑی سے بڑی فصیل بھی بہرحال اینٹوں ہی سے بنی ہوتی ہے اور اس کے استحکام کا دار و مدار جہاں اینٹوں کی پختگی اور مضبوطی پر ہوتا ہے وہاں اینٹوں کو جوڑنے والے گارے یا چونے یا کسی دیگر مسالے ( CEMENT SUBSTANCE ) کی پائیداری پر بھی ہوتا ہے - اسی طرح ملّتِ اسلامیہ کے استحکام کے لئے بھی جس قدر مسلمانوں میں سے ہر ہر فرد کا سیرت و کردار کے اعتبار سے پختہ ہونا ضروری ہے اسی قدر اُن کے مابین رشتۂ محبت و اُلفت کی استواری بھی لازمی ہے - یہ البتہ واضح رہے کہ ملّتِ اسلامیہ کا استحکام عام قومی تصوّرات کے تحت دنیوی غلبہ و اقتدار کے لئے نہیں بلکہ اس لئے مطلوب ہے، کہ وہ ع "ہم تو جیتے ہیں کہ دُنیا میں ترا نام رہے!" کے مصداق خدا کی زمین پر خدا کی مرضی پوری کرنے کا ذریعہ اور آلہ ( INSTRUMENT ) ہے!

**تیسرا حصّہ** دو انتہائی اہم مباحث پر مشتمل ہے!

۱ - پہلی بحث انسان کی عزّت و شرف کے معیار سے متعلق ہے جس کے ذیل میں واضح

کر دیا گیا ہے کہ انسان کی عزت و ذلت یا شرافت و رذالت کا معیار نہ کنبہ ہے نہ قبیلہ، نہ خاندان ہے نہ قوم، نہ رنگ ہے نہ نسل، نہ ملک ہے نہ وطن، نہ دولت ہے نہ ثروت، نہ شکل ہے نہ صورت، نہ حیثیت ہے نہ وجاہت، نہ پیشہ ہے نہ حرفہ اور نہ مقام ہے نہ مرتبہ بلکہ صرف و تقویٰ ہے اس لئے کہ پوری نوع انسانی ایک ہی خدا کی مخلوق بھی ہے اور ایک ہی انسانی جوڑے (آدم و حوا) کی اولاد بھی۔

یہ بحث فی نفسہٖ بھی نہایت اہم ہے اس لئے کہ واقعہ یہ ہے کہ دُنیا میں بدامنی اور انتشار اور انسانوں کے مابین تصادم اور ٹکراؤ کا بہت بڑا سبب نسل اور نسب کا غرور ہی ہے اور یہ قومی گروہی مفاخرت ہی ہے جو مابین الانسانی منافرت کا اصل سبب بنتی ہے (اس سلسلے میں یہ حقیقت پیش نظر رہنی چاہیئے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بدترین دشمن ؎۱ دشمن بھی معترف ہیں کہ آپ نے واقعتاً انسانی عزت و شرف کی متذکرہ بالا تمام غلط بنیادوں کو منہدم کر دیا اور انسانی مساوات اور اخوت کی بنیادوں پر ایک معاشرہ عملاً قائم فرما دیا!) لیکن خاص طور پر اس مقام پر اس بحث کے دو رُخ لائق توجہ ہیں — ایک ؎۱، یہ کہ اوپر جن سماجی برائیوں سے منع فرمایا گیا تھا مثلاً تمسخر و استہزاء اور عیب جوئی و بدگوئی ان کی جڑ میں جو گمراہی کارفرما ہے وہ اصل میں یہی نسل و نسب کی بنیاد پر تفاخر و تباہی کا جذبہ ہے اور — دوسرے ؎۲ یہ کہ اسلام ان میں سے کسی چیز کی بنیاد پر انسانوں کے مابین تفریق و تقسیم کا قائل نہیں بلکہ وہ ایک خالص نظریاتی معاشرہ اور ریاست قائم کرنا چاہتا ہے۔ اس کے یہاں انسانوں کے مابین صرف ایک تقسیم معتبر ہے اور وہ ہے ایمان کی تقسیم اور اہل ایمان کے حلقے میں بھی اس کے نزدیک صرف ایک معیار عزت و شرف معتبر ہے اور وہ ہے تقویٰ کا معیار!

---

؎۱ چنانچہ ایچ جی ویلز (H · G · WELLS) اپنی "مختصر تاریخ عالم" میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبۂ حجۃ الوداع کے ذیل میں واضح طور پر اقرار کیا ہے کہ انسانی مساوات و اخوت کے نہایت اونچے وعظ تو اگرچہ مسیح ناصری (علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام) کے یہاں بھی موجود ہیں لیکن ان بنیادوں پر تاریخ میں پہلی بار ایک معاشرے کا واقعی قیام صرف محمد عربی (صلی اللہ علیہ وسلم ادفداہ ابی و امی) کا کارنامہ ہے۔

اس سلسلے میں ضمنی طور پہ ایک دوسری نہایت اہم حقیقت کی طرف بھی اشارہ ہو گیا یعنی یہ کہ اسلامی معاشرہ اور ریاست کا باقی انسانی معاشروں اور ریاستوں سے ربط و تعلق ان دو بنیادوں پر قائم ہو سکتا ہے جو پوری نوعِ انسانی کے مابین مشترک ہیں یعنی ۱۔ وحدتِ الٰہ اور ۲۔ وحدتِ آدم ۔ اسی اہم حقیقت کو اجاگر کرنے کے لئے اس مقام پر تخاطب اس سورت کے عام اسلوب سے ہٹ کر بجائے "یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا" کے "یَا اَیُّهَا النَّاسُ" سے ہوا ( واضح رہے کہ قرآن حکیم میں سورہ حجرات کی اس آیت مبارکہ کا مثنیٰ سورہ نساء کی پہلی آیت ہے جس میں یہ تمام حقائق ایک عکسی ترتیب سے بیان ہوئے ہیں )

۲ ۔ دوسری اہم بحث اسلام اور ایمان کے مابین فرق و تمیز کی وضاحت سے متعلق ہے !

واضح رہے کہ قرآن حکیم میں ایمان و اسلام اور مومن و مسلم کی اصطلاحات اکثر و بیشتر ہم معنی اور مترادف الفاظ کی حیثیت سے استعمال ہوئی ہیں ۔ اس لئے کہ واقعہ یہی ہے کہ یہ ایک ہی تصویر کے دو رُخ ہیں ۔ اور ایمان انسان کی جس داخلی کیفیت کا نام ہے اسلام اس کا خارجی ظہور ہے ، لہٰذا جو انسان قلب میں ایمان و یقین کی دولت رکھتا ہو اور عمل میں اسلام اور اطاعت کی روش اختیار کر لے اسے "اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی" ، ایک انگریزی مقولے کے مصداق چاہے مومن کہہ لیا جائے چاہے مسلم بات ایک ہی ہے ؛ بخلاف اس مقام کے کہ یہاں ایمان و اسلام کو ایک دوسرے کے مقابل لایا گیا ہے اور ایمان کی نفیٔ کامل کے علی الرغم اسلام کا اثبات کیا گیا ہے ۔

اس مقام پر اس بحث کے لانے کا اصل مقصد یہ ہے کہ یہ اہم اور بنیادی حقیقت واضح ہو جائے کہ اسلامی معاشرے میں شمولیت اور اسلامی ریاست کی شہریت کی بنیاد ایمان پر نہیں ہے بلکہ اسلام پر ہے ، اس لئے کہ ایمان ایک باطنی حقیقت ہے جو کسی قانونی بحث و تفتیش اور ناپ تول کا موضوع نہیں بن سکتی ۔ لہٰذا مجبوری ہے کہ دنیا میں بین الانسانی معاملات کو صرف خارجی رویّے کی بنیاد پر استوار کیا جائے جس میں ایمان کا زیادہ سے زیادہ صرف "اِقْرَارٌ بِاللِّسَان" والا پہلو شامل ہو سکتا ہے ۔

(CALL THE ROSE BY ANY NAME: IT WILL SMELL AS SWEET)

اس کے علاوہ اس بحث سے دو مزید عظیم حقائق کی جانب رہنمائی ہو گئی ۔

ایک[1] : یہ کہ انسان کی ایک ایسی حالت بھی ممکن ہے کہ اس کی دل میں نہ تو مثبت وایجابی طور پر ایمان ہی متحقق ہو نہ منفی و سلبی طور پر نفاق ۔ بلکہ ایک خلا کی سی کیفیت ہو لیکن اس کے عمل میں اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت موجود ہو۔ اس حال میں اگرچہ اس قاعدہ کلیہ کی رُو سے کہ بغیر ایمان انسان کا کوئی عمل بارگاہِ خداوندی میں مقبول نہیں ہو سکتا ۔ یہ چیز بھی مبنی بر عدل ہی ہوتی کہ ایسی اطاعت قبول نہ کی جاتی لیکن یہ اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل و کرم ہے (جس کی جانب اشارہ دو اسمائے حسنیٰ غفورٌ اور رحیمٌ سے کر دیا گیا) کہ اس اطاعت کو بھی سند قبول عطا فرما دی گئی ۔ (واضح رہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے آخری دور میں جب " وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللَّهِ أَفْوَاجًا ،، کی صورت ہوئی تو اس وقت بھی بہت سے لوگوں کے ایمان و اسلام کی نوعیت یہی تھی اور بعد میں تو ہر دور میں امت مسلمہ کے سواد اعظم کا حال یہ رہا ہی ہے!)

دوسرے[1] یہ کہ حقیقی ایمان کی بھی ایک جامع و مانع تعریف بیان ہو گئی ، اور واضح کر دیا گیا کہ فی الحقیقت ایمان نام ہے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسے پختہ یقین کا جس میں شکوک و شبہات کے کانٹے چبھے نہ رہ گئے ہوں اور جس کا اوّلین اور نمایاں ترین عملی مظہر جہاد فی سبیل اللہ ہے یعنی یہ کہ انسان ہدایت آسمانی کی نشر و اشاعت اور حق کی شہادت ، اور اللہ کے دین کی تبلیغ و تعلیم اور اس کے غلبہ و اظہار کے لئے جان و مال سے کوشش کرے اور اس جد و جہد میں تن من دھن سب کو قربان کر دے۔ آیت کے آخر میں مزید کھول دیا گیا کہ صرف ایسے ہی لوگ اپنے دعوائے ایمان میں سچے ہیں

سورۂ حجرات کی اس آیہ کریمہ (إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ) پر گویا کہ ہمارے منتخب نصاب کا جزو ثانی ختم اور جزو ثالث شروع ہو جاتا ہے ۔ اس لئے کہ سورۃ والعصر میں بیان شدہ چار لوازم نجات کو اس آیت میں دو اصطلاحات میں جمع کر دیا گیا ہے ایک ایمان حقیقی جو جامع ہے ایمان قولی اور عمل صالح دونوں کا اور دوسرے جہاد فی سبیل اللہ جو جامع ہے تواصی بالحق اور تواصی بالصبر کا چنانچہ یہیں سے تواصی بالحق کی تفصیلی بحث کا آغاز ہوتا ہے ۔

---

[1] واضح رہے کہ دوسرے ایمانیات ان کے ذیل میں آپ سے آپ مندرج ہو گئے۔

حصہ چہارم

# تواصی بالحق

کا

ذُرْوَةُ السَّنَامُ

# جہاد و قتال

# فی سبیل اللہ!

---

★ سُورۂ حج کا آخری رکوع

★ سُورۂ صف (مکمل)

★ سُورہ جمعہ (مکمل)

★ سُورہ توبہ کی آیت نمبر ۲۴

★ سُورہ منافقون (مکمل)

مع دو تقاریر بعنوان 'حقیقتِ جہاد' و 'حقیقتِ نفاق'

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سورۂ والعصر میں بیان شدہ شرائطِ نجات یا لوازمِ فوز و فلاح میں سے تیسری شرطِ لازم کو 'تواصی بالحق' کے سہ درجہ جامع عنوان سے تعبیر فرمایا گیا ہے - اس اصطلاح میں 'تواصی' کے اصل مصدر یعنی وصیت میں بھی اصلاً تاکید و اہتمام کا مفہوم موجود ہے، مزید برآں جب یہ باب تفاعل میں آیا تو اس میں مزید مبالغہ کا مفہوم بھی پیدا ہو گیا اور یہ بھی کہ یہ ایک صالح اجتماعیت کے لازمی مقتضیات میں سے ہے کہ اس کے شرکار باہم ایک دوسرے کو حق کی تلقین کرتے رہنے کو اپنا فرضِ عین سمجھیں، دوسری طرف 'حق' کا لفظ بھی بے حد جامع ہے جس میں چھوٹے سے چھوٹے حقوق سے لیکر اس سلسلہ کون و مکان کی عظیم ترین حقیقت یعنی "لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ" - اور "اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰہ" تک سب کچھ شامل ہے - - - - اس کے بعد جامع اسباق میں سے تیسرے سبق میں 'امر بالمعروف و نھی عن المنکر' کی اصطلاح آچکی ہے جس نے اسی 'تواصی بالحق' کی وسعت اور ہمہ گیری کو اُجاگر کر دیا یعنی ہر خیر، ہر نیکی، ہر بھلائی، ہر حقیقت اور ہر صداقت کی تبلیغ و تلقین، دعوت و نصیحت، تشہیر و اشاعت، اعلان و اعتراف، حتیٰ کہ ترویج و تنفیذ اور بدی اور برائی کی ہر صورت پر ردّ و قدح، تنقید و احتساب، انکار و ملامت، حتیٰ کہ انسداد و استیصال کی ہر ممکن سعی و کوشش — اور پھر چوتھے جامع سبق میں وارد شدہ اصطلاح 'دعوت الی اللہ' نے اسی 'تواصی بالحق' کی بلند ترین منزل کی نشاندھی کر دی اس لئے کہ بعنوائے الفاظِ قرآنی 'ذَالِكَ بِاَنَّ اللّٰہَ ھُوَالْحَقُّ' (سورہ حج آیت نمبر ۶) مجسّم اور کامل حق' تو صرف ذاتِ حق سبحانہٗ تعالےٰ ہی ہے اور "وہی ذاتِ واحد عبادت کے لائق، زبان اور دل کی شہادت کے لائق!" کے مطابق اسیؐ کی اطاعت و عبادت کا التزام اور اسی کی شہادت علیٰ رؤوس الاشہاد اور اسی کی اساس پر انفرادی اور اجتماعی زندگی کو استوار کرنے کی سعی و جہد 'تواصی بالحق' کا ذروہ سنام' یا نقطۂ عروج ہے اور اسی کا جامع عنوان قرآن و حدیث کی رُو سے 'جہاد فی سبیل اللہ' ہے جس کی آخری چوٹی 'قتال فی سبیل اللہ' ہے - چنانچہ اس منتخب نصاب کا حصۂ چہارم کُل کا کل جہاد و قتال فی سبیل اللہ کے موضوع پر قرآن حکیم کے چند جامع مقامات پر مشتمل ہے جس کے آخر میں نفاق بھی زیرِ بحث آیا ہے اس لئے کہ نفاق کا اصل سبب اکثر و بیشتر حالات میں جہاد و قتال فی سبیل سے اعراض و انکار کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا!

طالب و مطلوب کی نسبت کے حوالے سے

# فلسفۂ دین کی ایک اہم بحث

☆

مطالباتِ دین کے بیان کے ضمن میں

# قرآنِ حکیم کا ایک اور جامع مقام

# اور

جہاد فی سبیل اللہ کی غایتِ اُولیٰ

# شہادت علی الناس

سورۃ الحج کے آخری رکوع کی روشنی میں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا
اے لوگو ایک مثل کہی ہے سو اُس پر کان

لَهٗ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا
رکھو جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوائے ہرگز نہ بنا سکیں گے ایک مکھی

وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ

اگرچہ سارے جمع ہو جائیں اور اگر کچھ چھین لے اُن سے مکھی چھڑا نہ سکیں وہ

مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ﴿٧٣﴾ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ

اُس سے بودا ہے چاہنے والا اور جن کو چاہتا ہے اللہ کی قدر نہیں سمجھے

حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿٧٤﴾ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ

جیسی اُس کی قدر ہے بیشک اللہ زور آور ہے زبردست اللہ چھانٹ لیتا ہے

الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٧٥﴾ ۚ

فرشتوں میں پیغام پہنچانے والے اور آدمیوں میں اللہ سنتا دیکھتا ہے

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ

جانتا ہے جو کچھ اُن کے آگے ہے اور جو کچھ اُن کے پیچھے اور اللہ تک پہنچ ہے

الْاُمُوْرُ ﴿٧٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا

ہر کام کی اے ایمان والو رکوع کرو اور سجدہ کرو اور بندگی کرو

رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٧٧﴾ ۚ وَجَاهِدُوْا

اپنے رب کی اور بھلائی کرو تاکہ تمہارا بھلا ہو اور محنت کرو

فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ

اللہ کے واسطے جیسی کہ چاہیئے اُس کے واسطے محنت اُس نے تم کو پسند کیا اور نہیں رکھی تم پر

فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ

دین میں کچھ مشکل دین تمہارے باپ ابراہیم کا اُسی نے نام رکھا تمہارا

الْمُسْلِمِيْنَ ۙ۬ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ

مسلمان پہلے سے اور اس قرآن میں تاکہ رسول ہو

شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۖۚ فَاَقِيْمُوا

بتانے والا تم پر اور تم ہو بتانے والے لوگوں پر سو قائم رکھو

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ

نماز اور دیتے رہو زکوٰۃ اور مضبوط پکڑو اللہ کو وہ تمہارا مالک ہے

فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٧٨﴾

سو خوب مالک ہے اور خوب مددگار

سورۃ الحج کے آخری رکوع کو، جو کل چھ آیات پر مشتمل ہے بجا طور پر قرآن حکیم کے جامع ترین مقامات میں شمار کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے کہ اس کی ابتدائی چار آیات میں خطاب یَا اَیُّھَا النَّاسُ کے الفاظ سے ہے، اور ان میں قرآنِ مجید کی اُس اساسی دعوت یعنی دعوتِ ایمان کا خلاصہ آگیا ہے جو وہ ہر فردِ نوعِ بشر کے سامنے پیش کرتا ہے ——— اور آخری دو آیات میں خطاب "یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا" کے الفاظ سے ہوا ہے اور اُس میں اُس 'دعوتِ عمل' کا خلاصہ آگیا ہے جس کا تقاضا قرآن ہر اس شخص سے کرتا ہے جو ایمان کا دعویٰ ہو یعنی دعوتِ ایمان کو قبول کرنے کا اعلان واعتراف کرے۔

شرک اور توحید کے بیان میں یہاں قرآن کے عام اسلوب کے مطابق بطرزِ جلی تو ذکر ہوا ہے بُت پرستی کا جس میں وہ اہلِ عرب مبتلا تھے جو قرآن کے اوّلین مخاطب تھے لیکن بطرزِ خفی ایک ایسی عمومی اور جامع بات بھی مختصر ترین الفاظ میں کہہ دی گئی ہے جسے فلسفہ و حکمتِ دین کے اس اہم ترین باب کے کل مباحث کا لُبِ لباب قرار دیا جا سکتا ہے۔ یعنی یہ کہ اصل توحید یہ ہے کہ انسان کا مطلوب و مقصودِ اصلی اور محبوبِ حقیقی صرف اللہ ہو اور شرک یہ ہے کہ اُس کے نہاں خانۂ قلب میں اِس تخت پر کُلی یا جزوی طور پر کوئی اور براجمان ہو جائے۔

اس ضمن میں 'طالب و مطلوب' کی نسبت سے اُن اہم حقائق و معارف کی جانب رہنمائی فرما دی گئی جن کو دَورِ حاضر میں 'فلسفۂ خودی' کے نام سے مختصر طور پر پیش کیا علامہ اقبال مرحوم نے اور جن کو تفصیل کے ساتھ مُدوّن کیا "نصب العینوں یا آدرشوں کے فلسفے" کے عنوان سے ڈاکٹر رفیع الدین مرحوم نے اپنی عظیم تصنیف "IDEOLOGY OF THE FUTURE" میں جس کا حاصل یہ ہے کہ:

۱۔ انسان حیوانات سے جن اعتبارات سے ممیز ہے اُن میں سے ایک اہم اور اساسی امر یہ ہے کہ حیوان کا اپنا کوئی مقصد اور نصب العین نہیں ہوتا۔ گویا وہ 'زندگی برائے زندگی' کے اصول پر عمل پیرا ہوتا ہے یہ دوسری بات ہے کہ انسان اُسے اپنے مقاصد کے حصول کے لیے آلۂ کار بنا لے، جبکہ انسان اپنا ایک ہدفِ مقصود معین کرتا ہے اور اُس کے لیے دوڑ دھوپ کرتا ہے۔ (اس سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ جو لوگ بغیر کسی معین نصب العین کے زندگی بسر کرتے ہیں وہ انسانیت کی نسبت حیوانیت سے زیادہ قریب ہوتے ہیں!)

۲۔ انسان جو نصب العین اختیار کر کے اُس کے حصول کے لیے جدوجہد کرتا ہے اُس کی اپنی شخصیت بھی اسی رُخ پر تعمیر ہوتی ہے۔ گویا نصب العین پست ہو تو اُس کے لیے سعی و جہد کے نتیجے میں ایک پست سیرت وجود میں آتی ہے اور نصب العین اعلیٰ و ارفع ہو تو اُس تک رسائی کے لیے جو محنت و مشقت کی جائے

گی اُس سے خود انسانی شخصیت کو بھی ترفع حاصل ہوگا۔ (اس ضمن میں کمند کی مثال بہت عمدہ ہے کہ انسان اُسے جس قدر اُونچا پھینک سکے گا، اُسی قدر بلندی تک خود بھی چڑھ سکے گا۔)

۳۔ تمام آدرشوں میں سب سے اُونچا آدرش اور تمام نصب العینوں میں اعلیٰ ترین نصب العین ذاتِ باری تعالیٰ ہے۔ ع "منزلِ ما کبریاست!" اور "یزداں بکمند آور اے ہمّتِ مردانہ!" اور اللہ ہی کو اپنا محبوبِ حقیقی اور مطلوب و مقصودِ اصلی قرار دے کر جب انسان جدّوجُہد کرتا ہے تو اُس سے جو شخصیت وجود میں آتی ہے اُس کا کامل و اکمل نمونہ تو ہے ذاتِ محمّدی علیٰ صاحبہا الصّلوٰۃ والسلام، البتہ اس کے درجہ بدرجہ پرتو اور عکس ہیں جو نظر آتے ہیں دیگر انبیاء و رُسل علیہم السّلام، حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اور صوفیائے عظام رحمہم اللہ کی مبارک شخصیتوں میں!

"ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ" کے مختصر ترین الفاظ میں مضمر ان عظیم حقائق و معارف کے ساتھ ساتھ "مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ" کے حد درجہ جامع الفاظ میں شرک کے اصل سبب اور اس کی 'عِلّتُ العِلَل' کی نشاندہی بھی فرما دی گئی۔ یعنی یہ کہ خواہ جاہلیتِ قدیمہ ہو خواہ جدیدہ اور خواہ محدود مذہبی تصورات کے مطابق کسی کو خدا کے سوا 'معبود' مانا گیا ہو خواہ وسیع تر مفہوم کے اعتبارات سے کسی کو اللہ کے سوا 'مطلوب و مقصود' بنایا گیا ہو اس گمراہی کا اصل سبب یہ ہے کہ انسان خدا کے جمال و جلال کا کماحقہٗ تصوّر اور اس کی صفاتِ کمال کا کماحقہٗ اندازہ نہیں کر پاتا۔ چنانچہ کبھی اسے دنیا کے بادشاہوں پر قیاس کر لیتا ہے اور اس کے لیے یا اولاد تجویز کر دیتا ہے جو اس کے کفو اور ہم جنس بن جاتی ہے، یا نائبین سلطنت تصنیف کر ڈالتا ہے جو کائنات کے انتظام و انصرام میں اس کے ممد و معاون ہوتے ہیں، لہٰذا کسی قدر بااختیار بھی ہوتے ہیں، یا اس کے لیے مُقرّبین و مصاحبینِ خاص گھڑ لیتا ہے جو اس درجہ منہ چڑھے ہوتے ہیں کہ وہ اُن کا کہنا ٹال ہی نہیں سکتا۔ چنانچہ یہی تین باتیں ہیں جن کی نفی کی گئی ہے سورۂ بنی اسرائیل کی آخری آیت میں کہ: وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝ اور کبھی انسان اپنی محبت کا مرکز و محور بنا لیتا ہے نسل و قوم کو یا ملک و وطن کو یا کسی نظریے یا نصب العین کو پھر اس کے ساتھ وہی طرزِ عمل اختیار کرتا ہے جو ایک خدا پرست خدا کے ساتھ کرتا ہے یعنی: اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ یعنی اب اُس کی زندگی اور موت اور کُل سعی و جُہد اور ساری دوڑ دھوپ وقف ہو جاتی ہے، ملک و قوم کی برتری و سربلندی کے لیے یا کسی نظریے کی تشہیر و اشاعت اور کسی نظام کے نفاذ و قیام کے لیے۔

اسی طرح ان آیاتِ مبارکہ میں ایمان بالرسالت کے ضمن میں بھی ایک حد درجہ اہم حقیقت کی جانب رہنمائی فرمائی گئی یعنی یہ کہ رسالت کا 'سلسلۃ الذہب' دو کڑیوں پر مشتمل ہے۔ ایک 'رسولِ مَلک' یعنی حضرت جبرائیل علیہ السلام اور دوسرے 'رسولِ بشر' یعنی حضرت محمد ابن عبداللہ ابن عبدالمطلب (صلی اللہ علیہ وسلم!) اس سے ایمان بالملائکہ کی اہمیت پر بھی روشنی پڑی اور حقیقتِ وحی کے بارے میں فلاسفۂ جدید و قدیم کے پیدا کردہ مغالطوں کا سدِّباب بھی ہوگیا۔ (واضح رہنا چاہیئے کہ آنحضورؐ پر نبوت و رسالت کے اختتام پر اب اُس سنہری زنجیر میں ایک تیسری کڑی کی حیثیت سے شامل ہوگئی ہے اُمتِ محمد علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام بحیثیتِ مجموعی! یہی وجہ ہے کہ اس رکوع کے پہلے حصے میں 'رسولِ مَلک' اور 'رسولِ بشر' کے لیے لفظ آیا ہے 'اِصْطِفَاء' کا اور دوسرے حصے میں اُمتِ مُسلمہ کے لیے لفظ آیا ہے 'اِجْتِبَاء' کا اور یہ دونوں الفاظ حد درجہ قریب المفہوم ہیں!)

'ایمان بالآخرت' کے ضمن میں اس مقام پر بہت اختصار ہوا ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ اس سورۂ مبارکہ کا پہلا رکوع تقریباً کُل کا کُل "زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ" اور بَعْثَ بَعْدَ الْمَوْتِ کے ذکر پر مشتمل ہے!

اس رکوع کی آخری دو آیات میں ایمان کے عملی تقاضوں کا بیان جس حکیمانہ ترتیب و تدریج کے ساتھ ہوا ہے وہ بھی اعجازِ قرآنی کا ایک عجیب نمونہ ہے۔ اور یہاں ایک اعتبار سے گویا پھر سورۃ العصر کے تمام مضامین موجود ہیں۔ وہاں نجات کی پہلی شرطِ لازم کی حیثیت سے ایمان کا تذکرہ ہوا تھا یہاں "یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا" سے خطاب ہے۔ وہاں نجات کے تیسرے اور چوتھے لوازم کا ذکر جُدا جُدا "تواصی بالحق" اور "تواصی بالصبر" کے الفاظ سے ہوا، یہاں ان دونوں کی جامع اصطلاح "جہاد" پر ایک مکمل اور طویل آیت ہے۔ وہاں "عملِ صالح" ایک جامع اصطلاح تھی، یہاں اس کی جگہ چار اوامر وارد ہوتے ہیں یعنی: "ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ" ۔ یہاں مثبت طور پر "لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ" کی نوید ہے تو وہاں سلبی پہلو سے: "اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ" کی وعید! گویا "تصریفِ آیات" یا ع:

"اِک پھول کا مضموں ہو تو سو رنگ سے باندھوں" کی نہایت اعلیٰ مثال!!

دین کے ان عملی تقاضوں کی تفہیم کے لیے زینے کی مثال بہت مفید ہے۔ ہر مدعیِ ایمان کے لیے عمل کے زینے کی پہلی سیڑھی فرائضِ دینی کی بجاآوری اور ارکانِ اسلام کی پابندی ہے یعنی نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ۔ جن میں سے اوّلین اور اہم ترین ہے نماز — لہٰذا اس کا ذکر ہوگیا رکوع اور سجود کے حکم کے ذیل میں اور یہ نمائندہ بن گئی جملہ ارکانِ دین کی — دوسری سیڑھی ہے "عبادتِ ربّ" یعنی پوری زندگی میں اللہ تعالیٰ کی بے چون و چرا اطاعتِ کُلّی اُس کی محبت کے جذبے سے سرشار ہوکر — اور تیسری سیڑھی ہے "عملِ خیر"

یعنی خدمتِ خلق جس کی ایک تشریح آیۂ بِر میں گزر چکی ہے اور جس کے دو مراتب ہیں، ایک لوگوں کی دنیوی حاجتوں اور ضرورتوں کے ضمن میں امداد و اعانت یعنی بھوکوں کو کھلانا، ننگوں کو پہنانا اور بیماروں کے لیے علاج معالجہ کی سہولتیں بہم پہنچانا وغیرہ اور دوسرا اور اہم تر مرتبہ لوگوں کی عاقبت سنوارنے کی سعی کرنا اور انہیں "صراطِ مستقیم" کی طرف دعوت دینا۔ اور چوتھی اور آخری سیڑھی جسے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دین کا "ذُرْوَةُ السَّنَامِ" قرار دیا ہے وہ ہے 'جہاد فی سبیل اللہ' جس کی غایتِ اُولیٰ ہے اللہ اور اس کے رسولؐ کی جانب سے خلقِ خدا پر اتمامِ حجت کے لیے "شہادت علی الناس" کے فریضے کی ادائیگی جو سُورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۴۳ کی رُو سے اصل مقصد ہے اُمتِ مسلمہ کی تاسیس کا۔ (واضح رہے کہ "عبادتِ رَبّ" اور "شہادت علی الناس"۔۔۔ بشمول "اقامتِ دین" یا "اظہارِ دینِ حق"۔

دین کے عملی مطالبات کے ضمن میں قرآنِ حکیم کی نہایت اہم اور اساسی اصطلاحات ہیں جن کی تشریح و تفصیل اس مقام پر ممکن نہیں ہے۔ البتہ اُن کے بارے میں اِن سطور کے راقم کی تالیف "مطالباتِ دین" میں کسی قدر شرح و بسط سے کلام ہوا ہے۔ قارئین اُس کی طرف مراجعت فرمائیں!

آخری آیت کے آخری ٹکڑے میں کلمۂ 'فَ' (فَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ) بہت معنیٰ خیز ہے۔ یعنی جس پر یہ حقائق منکشف ہو جائیں اور جسے بھی اپنے فرائضِ دینی کا یہ شعور و ادراک حاصل ہو جائے اُسے تاخیر و تعویق اور تردد و تربص میں مبتلا ہوئے بغیر بسم اللہ کر کے عمل کا آغاز کر دینا چاہیے۔ اب ظاہر ہے کہ پہلی ہی چھلانگ میں سب سے اُوپر والی سیڑھی پر چڑھنے کی کوشش حماقت پر مبنی ہو گی اور عین ممکن ہے کہ ایسا شخص اوندھے منہ زمین پر گرے۔ فطری اور منطقی تدریج یہی ہے کہ آغاز پہلی سیڑھی پر قدم رکھنے سے کرے جو مشتمل ہے ارکانِ اسلام کی پابندی پر۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں نماز کے ساتھ زکوٰۃ کا ذکر بھی کر دیا گیا، تاکہ واضح ہو جائے کہ مقصود صرف نماز نہیں بلکہ جملہ ارکانِ اسلام ہیں۔

آخر میں "وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰہِ" کے الفاظ بھی بہت اہم ہیں۔ ان سے اس حقیقت کی جانب بھی رہنمائی ہو گئی کہ اگلے مراحل کے لیے بندۂ مومن کا واحد سہارا اور اس راہ میں اس کی استقامت کا اصل راز اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک مضبوط تعلق اُستوار کرنے میں مضمر ہے۔ اور اس جانب بھی اشارہ ہو گیا کہ جہاد فی سبیل اللہ کی غایتِ اُولیٰ یعنی خلقِ خُدا پر اللہ کی جانب سے اتمامِ حُجت کے لیے 'شہادت علی الناس' کے تقاضوں کو پورا کرنے کی سعی و جہد کا مرکز و محور قرآنِ حکیم ہے اس لیے کہ 'اعتصام باللہ' کا ذریعہ ظاہر ہے کہ 'اعتصام بحبل اللہ' کے سوا اور کوئی نہیں ہو سکتا اور 'حبل اللہ' از روئے فرمانِ نبویؐ قرآنِ حکیم ہے۔ (ھُوَ حَبْلُ اللّٰہِ الْمَتِیْنُ)

الغرض! سورۃ الحج کی آخری دو آیات میں دین کے جُملہ عملی تقاضوں کا بیان معجزانہ اختصار و جامعیت کے

ساتھ ہوگیا اور یہ دونوں آیتیں مل کر مختصر تفسیر بن گئیں سورۃ الحجرات کی آیت نمبر ۱۵ کی، جس میں 'ایمانِ حقیقی' کے دو ارکان بیان ہوئے — ایک یقینِ قلبی جو لازماً شامل ہے عملِ صالح کو اور دوسرے 'جہاد فی سبیل اللہ' جس کا ابتدائی مقصد ہے 'شہادت علی الناس' جس کا ذکر یہاں ہوگیا اور آخری منزل یا 'غایتِ قصویٰ' ہے "اظہارِ دینِ حق علی الدین کلہٖ!" جو مرکزی مضمون ہے سورۃ الصف کا جس پر اس نصاب کا اگلا درس مشتمل ہے۔

دین کے مجموعی نظام میں 'جہاد فی سبیل اللہ' کو جو مقام و مرتبہ حاصل ہے اس کی وضاحت کے لیے منتخب نصاب کے درس کے اس مرحلے پر ایک قدرے طویل حدیثِ نبویؐ بیان کی جاتی ہے جسے بلاشک و شبہ "حکمتِ دین کے ایک عظیم خزانے!" سے تعبیر کیا جاسکتا ہے — اور اس پر مستزاد یہ کہ اسے پڑھتے یا سنتے ہوئے انسان کچھ دیر کے لیے اپنے آپ کو بالکل اسی ماحول کا جزو محسوس کرتا ہے جو حضور نبی کریم علیہ الف الف التحیۃ والتسلیم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے انفاسِ مطہرہ اور نفوسِ قدسیہ سے معطر و منور تھا، بقولِ شاعر

ہم اہلِ قفس تنہا بھی نہیں، ہر روز نسیمِ صبحِ وطن ۔۔۔ یادوں سے معطر آتی ہے، اشکوں سے منور جاتی ہے

# حکمتِ دین کا ایک عظیم خزانہ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک اہم حدیث

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ بِالنَّاسِ قَبْلَ غَزْوَةِ تَبُوْكَ فَلَمَّا اَنْ اَصْبَحَ صَلّٰى بِالنَّاسِ صَلٰوةَ الصُّبْحِ ثُمَّ اِنَّ النَّاسَ رَكِبُوْا فَلَمَّا اَنْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ نَعَسَ النَّاسُ فِي اَثَرِ الدُّلْجَةِ وَلَزِمَ مُعَاذٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْلُوْا اَثَرَهٗ وَالنَّاسُ تَفَرَّقَتْ بِهِمْ رِكَابُهُمْ عَلٰى جَوَادِ الطَّرِيْقِ تَأْكُلُ وَ تَسِيْرُ فَبَيْنَمَا مُعَاذٌ عَلٰى اَثَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَاقَتُهٗ تَأْكُلُ مَرَّةً وَتَسِيْرُ اُخْرٰى عَثَرَتْ نَاقَةُ مُعَاذٍ فَكَبَحَهَا بِالزِّمَامِ فَهَبَّتْ حَتّٰى نَفَرَتْ مِنْهَا نَاقَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَشَفَ عَنْهُ قِنَاعَهٗ فَالْتَفَتَ فَاِذَا لَيْسَ مِنَ الْجَيْشِ رَجُلٌ اَدْنٰى اِلَيْهِ مِنْ مُعَاذٍ فَنَادَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُعَاذُ قَالَ لَبَّيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَالَ اُدْنُ دُوْنَكَ فَدَنَا مِنْهُ حَتّٰى لَصِقَتْ رَاحِلَتُهُمَا اِحْدَاهُمَا بِالْاُخْرٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كُنْتُ اَحْسِبُ النَّاسَ مِنَّا كَمَكَانِهِمْ مِنَ الْبُعْدِ فَقَالَ مُعَاذٌ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ نَعَسَ

النَّاسُ فَتَفَرَّقَتْ بِهِمْ رِكَابُهُمْ تَرْتَعُ وَتَسِيْرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا كُنْتُ نَاعِسًا فَلَمَّا رَاٰى مُعَاذٌ بُشْرٰى
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ وَخَلْوَتَهُ لَهُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
اِئْذَنْ لِيْ اَسْاَلُكَ عَنْ كَلِمَةٍ قَدْ اَمْرَضَتْنِيْ وَاَسْقَمَتْنِيْ وَاَحْزَنَتْنِيْ
فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ سَلْنِيْ عَمَّ شِئْتَ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ حَدِّثْنِيْ بِعَمَلٍ
يُدْخِلُنِيَ الْجَنَّةَ لَا اَسْاَلُكَ عَنْ شَيْءٍ غَيْرِهَا قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَخٍ بَخٍ لَقَدْ سَاَلْتَ بِعَظِيْمٍ لَقَدْ سَاَلْتَ
بِعَظِيْمٍ ثَلَاثًا وَاِنَّهُ لَيَسِيْرٌ عَلٰى مَنْ اَرَادَ اللّٰهُ بِهِ الْخَيْرَ فَلَمْ
يُحَدِّثْهُ بِشَيْءٍ اِلَّا قَالَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ حِرْصًا لِكَيْمَا يُتْقِنَهُ عَنْهُ
فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ
الْاٰخِرِ وَتُقِيْمُ الصَّلٰوةَ وَتَعْبُدُ اللّٰهَ وَحْدَهُ لَا تُشْرِكُ بِهٖ
شَيْئًا حَتّٰى تَمُوْتَ وَاَنْتَ عَلٰى ذٰلِكَ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَعِدْ لِيْ
فَاَعَادَهَا لَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ اِنْ شِئْتَ حَدَّثْتُكَ يَا مُعَاذُ بِرَأْسِ هٰذَا الْاَمْرِ وَذِرْوَةِ
السَّنَامِ فَقَالَ بِاَبِيْ وَاُمِّيْ اَنْتَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ فَحَدِّثْنِيْ فَقَالَ
نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ رَأْسَ هٰذَا الْاَمْرِ اَنْ
تَشْهَدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ
وَرَسُوْلُهُ وَاَنَّ قِوَامَ هٰذَا الْاَمْرِ اِقَامُ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءُ الزَّكٰوةِ
وَاَنَّ ذِرْوَةَ السَّنَامِ مِنْهُ الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاِنَّمَا اُمِرْتُ
اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَيَشْهَدُوْا
اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ
وَرَسُوْلُهُ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ فَقَدِ اعْتَصَمُوْا وَعَصَمُوْا دِمَاءَهُمْ
وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَقَالَ

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ مَاشَحَبَ وَجْہٌ وَلَا اغْبَرَّتْ قَدَمٌ فِیْ عَمَلٍ تُبْتَغٰی فِیْہِ دَرَجَاتُ الْجَنَّۃِ بَعْدَ الصَّلٰوۃِ الْمَفْرُوْضَۃِ کَجِھَادٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَلَا ثُقِّلَ مِیْزَانُ عَبْدٍ کَدَابَّۃٍ تُنْفَقُ لَہٗ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَوْیُحْمَلُ عَلَیْھَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ۔

(رواہ احمد والبزار والنسائی وابن ماجۃ والترمذی وقال حدیث حسن صحیح)

## ترجمہ

حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو غزوۂ تبوک کے لیے لے کر نکلے۔ جب صبح ہوگئی تو آپ نے ان کو صبح کی نماز پڑھائی، لوگ نماز پڑھ کر پھر سوار ہو گئے۔ جب آفتاب نکلا تو سب لوگ شب بیداری کی وجہ سے اُونگھ رہے تھے۔ ایک معاذؓ تھے جو برابر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پیچھے لگے چلے آرہے تھے۔ بقیہ لوگوں کی سواریاں چرتی رہیں اور چلتی رہیں اور انہیں لے کر راستے کے طول وعرض میں تتر بتر ہوگئی تھیں۔ اِسی دوران میں کہ معاذؓ کی اونٹنی نے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کے پیچھے پیچھے کبھی چرتی اور کبھی چلتی جا رہی تھی، دفعۃً ٹھوکر کھائی، معاذؓ نے اُس کو لگام کھینچ کر سنبھالا تو وہ اور تیز ہوگئی یہاں تک کہ اُس کی وجہ سے آپؐ کی اونٹنی بھی بدک گئی۔ آپؐ نے اپنا نقاب اٹھایا اور دیکھا تو لشکر بھر میں معاذؓ سے زیادہ کوئی اور شخص آپؐ کے قریب نہ تھا۔ آپؐ نے انؓ کو آواز دی اے معاذؓ! انہوں نے جواب دیا، یا نبیؐ اللہ میں حاضر ہوں۔ فرمایا اور قریب آجاؤ، وہ قریب آگئے اور اتنے قریب آگئے کہ دونوں کی سواریاں ایک دوسرے سے بالکل مل گئیں۔ آپؐ نے فرمایا، میرا یہ خیال نہیں تھا کہ لوگ مجھ سے اتنی دُور ہوں گے۔ معاذؓ نے عرض کیا یا رسُول اللہ! لوگ کچھ اُونگھ رہے تھے (اس لیے) اُن کی سواریاں چرتی رہیں اور چلتی رہیں اور اِدھر اُدھر انہیں لے کر منتشر ہوگئیں۔ آپؐ نے فرمایا میں خود بھی اُونگھ رہا تھا۔ معاذؓ نے جب دیکھا کہ آپؐ اُن سے خوش ہیں اور موقع بھی تنہائی کا ہے تو عرض کیا یا رسول اللہؐ! اجازت دیجئے تو ایک بات پوچھوں جس نے مجھے بیمار ڈال دیا ہے اور نڈھال کر دیا ہے اور غمزدہ بنا رکھا ہے آپؐ نے فرمایا اچھا جو چاہتے ہو پُوچھو۔ عرض کیا یا رسُول اللہؐ! کوئی ایسا کام بتا دیجئے جو مجھے جنت میں لیجاتے اس کے سوا میں آپؐ سے اور کچھ نہیں پوچھوں گا۔ آپؐ نے فرمایا بہت خوب، بہت خوب، تم نے بڑی بات پوچھی۔ تین بار فرمایا جس کے لیے خدا بھلائی کا ارادہ کرے اُس کے لیے کچھ اتنی دشوار بھی نہیں۔ آپؐ نے

اُن سے کوئی بات نہیں فرمائی جو تین بار نہ دہرائی ہو، اِس خیال سے کہ وہ آپؐ کی بات خوب پختہ یاد کر لیں۔ آپؐ نے فرمایا اللہ اور آخرت کے دن پر یقین رکھو، نماز پڑھا کرو، اللہ کی عبادت کیا کرو، اور کسی کو اُس کا شریک نہ بناؤ۔ یہاں تک کہ اِسی حال پر تمہاری موت آجائے۔ انہوں نے عرض کیا یا رسُول اللہؐ! پھر ارشاد فرمایئے۔ آپؐ نے اُن کی خاطر تین بار فرمایا، اس کے بعد آپؐ نے فرمایا اگر چاہو تو اس دین کے اُونچے عملوں میں جو چوٹی کا عمل ہے اور جو اُس کی جڑ ہے، وہ تمہیں بتا دوں۔ انہوں نے عرض کیا میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! ضرور ارشاد فرمایئے! آپؐ نے فرمایا سب میں جڑ کا عمل تو یہ ہے تو اس کی گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو تنہا ہے اور اُس کا کوئی شریک نہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسُول ہیں؛ اور جس عمل سے دین کی بندش مضبوط رہتی ہے، وہ نماز پڑھنا اور زکوٰۃ دینا ہے اور اُس کے اُونچے اُونچے عملوں میں سب سے چوٹی کا عمل جہاد فی سبیل اللہ ہے۔ مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ میں جنگ اُس وقت تک جاری رکھوں جب تک کہ لوگ نماز نہ پڑھیں، زکوٰۃ نہ دیں اور اس بات کی شہادت نہ دیں کہ معبود کوئی نہیں مگر اللہ جو تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ جب یہ باتیں کر لیں تو وہ خود بھی بچ گئے اور اپنی جان و مال کو بھی بچا لیا مگر ہاں جو شریعت کی زد میں آجائے اور اس کے بعد اُن کا حساب خدا کے سپرد ہے۔ اُس ذات کی قسم جس کے قبضے میں محمدؐ کی جان ہے، کوئی چہرہ (عمل کرتے کرتے) متغیر نہیں ہوا اور کوئی قدم (سفر کرتے کرتے) غبار آلود نہیں ہوا، کسی ایسے عمل میں جس کا مقصد درجاتِ جنّت ہوں فرض نماز کے بعد جہاد فی سبیل اللہ کے برابر اور نہ بندہ کے میزانِ عمل میں کوئی نیکی اتنی وزن دار ثابت ہوئی جتنا کہ اُس کا وہ جانور جو جہاد فی سبیل اللہ میں مرگیا یا جس پر اُس نے راہِ خدا میں سواری کی!

حصۂ چہارم

درس دوم

# جہاد فی سبیل اللہ کی
# عظمت و اہمیّت

## سورۃ التوبہ کی آیت نمبر ۲۴ کی روشنی میں

| |
|---|
| قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَ |
| تو کہدے اگر تمہارے باپ اور بیٹے اور بھائی اور عورتیں اور |
| عَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ِۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا |
| برادری اور مال جو تم نے کمائے ہیں اور سوداگری جسکے بند ہونے کا تم ڈرتے ہو |
| وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ |
| اور حویلیاں جن کو پسند کرتے ہو تم کو زیادہ پیاری ہیں اللہ سے اور اسکے رسول سے اور لڑنے سے |
| فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي |
| اس کی راہ میں تو انتظار کرو یہاں تک کہ بھیجے اللہ اپنا حکم اور اللہ رستہ نہیں دیتا |
| الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۲۴ |
| نافرمان لوگوں کو |

اس آیۂ مبارکہ میں گویا ایک ترازو عطا کر دی گئی ہے ہر مدعیٔ ایمان کو جس میں وہ اپنے ایمان کو تول سکتا ہے۔ اس ترازو کے ایک پلڑے میں وہ ڈالے اپنی اللہ اور اس کے رسولؐ اور اس کی راہ میں جہاد و قتال سے محبت و رغبت کو، اور دوسرے میں ڈالے کُل علائقِ دنیوی اور مال و اسبابِ دنیوی کی محبت کو اور پھر دیکھے کہ کون سا پلڑا جھک رہا ہے۔ اگر پہلا جھک رہا ہو تو فَھُوَ الْمَطْلُوْب، اسے چاہیے کہ اللہ کا شکر ادا کرے تاکہ مزید توفیق پائے، اور اگر خدانخواستہ دوسرا پلڑا بھاری ہو تو اسے چاہیے کہ فوراً متنبہ ہو اور اصلاح پر کمربستہ ہو جائے۔ بصورتِ دیگر جائے، دفع ہو جائے، اور اللہ کے فیصلہ کا انتظار کرے۔ اس لیے کہ اللہ ایسے لوگوں کو توفیق و ہدایت سے نہیں نوازتا۔!

حصّہ چہارم
درس سوم

# جہاد فی سبیل اللہ

## کی غایتِ قصویٰ اور منتہائے مقصود
## یا عبادتِ ربّ اور شہادت علی النّاس کا تکمیلی مرحلہ

# اظہارُ دینِ الحقّ علی الدّینِ کلّہ

# اور

# نبی اکرم ﷺ کا مقصدِ بعثت

اور اس کی تکمیل کے لیے اُمّتِ مسلمہ کو دعوتِ سعی و عمل

جہاد و قتال فی سبیل اللہ کے موضوع پر قرآن حکیم کی جامع ترین سورت

## سورۃ الصّف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝١ يٰۤاَيُّهَا

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے زمین میں اور وہی ہے زبردست حکمت والا ✡ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝٢ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ

ایمان والو کیوں کہتے ہو منہ سے جو نہیں کرتے ✡ بڑی بیزاری کی بات ہے اللہ کے یہاں

اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝٣ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ

کہ کہو وہ چیز جو نہ کرو ✡ اللہ چاہتا ہے اُن لوگوں کو جو لڑتے ہیں

سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ۝٤ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ

اُسکی راہ میں قطار باندھ کر گویا وہ دیوار ہیں سیسا پلائی ہوئی اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو

يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ فَلَمَّا

اے قوم میری کیوں ستاتے ہو مجھ کو اور تم کو معلوم ہے کہ میں اللہ کا بھیجا آیا ہوں تمہارے پاس پھر جب

زَاغُوْۤا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝٥ وَ

وہ پھر گئے تو پھیر دیئے اللہ نے اُنکے دل اور اللہ راہ نہیں دیتا نافرمان لوگوں کو اور

اِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ

جب کہا عیسیٰ مریم کے بیٹے نے اے بنی اسرائیل میں بھیجا ہوا آیا ہوں اللہ کا تمہارے پاس

مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي

یقین کرنیوالا اُس پر جو مجھ سے آگے ہے توریت اور خوشخبری سنانے والا ایک رسول کی جو آئیگا میرے بعد

اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٦ وَمَنْ

اُس کا نام ہے احمد صلی اللہ علیہ وسلم پھر جب آیا ان کے پاس کھلی نشانیاں لیکر کہنے لگے یہ جادو ہے صریح اور اُس

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰۤى اِلَى الْاِسْلَامِ وَ

کونسا ہے بے انصاف کون جو باندھے اللہ پر جھوٹ اور اس کو بلاتے ہیں مسلمان ہونے کو اور

اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٧ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ

اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو چاہتے ہیں کہ بجھادیں اللہ کی روشنی

بِأَفْوَاهِهِمْ وَاللَّهُ مُتِمُّ نُورِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ ⑧ هُوَ الَّذِي

اپنے منہ سے اور اللہ کو پوری کرنی ہے اپنی روشنی اور پڑے برا مانیں منکر وہی ہے جس نے

أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ

بھیجا اپنا رسول راہ کی سوجھ کر اور سچا دین کہ اس کو اوپر کرے سب دینوں سے اور پڑے برا مانیں

الْمُشْرِكُونَ ⑨ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ تِجَارَةٍ تُنجِيكُم

شرک کرنے والے اے ایمان والو میں بتلاؤں تم کو ایسی سوداگری جو بچائے تم کو

مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ⑩ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ

ایک عذاب دردناک سے ★ ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور لڑو اللہ کی راہ

اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ⑪

میں اپنے مال سے اور اپنی جان سے یہ بہتر ہے تمہارے حق میں اگر تم سمجھ رکھتے ہو ★

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ

بخشیگا وہ تمہارے گناہ اور داخل کریگا تم کو باغوں میں جن کے نیچے بہتی ہیں نہریں

وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ⑫ وَ

اور ستھرے گھروں میں بسنے کے باغوں کے اندر یہ ہے بڑی مراد ملنی ★ اور

أُخْرَىٰ تُحِبُّونَهَا نَصْرٌ مِّنَ اللَّهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ⑬

ایک اور چیز بھی جس کو تم چاہتے ہو مدد اللہ کی طرف سے اور فتح جلدی اور خوشی سنا دے ایمان والوں کو

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا أَنصَارَ اللَّهِ كَمَا قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ

اے ایمان والو تم ہو جاؤ مددگار اللہ کے جیسے کہا عیسیٰ مریم کے بیٹے نے

لِلْحَوَارِيِّينَ مَنْ أَنصَارِي إِلَى اللَّهِ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنصَارُ اللَّهِ

اپنے یاروں کو کون ہے کہ مدد کرے میری اللہ کی راہ میں بولے یار ہم ہیں مددگار اللہ کے

فَآمَنَت طَّائِفَةٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ وَكَفَرَت طَّائِفَةٌ فَأَيَّدْنَا الَّذِينَ

پھر ایمان لایا ایک فرقہ بنی اسرائیل سے اور منکر ہوا ایک فرقہ پھر قوت دی ہم نے ان کو جو

آمَنُوا عَلَىٰ عَدُوِّهِمْ فَأَصْبَحُوا ظَاهِرِينَ ⑭

ایمان لائے تھے ان کے دشمنوں پر پھر ہو رہے غالب

## تمہید

# "المُسَبِّحَات اور ان کی اَخَوَات"

## کے بعض مشترک مضامین

قرآنِ حکیم میں ستائیسویں پارے کی آخری سورت یعنی سورۃ الحدید سے لے کر اٹھائیسویں پارے کے اختتام یعنی سورۃ التحریم تک بلحاظِ تعدادِ سُوَر مدنی سورتوں کا سب سے بڑا اکٹھ (CONSTELLATION) وارد ہوا ہے۔ یہ دس سورتوں کا ایک نہایت حسین و جمیل گلدستہ ہے، جن میں چند امور واضح طور پر مشترک ہیں اور چونکہ مطالعۂ قرآنِ حکیم کے پیشِ نظر منتخب نصاب میں مکمل سورتوں کی سب سے بڑی تعداد اسی مجموعے سے ماخوذ ہے لہٰذا اس میں شامل سورتوں کے مشترک نکات کے بارے میں مختصر اشارات، اِن شاء اللہ العزیز، بہت مفید ہوں گے: وہ مشترک امور یہ ہیں۔

۱۔ یہ سورتیں تقریباً سب کی سب زمانۂ نزول کے اعتبار سے مدنی دَور کے نصفِ آخر سے متعلق ہیں، جبکہ اہلِ ایمان نے ایک باقاعدہ "اُمّتِ مسلمہ" کی حیثیت اختیار کر لی تھی۔

۲۔ یہی سبب ہے کہ ان میں خطاب کا اصل رُخ 'اُمّتِ مسلمہ' کی جانب ہے۔ کفّار خواہ مشرکین میں سے ہوں خواہ اہلِ کتاب یعنی یہود اور نصاریٰ میں سے ان سورتوں میں مخاطب نہیں ہیں، نہ باندازِ دعوت و تبلیغ نہ بطرزِ ملامت و الزام۔ یہود کا ذکر اس سلسلے کی اکثر سورتوں میں ہے (اور ایک مقام پر نصاریٰ کا بھی!) لیکن صرف بطورِ نشانِ عبرت!

۳۔ اُمّتِ مسلمہ سے خطاب میں ایسے محسوس ہوتا ہے کہ طویل مکّی اور مدنی سورتوں میں جو اہم اور اساسی مباحث نہایت تفصیل اور شرح و بسط کے ساتھ بیان ہوئے ہیں، ان سورتوں میں گویا اُن کے خلاصے درج کر دیئے گئے ہیں تاکہ انہیں بآسانی حرزِ جاں بنایا جا سکے!

۴۔ مسلمانوں سے خطاب کے ضمن میں ان میں سے اکثر سورتوں میں 'ملامت' (اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ایک قول کے مطابق 'عتاب') کا رنگ بہت نمایاں ہے، اور ایسے محسوس ہوتا ہے کہ جیسے مسلمانوں کے جذباتِ ایمانی کچھ سرد پڑ رہے ہوں اور اُن کے جوشِ جہاد اور جذبۂ انفاق میں کمی واقع ہو رہی ہو اور انہیں اس پر سرزنش کی جا رہی ہو جیسے: "مَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ"، یا "وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"، یا "اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ"، یا "لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ" وغیرہ۔ اور اس کی وجہ بھی صاف ظاہر ہے یعنی یہ کہ جب اُمّت

نے وسعت اختیار کی اور "یَدۡخُلُوۡنَ فِیۡ دِیۡنِ اللّٰہِ اَفۡوَاجًا" کی کیفیت پیدا ہوئی تو فطری طور پر نوواردوں میں ایسے لوگ بکثرت موجود تھے جن میں یہ کیفیاتِ ایمانی بہ تمام و کمال موجود نہ تھیں۔ جس کی جانب اشارہ ہے سورۃ الحجرات کی آیات ۱۴-۱۵ میں) لہٰذا بحیثیتِ مجموعی اُمت میں ایمان کی حرارت اور جوشِ جہاد و جذبۂ انفاق کے اوسط میں کمی واقع ہوئی۔ حکمتِ الٰہی نے اس پر بھرپور گرفت فرمائی تاکہ آئندہ جب اُمت میں یہ اضمحلال مزید شدت اختیار کرے تو یہ آیاتِ مبارکہ سرد پڑتے ہوئے جذبات اور گرتے ہوئے حوصلوں کے لیے مہمیز کا کام دیں!! (یہی وجہ ہے کہ ان سورتوں میں سابقہ اُمتِ مسلمہ یعنی یہود کو بطورِ نشانِ عبرت بار بار پیش کیا گیا ہے اس لیے کہ آئندہ بموجب فرمانِ نبویؐ: لَیَاْتِیَنَّ عَلٰی اُمَّتِیْ کَمَا اَتٰی عَلٰی بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ، اُمت کو ان ہی حالات سے کو الف سے دوچار ہونا تھا جس سے یہود ہوئے تھے!)

اِن سورتوں کے مضامین پر غور کرنے سے تین مزید باتیں بہت اہم اور قابلِ توجہ سامنے آتی ہیں۔

۱۔ اِن دس سورتوں میں سے پانچ وہ ہیں جن کا آغاز "سَبَّحَ لِلّٰہِ" یا "یُسَبِّحُ لِلّٰہِ" کے الفاظ سے ہوتا ہے۔ اور صاف نظر آتا ہے کہ ظاہری اور معنوی دونوں اعتبارات سے اس حسین و جمیل گلدستے میں اُن کا حسن و جمال کچھ اور ہی شان کا حامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہیں "اَلْمُسَبِّحَات" کا جداگانہ نام دیا گیا ہے!

۲۔ اِس گروپ میں ہر اعتبار سے جامع ترین سورت سُوۡرَۃُ الحدید ہے اور بقیہ سورتوں میں سے اکثر اس میں بیان شدہ مضامین کی مزید تشریح و توضیح پر مشتمل ہیں۔ چنانچہ یہ نہ صرف یہ کہ "اُمُّ الْمُسَبِّحَات" ہے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ اگر قرآنِ حکیم کے لیے ایک شجرۂ طیبہ کی تشبیہ اختیار کی جائے تو سورۃ العصر اس کے "بیج" اور سورۃ الحدید اس کے "پھل" کی حیثیت رکھتی ہے۔ واللہ اعلم! (یہی وجہ ہے کہ اس منتخب نصاب کا نقطۂ آغاز سورۃ العصر ہے اور یہ ختم ہوتا ہے سُوۡرَۃُ الحدید پر!)

۳۔ مزید برآں اِن سورتوں کا دو دو کے جوڑوں میں منقسم ہونا جو ویسے بھی قرآن مجید کا ایک عام اسلوب ہے، بہت نمایاں ہے۔ بالخصوص آخری تین جوڑوں میں تو یہ کیفیت انتہا کو پہنچی ہوئی نظر آتی ہے جیسے ایمان اور اس کے ثمرات و مضمرات کے بیان کے ضمن میں سُوۡرَۃُ التغابن قرآنِ حکیم کی جامع ترین سورت ہے۔ اسی طرح نفاق اور اُس کی حقیقت، اُس کے آغاز و انجام اور اُس سے بچاؤ کی تدابیر کے ضمن میں سورۃ المنافقون قرآن مجید کی جامع ترین سورت ہے اور مصحف میں یہ دونوں سورتیں اس گروپ میں ساتھ ساتھ وارد ہوئیں تاکہ اس تصویر کے منفی اور مثبت دونوں رُخ بیک وقت نگاہ کے سامنے آجائیں۔ اور اس طرح ان دونوں سورتوں نے مل کر اس موضوع پر ایک نہایت حسین و جمیل، اور حد درجہ کامل و اکمل جوڑے کی صورت اختیار کر لی۔ (اِن میں سے سورۃ التغابن اس منتخب نصاب کے حصۂ دوم میں شامل ہے اور سورۃ المنافقون آگے

آرہی ہے!) اسی طرح انسان کی عائلی زندگی میں بھی زوجین کے مابین دو متضاد صورتیں پیدا ہو سکتی ہیں، ایک عدم موافقت جس کی انتہا 'طلاق' ہے اور دوسری حدِ اعتدال سے متجاوز محبت اور باہمی دلجوئی اور پاس و لحاظ جس سے حدود اللہ تک کے ٹوٹنے کا احتمال پیدا ہو جائے۔ چنانچہ سورۃ الطلاق اور التحریم میں عائلی زندگی کے یہ دونوں رُخ زیر بحث آئے ہیں اور ان میں نسبتِ زوجیت ظاہری اور معنوی دونوں اعتبارات سے بتمام و کمال موجود ہے۔ (سورۃ التحریم اس منتخب نصاب کے حصۂ سوم میں آ چکی ہے!) اسی طرح کا ایک نہایت حسین و جمیل اور حد درجہ روشن و تابناک جوڑا سورۃ الصف اور سورۃ الجمعہ پر مشتمل ہے۔ اس کی دلآویزی میں ایک خصوصی شان پیدا ہوتی ہے اس حقیقت سے کہ اِن دونوں صورتوں میں سید الاولین والآخرین اور محبوبِ رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثتِ مبارکہ کے دو رُخ زیر بحث آئے ہیں۔ چنانچہ ایک میں آپ کے "مقصدِ بعثت" کو بیان فرمایا گیا ہے اور دوسری میں آپ کے "اساسی منہجِ عمل" کو! — یہ جوڑا دس سورتوں کے اِس گلدستے میں عددی اعتبار سے بھی عین وسط میں ہے اور معنوی اعتبار سے بھی اِسے اِس گروپ میں مرکزی اہمیت حاصل ہے اس لیے کہ اس سے ایک جانب 'اُمّتِ مسلمہ' کے مقصدِ تاسیس پر روشنی پڑتی ہے تو دوسری جانب اس کے حصول کے لیے صحیح اور درست طریقِ کار پر، اور ان دونوں مضامین کی اہمیت اظہر من الشمس ہے!!

# سورۃ الصّف

سورۃ الصف، "المسبحات" کی صف میں عین قلب کے مقام پر وارد ہوتی ہے۔ اس لیے کہ دو مسبحات اس سے پہلے ہیں یعنی 'الحدید' اور 'الحشر' اور دو بعد میں یعنی 'الجمعۃ' اور 'التغابن'۔ مزید برآں مضامین کے اعتبار سے بھی اسے اس گروپ کا مرکز و محور قرار دیا جا سکتا ہے۔

خود سورۃ الصف، کا عمود اس کی آیت ۹ سے معین ہوتا ہے ــــــ یعنی "اِظْهَارُ دِيْنِ الْحَقِّ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ" یا "اللہ کے دینِ برحق کو کُل کے کُل دین یا نظامِ زندگی پر غالب و نافذ کرنا!" جس سے بیک وقت دین کے فلسفہ و حکمت کے تین اہم اور بنیادی مضامین کی وضاحت ہوتی ہے:

اولاً ــــــ اس سے "اَلْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" کی آخری منزلِ مقصود، یا 'غایتِ قصویٰ' کا تعین ہوتا ہے۔ (خاص اسی اعتبار سے اس منتخب نصاب میں اِس سُورۃ مبارکہ کا درس سورۃ الحج کے آخری رکوع کے متصلاً بعد ہوتا ہے۔ اس لیے کہ اِس میں جہاد فی سبیل اللہ کے بنیادی اور اساسی مقصد یا 'غایتِ اولیٰ' کا بیان ہے ــــــ یعنی شہادت علی النّاس!)

ثانیًا ـــــ اس سے 'مطالباتِ دین' کے ضمن میں بھی مرتبۂ تکمیل کا تعین ہوتا ہے۔ اس لیے کہ 'عبادتِ ربّ' کا حق بھی اس وقت تک کاملۃً ادا نہیں ہو سکتا جب تک اللہ کا دین پُورے نظامِ زندگی پر غالب و نافذ نہ ہو، اس لیے کہ اس صورت میں اللہ کی اطاعت صرف انفرادی زندگی میں کی جا سکتی ہے۔ انسانی زندگی کے وہ گوشے اس سے خالی رہ جائیں گے جو اجتماعی نظام کے زیرِ تسلط ہوتے ہیں۔ گویا بات وہی ہو گی کہ ؎

مُلّا کو جو ہے ہند میں سجدے کی اجازت ناداں یہ سمجھتا ہے کہ اسلام ہے آزاد!

مزید برآں 'شہادت علی النّاس' کا کامل حق بھی اس وقت تک ادا نہیں ہو سکتا، جب تک کہ پُورا نظامِ حق عملاً قائم کر کے اور بالفعل چلا کے نہ دکھا دیا جائے اور اس طرح نوعِ انسانی پر حیاتِ اجتماعی کے مختلف گوشوں کے ضمن میں ہدایتِ خداوندی کا عملی نمونہ پیش کر کے کامل اتمامِ حُجّت نہ کر دیا جائے۔

ثالثًا ـــــ اس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے 'مقصدِ بعثت' کی امتیازی یا 'اتمامی و تکمیلی' شان بھی واضح ہو جاتی ہے۔ (یہی وجہ ہے کہ اس آیۂ مبارکہ پر راقم نے مفصّل و مدلّل بحث اپنی اس تحریر میں کی ہے جو 'بعثتِ محمدی علیٰ صاحبہا الصّلوٰۃ والسّلام کی اتمامی و تکمیلی شان!' کے عنوان سے "نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کا مقصدِ بعثت!" نامی کتابچے میں شامل ہے) مختصراً یہ کہ:۔

۱۔ آنحضورؐ دو چیزوں کے ساتھ مبعوث ہوئے ایک "اَلْهُدٰى" یعنی قرآنِ مجید اور دُوسرے "دِیْنِ الْحَقّ" یعنی اطاعتِ خداوندی کے اصل الاصول پر مبنی انسانی زندگی کا مکمل اور متوازن نظامِ عدل و قسط!

۲۔ آپؐ کے 'مقصدِ بعثت' میں جہاں انذار و تبشیر، دعوت و تبلیغ، تعلیم و تربیت اور تزکیۂ نفوس اور تصفیۂ قلوب ایسے اساسی و بنیادی اُمور بھی لامحالہ شامل ہیں جو بعثتِ انبیاء و رُسل کی اصل غرض و غایت میں شامل ہیں دینِ حق کی شہادت و اقامت کا اتمامی و تکمیلی مرحلہ بھی شامل ہے اور یہی آپؐ کے مقصدِ بعثت کی 'امتیازی شان' ہے!

۳۔ اس مقصدِ عظیم کے لیے امکان بھر سعی و جُہد اور بذلِ نفس و انفاقِ مال اہلِ ایمان کے ایمان کا بنیادی تقاضا اور ان کے صادق الایمان ہونے کا عملی ثبوت ہے۔ اور اسی کو اصطلاحاً 'جہاد فی سبیل اللہ' کہا جاتا ہے!

'عمود' کے تعین کے بعد اس سُورۂ مبارکہ کی باقی تیرہ آیات کا ربط و تعلق اس مرکزی مضمون کے ساتھ بآسانی سمجھ میں آجاتا ہے۔ چنانچہ پہلے رکوع کی بقیہ آٹھ آیات مشتمل ہیں جہاد و قتال فی سبیل اللہ سے جی چُرانے پر تہدید و تنبیہہ اور زجر و ملامت پر اور دُوسرا رکوع کُل کا کُل مشتمل ہے جہاد و قتال فی سبیل اللہ کے اجر، ثواب اور اُن اعلیٰ مقامات و مراتب کی وضاحت و تفصیل پر جن تک ایک بندۂ مومن جہاد و قتال

فی سبیل اللہ کے ذریعے رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ گویا پوری سورۂ الصف اپنے مضامین کے اعتبار سے حد درجہ مربوط ہے اور اس کی تمام آیات ان حسین و جمیل موتیوں کے مانند ہیں جو ایک ڈوری میں پروئے ہوئے ہوں اور ایک ایسے ہار کی شکل اختیار کر لیں جس کے عین وسط میں ایک نہایت تابناک ہیرا معلق ہو۔ یہ روشن اور حسین و جمیل ہیرا ہے آیت نمبر ۹، اور ہار کے دونوں اطراف ہیں اس سے ماقبل اور مابعد کی آیات جن میں اُمتِ مسلمہ کو جہاد و قتال کی پُر زور اور نہایت مؤثر دعوت ہے بطرزِ "ترغیب و تشویق" بھی اور باندازِ "تہدید و ترہیب" بھی۔ ابتدائی آٹھ آیات کو بھی باعتبار مضامین دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے!

**حصۂ اوّل** پہلا حصہ چار آیات پر مشتمل ہے، جن میں سے اوّلین آیت ایک حد درجہ پُرشکوہ تمہید ہے جس میں واضح کیا گیا کہ جہاں تک اللہ کی تسبیح و تحمید کا تعلق ہے وہ تو کائناتِ ارضی و سماوی کا ذرّہ ذرّہ کر رہا ہے۔ گویا انسان سے اس کے خالق و مالک کو کچھ اور ہی مطلوب ہے۔ بقول علامہ اقبال ؎ "شمع یہ سودائی دلسوزیٔ پروانہ ہے"! (یاد رہے کہ سورۃ البقرۃ کے چوتھے رکوع میں فرشتوں نے بھی آدم کی خلافت پر یہی عرض کیا تھا کہ جہاں تک تسبیح اور تحمید و تقدیس کا تعلق ہے وہ تو ہم کر ہی رہے ہیں! کیا خوب کہا ہے کسی کہنے والے نے۔

؎ دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو ورنہ طاعت کیلئے کچھ کم نہ تھے کرّوبیاں!)

آیت ۲، ۳ میں مسلمانوں میں سے جو عافیت کے گوشے میں بیٹھ رہنے کو ترجیح دیں جہاد و قتال فی سبیل اللہ کے شدائد و مصائب پر، بقولِ جگر مراد آبادی ؎

"تپتی راہیں مجھ کو پکاریں دامن پکڑے چھاؤں گھنیری"!

اُن کو شدید ترین الفاظ میں متنبہ کیا گیا ہے کہ اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان اور ان کے ساتھ عشق و محبت کے زبانی دعوے نہ صرف یہ کہ اللہ کے یہاں کسی درجے میں مفید نہیں بلکہ یہ لن ترانیاں اللہ کے غیظ و غضب کو بھڑکانے والی اور اللہ کی بیزاری میں شدت پیدا کرنے والی ہیں اگر ان کے ساتھ عمل کی شہادت نہ ہو اور انسان بالفعل اپنی جان اور اپنا مال اللہ کی راہ میں صرف کرنے اور کھپا دینے کے لیے آمادہ نہ ہو۔ (واضح رہے کہ پیشِ نظر منتخب نصاب میں اس مضمون کا نقطۂ آغاز سورۃ الحجرات کی آیت ۱۵ ہے، جس میں اصل صادق الایمان ان لوگوں کو قرار دیا گیا ہے جن کے دلوں میں وہ ایمان جاگزیں ہے جسنے ایسے یقین کی صورت اختیار کر لی ہو، جس میں شکوک و شبہات (وسوسوں کا معاملہ جدا ہے!) کے کانٹے چبھے نہ رہ گئے ہوں اور جن کے عمل میں: "وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ!" کی شان جلوہ گر ہو۔ اس کے بعد سورۃ الحج کے آخری رکوع میں 'مطالباتِ دین' کی چوٹی یا "ذروۂ سنام" قرار دیا گیا 'جہاد' کو

اور اس کی اساسی غرض و غایت معیّن ہوئی "شہادت علی النّاس" اب یہ سورۂ مبارکہ کُل کی کُل وقف ہے اسی موضوع پر، چنانچہ اس میں زجر و توبیخ بھی انتہاء کو پہنچ گئی ہے اور ترغیب و تشویق بھی)
حصّۂ اوّل کی آخری آیت (۴) میں گویا بالکل دو ٹوک الفاظ میں فرمادیا کہ اگر ہم سے دل لگاتا ہے اور ہماری محبت کا دعویٰ ہے تو جان لو کہ ہمیں تو محبوب ہیں وہ بندے جو ہماری راہ میں سیسہ پلائی ہوئی دیوار کے مانند جم کر جنگ کریں (علامہ اقبال نے بالکل اسی انداز اور اسلوب میں کہا ہے یہ شعر کہ "محبت مجھے اُن جوانوں سے ہے۔ ستاروں پہ جو ڈالتے ہیں کمند!") گویا جسے بھی اس وادی میں قدم رکھنا ہو، وہ سوچ سمجھ کر آگے بڑھے ؎

یہ شہادت گہِ اُلفت میں قدم رکھنا ہے    لوگ آسان سمجھتے ہیں مسلماں ہونا

واضح رہے کہ اس آیۂ مبارکہ سے اسلام کے نظامِ حکمت میں "خیرِ اعلیٰ" (HIGHEST GOOD) (SUMMUM BONUM) کا بالکل واضح الفاظ میں تعیّن ہوجاتا ہے!

**حصّۂ ثانی** دُوسرا حصّہ بھی چار ہی آیات پر مشتمل ہے اور اس میں اس سورۂ مبارکہ کے مرکزی مضمون کے پس منظر میں یہود کو بطورِ نشانِ عبرت پیش کیا گیا ہے اور اس ضمن میں ان کی تاریخ کے تین اَدوار کا حوالہ دیا گیا ہے!

آیت نمبر ۵ میں ان کا وہ طرزِ عمل سامنے آتا ہے جو انہوں نے حضرت موسیٰؑ کے ساتھ اختیار کیا۔ آنجنابؑ کو بنی اسرائیل کی جانب سے یقیناً بہت سی ذاتی ایذا رسانیوں سے بھی سابقہ پیش آیا ہوگا (جیسا کہ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو واقعۂ افک وغیرہ کی صورت میں پیش آیا!) لیکن اس سورت کے مرکزی مضمون کے اعتبار سے یہاں اشارہ معلوم ہوتا ہے اُس قلبی اذیّت اور ذہنی کوفت کی جانب جو حضرت موسیٰؑ کو اس وقت پہنچی جب بنی اسرائیل نے قتال فی سبیل اللہ سے کورا جواب دے دیا جس پر آنجنابؑ نے ان سے شدید بیزاری کا اظہار فرمایا۔ (ملاحظہ ہوں آیات ۲۰ تا ۲۶ سورۃ المائدۃ)

آیت نمبر ۶ میں مذکور ہے یہود کا وہ طرزِ عمل جو انہوں نے اختیار کیا حضرت عیسیٰؑ کے ساتھ، بالخصوص ان کے علماء کی وہ کور چشمی اور ڈھٹائی جس کی بنا پر انہوں نے اللہ کے ایک جلیل القدر پیغمبر کو جادوگر اور کافر و مرتد اور واجب القتل قرار دیا اور ان کو عطا کیے جانے والے معجزات کو سحر سے تعبیر کیا۔

آیات نمبر ۷۔۸ میں نقشہ کھینچا گیا ہے یہود کے اس طرزِ عمل کا جو نبیِ موعود اور رسولِ آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کی دعوت کے ضمن میں ظاہر ہوا، یعنی انتہائی متکبرانہ حسد، بغض اور مخالفت و مخاصمت میں حد درجہ گھٹیا اور کمینے ہتھکنڈوں پر اُتر آنا۔ اِس لیے کہ اعراض عن الحق کے باعث ان میں جو دناءت اور بزدلی

پیدا ہو چکی تھی اُس کے باعث وہ کبھی کھلے میدان میں تو آنحضورؐ اور مسلمانوں کا مقابلہ نہ کر سکے، البتہ اوچھے ہتھیاروں سے کام لینے کی ہر ممکن کوشش انہوں نے کی جسے تعبیر فرمایا: "اللہ کے نور کو منہ کی پھونکوں سے بجھا دینے کی کوشش!" کے حد درجہ فصیح و بلیغ الفاظ سے! بقول مولانا ظفر علی خاں ؎

نورِ خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن — پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا!

اور اس کے بعد وارد ہوئی وہ آیۂ مبارکہ جو اس سورۂ مبارکہ کے لیے بمنزلۂ عمود ہے!

**رکوع دوم** دوسرے رکوع کی پہلی آیت میں مسلمانوں سے ایک سوال کیا گیا: "کیا تمہیں وہ کاروبار بتاؤں جس کا نفع اتنا عظیم ہے کہ تم عذاب الیم سے چھٹکارا پا جاؤ!" بین السطور میں گویا یہ تنبیہ فرما دی گئی کہ اگر اس کاروبار کو اختیار نہ کرو گے اور اس سے اباء و اعراض کرو گے تو عذابِ الیم سے چھٹکارا پانے کی اُمید بھی ایک اُمیدِ موہوم سے زیادہ کچھ نہیں۔ اور یہ گویا خلاصہ ہو گیا اس تمام تہدید و ترہیب کا جو پہلے رکوع میں تفصیلاً وارد ہوئی ہے۔

دوسری آیت میں اِس سوال کا جواب مرحمت فرمایا گیا "ایمان لاؤ اللہ پر اور اُس کے رسولؐ پر اور جہاد کرو اُسی کی راہ میں، اور کھپاؤ اُس میں اپنے اموال بھی اور اپنی جانیں بھی، اِسی میں خیر مضمر ہے!" ——— بقیہ چار آیات میں اسی 'خیر' کی تفاصیل ہیں چنانچہ ۔

آیت نمبر ۱۲ میں ذکر ہوا مغفرت اور داخلۂ جنت، اور فردوسِ بریں کے پاکیزہ مسکنوں کا اس تصریح کے ساتھ کہ اصل اور عظیم کامیابی ان ہی کا حصول ہے!

آیت نمبر ۱۳ میں بشارت وارد ہوئی دنیا میں تائید و نصرت اور فتح و ظفر کی، اس تعریض کے ساتھ کہ یہ تمہیں بہت عزیز ہے۔ (اگرچہ اللہ کی نگاہ میں اس کی کوئی خاص اہمیت نہیں!) آیت نمبر ۱۴ میں پہنچ گیا یہ مضمون اپنے عروج اور کمال (CLIMAX) کو، یعنی جہاد و قتال فی سبیل اللہ کے ذریعے اہلِ ایمان رسائی حاصل کر سکتے ہیں اس مقامِ رفیع تک کہ وہ عبد ہوتے ہوئے معبود کے مددگار قرار پائیں اور مخلوق ہوتے ہوئے خالق کے 'انصار' ہونے کا خطاب پائیں ——— اس ضمن میں مثال میں پیش فرمایا حواریینِ حضرت مسیحؑ کو جنہوں نے آنجنابؑ کے رفعِ آسمانی کے بعد واقعہ یہ ہے کہ آپ کے پیغام کی نشر و اشاعت کے ضمن میں قربانیوں اور آزمائشوں میں ثابت قدم رہنے کی جو مثالیں قائم کیں وہ رہتی دنیا تک یادگار رہیں گی۔

اس آخری آیت میں ضمنی طور پر اشارہ ہوا ہے اس جانب بھی کہ کسی بگڑی ہوئی مسلمان قوم میں جو کوئی بھی اصلاح کا بیڑہ اٹھا کر آمادۂ عمل ہو اس کو ندا لگانی چاہیئے کہ "مَنْ اَنْصَارِیْۤ اِلَی اللّٰہِ" (کون ہے جو اللہ کی راہ میں میری مدد پر کمر بستہ ہو؟) ——— پھر جو لوگ اس کی صدا پر لبیک کہیں وہ آپ سے آپ

ایک فطری جماعت کی صورت اختیار کرلیں گے!

آخر میں ایک اشارہ اور! ——— پوری سورۃ الصف اصل میں تشریح و تفصیل ہے 'اُمّ المُسَبِّحَات' یعنی سورۃ الحدید کی آیت ۲۴ کی، اس اجمال کی تفصیل بعد میں آئے گی۔

☆ ☆ ☆

# 'جہاد فی سبیل اللہ' ایک نظر میں

(ا) سہ حرفی مادّہ (ROOT) : جَہد یعنی کوشش؛ اُردو میں جدّوجہد عام طور پر مستعمل ہے۔ انگریزی میں: " TO EXERT ONE'S UTMOST "

(ب) جہاد یا مجاہدہ باب مفاعلہ سے ہے جس کے خواص میں مشارکت اور مقابلہ دونوں شامل ہیں۔ یعنی کش مکش۔ انگریزی میں: " TO STRUGGLE HARD "

(ج) ظاہر ہے کہ اس کوشش یا کش مکش میں جسمانی قوتیں اور صلاحیتیں بھی کھپتی ہیں اور مال بھی صرف ہوتا ہے۔ چنانچہ حکمِ جہاد کے ساتھ بالعموم اضافہ ہوتا ہے "بِاَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ" کے الفاظ کا!

(د) پھر یہ بھی لازم ہے کہ یہ کوشش یا کشمکش کسی معیّن مقصد کے لیے ہو جس کو ظاہر کیا جاتا ہے " فی سبیل" کے الفاظ سے۔ گویا اگر کوشش یا کشمکش نفسانی اغراض کے لیے ہو تو یہ "جہاد فی سبیل النفس" ہوگا۔ علیٰ ہٰذا القیاس جہاد فی سبیل الوطن بھی ہو سکتا ہے اور فی سبیل القوم بھی، فی سبیل الاشتراکیہ بھی ہو سکتا ہے اور فی سبیل الجمہوریہ بھی، فی سبیل الشیطٰن بھی ہو سکتا ہے اور فی سبیل الطاغوت بھی! اور ان سب سے جدا اور ہر اعتبار سے منفرد ہے "جہاد فی سبیل اللہ"!

(ہ) جہاد فی سبیل اللہ:

نقطۂ آغاز یا "جہادِ اکبر" ——— 'مجاھدہ مع النفس'

'غایتِ اُولیٰ' یا مقصدِ اوّلین ——— 'شہادت علی النّاس'

'غایتِ قُصوٰی' یا آخری منزل ——— 'اِظہارُ دِیْنِ الْحَقِّ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ'

---

حصہ چہارم

درسِ چہارم

# نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بنیادی طریقِ کار

یا

# انقلابِ نبویؐ کا اساسی منہاج

سورۃ الجمعہ کی روشنی میں

مع اضافی مضامین

- آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بعثتیں
  - خصوصی ——— "اُمّیین" کی جانب
  - عمومی ——— جملہ ——— "آخرین"
- حاملِ کتاب اُمّت کی ذمّہ داریاں
  - ان سے اعراض و رُوگردانی پر سزا و عقوبت
  - اس ضمن میں یہود کی مثال!
- انبیاء کرامؑ کی اُمتوں میں عملی ضمحلال و اخلاقی زوال کا اصل سبب
  - اللہ کے چہیتے ہونے کا زعم
  - اصل فیصلہ کُن بات : زندگی عزیز تر ہے یا موت ؟
- حِکمت و احکامِ جُمعہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ کہ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ کہ ہے زمین میں بادشاہ پاک ذات زبردست

الْحَكِيْمِ ۝۱ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ

حکمتوں والا ☆ وہی ہے جس نے اٹھایا ان پڑھوں میں ایک رسول انہی میں کا پڑھ کر سناتا ہے ان کو اسکی

اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ

آیتیں اور ان کو سنوارتا ہے اور سکھلاتا ہے ان کو کتاب اور عقلمندی اور اس سے پہلے وہ پڑے ہوئے تھے

لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۲ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

صریح بھول میں اور اٹھایا اس رسول کو ایک دوسرے لوگوں کے واسطے بھی انہی میں سے جو ابھی نہیں ملے ان میں اور وہی ہے

الْحَكِيْمُ ۝۳ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ

زبردست حکمت والا یہ بڑائی اللہ کی ہے دیتا ہے جس کو چاہے اور اللہ کا فضل

الْعَظِيْمِ ۝۴ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ

بڑا ہے مثال ان لوگوں کی جن پر لادی توریت پھر نہ اٹھائی انہوں نے جیسے مثال گدھے کی کہ پیٹھ پر لیتا ہے

اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي

کتابیں بری مثال ہے ان لوگوں کی جنہوں نے جھٹلایا اللہ کی باتوں کو اور اللہ راہ نہیں دیتا

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَاۗءُ

بے انصاف لوگوں کو تو کہہ اے یہودی ہونے والو اگر تم کو دعویٰ ہے کہ تم دوست ہو

لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۶ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ

اللہ کے سب لوگوں کے سوائے تو آرزو کرو اپنے مرنے کی اگر تم سچے ہو ☆ اور وہ کبھی نہ مانگیں گے

اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۷ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ

اپنا مرنا ان کاموں کی وجہ سے جو آگے بھیج چکے ہیں ان کے ہاتھ اور اللہ کو خوب معلوم ہیں سب گنہگار تو کہہ موت وہ

الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ

جس سے تم بھاگتے ہو سو وہ تم سے ضرور ملنے والی ہے پھر تم پھیرے جاؤ گے اس چھپے اور کھلے

الشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا

جاننے والے کے پاس پھر جتلا دیگا تم کو جو تم کرتے تھے اے ایمان والو جب

نُودِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا

اذان ہو نماز کی جمعہ کے دن تو دوڑو اللہ کی یاد کو اور چھوڑ دو

الْبَيْعَ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٩﴾ فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ

خرید وفروخت یہ بہتر ہے تمہارے حق میں اگر تم کو سمجھ ہے پھر جب تمام ہو چکے نماز

فَانْتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيرًا

تو پھیل پڑو زمین میں اور ڈھونڈو فضل اللہ کا اور یاد کرو اللہ کو بہت سا

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿١٠﴾ وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوا إِلَيْهَا وَ

تاکہ تمہارا بھلا ہو اور جب دیکھیں سودا بکتا یا کچھ تماشا متفرق ہو جائیں اس کی طرف اور

تَرَكُوكَ قَائِمًا قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ وَ

تجھ کو چھوڑ جائیں کھڑا تو کہہ جو اللہ کے پاس ہے سو بہتر ہے تماشے سے اور سوداگری سے اور

اللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِينَ ﴿١١﴾ ع

اللہ بہتر ہے روزی دینے والا

سورۃ الجمعہ کا 'عمود' اس کی آیت ۲ سے متعین ہوتا ہے، جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بنیادی طریق کار یا 'اساسی منہج عمل' بیان ہوا ہے۔ یعنی "يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ !" —— (لوگوں کو اللہ کی آیات سنانا، اُن کا تزکیہ کرنا اور انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دینا!)

الحمدللہ! کہ راقم الحروف نے جہاں سورۃ الصف کی مرکزی آیت پر مفصّل و مدلّل کلام کیا ہے: "نبی اکرمؐ کا مقصدِ بعثت" نامی کتابچے میں، وہاں سورۃ الجمعہ کی اس مرکزی آیت پر بھی کافی و شافی بحث سپردِ قلم کر دی ہے، اپنے اس مقالے میں جو "انقلابِ نبویؐ کا اساسی منہاج" کے عنوان سے متذکرہ بالا کتاب میں بھی شامل ہے اور علیحدہ مطبوعہ بھی موجود ہے۔ بہر نوع اس مقام پر اس کے اعادے کی چنداں حاجت نہیں!

عمود کی تعیین کے بعد اس سورۂ مبارکہ کے مضامین کا تجزیہ بہت آسان ہے۔ سورۃ الصف کی طرح سورۃ الجمعہ کا پہلا رکوع بھی دو حصّوں پر مشتمل ہے جب کہ اس کا دوسرا رکوع جو بالکل سورۃ الصف کی مانند "یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا" کے الفاظ سے شروع ہوتا ہے، فی نفسہٖ ایک مکمل مضمون لیے ہوئے ہے۔ اس طرح باعتبارِ مضامین اس سورۂ مبارکہ کے بھی تین حصّے ہوتے :

**حصّۂ اوّل** چار آیات پر مشتمل ہے :

● پہلی آیت سورۃ الصف کے مانند ایک نہایت پُرجلال تمہید پر مشتمل ہے جس میں بات اصلاً وہی بیان ہوئی ہے جو سورۃ الصف کی پہلی آیت میں وارد ہوئی ہے ـــــــ صرف اس فرق کے ساتھ کہ وہاں "سَبَّحَ" تھا یعنی فعل ماضی اور یہاں "یُسَبِّحُ" ہے یعنی فعل مضارع جو شامل ہے حال اور مستقبل دونوں کو۔ ان دونوں کو جمع کر لیا جائے تو 'زمان' کا کامل احاطہ ہو جاتا ہے۔ دوسری طرف "مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ" سے گویا کون و مکان کی کُل وسعت مراد ہے ـــــ اس طرح تسبیحِ باری تعالیٰ زمان و مکان کی جملہ وسعتوں کا احاطہ کر لیتی ہے۔

اس آیۂ عظیمہ میں دوسرا اہم نکتہ یہ ہے کہ اس کے آخر میں اللہ تعالیٰ کے چار اسماءِ حسنیٰ آتے ہیں، جو ایک بہت غیر معمولی بات ہے اس لیے کہ عام طور پر آیات کے اختتام پر اسماءِ باری تعالیٰ دو، دو کے جوڑوں ہی کی صورت میں آتے ہیں۔ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا سبب عمود والی آیت ہے جس میں آنحضورؐ کے اساسی منہجِ عمل کے بیان کے ضمن میں چار امُور کا ذکر ہے ـــــــ اور آنحضورؐ کی یہ چاروں شانیں دراصل عکس ہیں، اللہ تعالیٰ کے چار اسماءِ حسنیٰ کا! "تلاوتِ آیات" میں نقشہ ہے شہنشاہِ ارض و سماء (اَلْمَلِكُ) کے فرامین (PROCLAMATIONS) کو بآوازِ بلند پڑھ کر سنانے کا ـــــ عمل "تزکیہ" میں عکس جھلکتا ہے اللہ کی قدوسیت کا (اَلْقُدُّوْسُ)، "تعلیمِ کتاب" یعنی احکامِ شریعت اور قوانینِ حلال و حرام کی تعلیم میں ظہور ہوتا ہے اللہ کے اختیارِ مطلق کا یعنی یہ کہ وہ جو چاہے حکم دے۔ (اِنَّ اللّٰهَ یَحْكُمُ مَا یُرِیْدُ) اور یہی مفہوم ہے اللہ کے "اَلْعَزِیْزُ" ہونے کا ـــــ اور "تعلیمِ حکمت" کا تعلق ہے اللہ کے نامِ نامی و اسمِ گرامی "اَلْحَكِیْمُ" سے!

● دوسری آیت جہاں اصلاً بحث کرتی ہے آنحضورؐ کے "اساسی منہجِ انقلاب" سے وہاں ضمنی طور پر اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آنحضورؐ "اُمِّیّین" ہی میں سے اٹھائے گئے اور آپؐ کی بعثت بھی اوّلاً و اصلاً ان ہی کی جانب تھی۔ یہ گویا آپؐ کی "بعثتِ خصوصی" ہے!

● تیسری آیت نے آپؐ کی "بعثتِ عمومی" کو واضح کر دیا، جو "اِلٰی کَآفَّۃً لِّلنَّاس" ہے اور رُوئے ارضی پر بسنے والی کل اقوام و ملل عالم ــــــ اور تا قیامِ قیامت جملہ ادوارِ تاریخ نوعِ بشر کو محیط ہے۔ "اٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ" کے الفاظ عجب وصل مع الفصل کی سی کیفیت کے حامل ہیں کہ اگرچہ وہ تمام اقوام جو بعد میں اس اُمت میں شامل ہوں گی "ملت کی وحدت میں گم" ہوتی چلی جائیں گی اور اس طرح ایک ہی اُمّتِ مسلمہ کے اجزائے لاینفک بنتی چلی جائیں گی لیکن مقام اور مرتبے کے اعتبار سے اوّلیت کا جو شرف "اُمِّیّین" کو حاصل ہو گیا ہے اس میں کوئی دوسری قوم اُن کی شریک نہیں ہو سکتی اور اس اعتبار سے باقی سب کا شمار بہرحال "اٰخَرِیْنَ" ہی میں ہو گا۔

● چوتھی آیت نے اس فضیلت کے باب میں اٹل ضابطہ بیان فرما دیا، کہ یہ خالصتہً اللہ کی دین ہے جسے چاہے دے، کسی کو اس پر نہ حسد کرنا چاہیے نہ افسوس! اللہ کا سب سے بڑا فضل تو ہوا نبی اکرمؐ پر (اِنَّ فَضْلَہٗ کَانَ عَلَیْکَ کَبِیْرًا) اس کے بعد فضیلت کا درجہ مل گیا بنی اسمٰعیل کو جن میں سے آپؐ اٹھائے بھی گئے اور جن کی جانب آپؐ کی اوّلین بعثت بھی ہوئی۔ چنانچہ اُن ہی کی زبان میں نازل ہوا اللہ کا آخری اور ابدی و سرمدی کلام ــــــ اور ان ہی کے رسوم و رواج اور اطوار و عادات میں قطع و بُرید اور کمی بیشی کے ذریعے تیار ہوا اللہ کی آخری اور کامل شریعت کا تانا بانا! اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اُن کی حد تک جُملہ فرائضِ نبوت و رسالت ادا کیے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بنفسِ نفیس! ع: "یہ نصیب اللہ اکبر! لوٹنے کی جائے ہے"! اس کے بعد ایک عمومی درجۂ فضیلت ہے جو حاصل ہے ہر اُمّتیِ رسولؐ کو، خواہ وہ مشرقِ بعید کا زرد رُو انسان ہو خواہ افریقہ کا سیاہ فام ــــــ اور خواہ ہندی ہو خواہ ایرانی ــــــ اور خواہ ہزار سال پہلے پیدا ہو خواہ آج یا آج کے بعد بھی!

**حصّہ دوم** بھی چار ہی آیات پر مشتمل ہے، اور اس میں بھی سورۃ الصّف کے عین مانند بنی اسرائیل کا کردار زیرِ بحث آیا ہے اور اس ضمن میں اس سورت میں لامحالہ طور پر ان کے کردار کے اسی رُخ کی نقاب کشائی کی گئی ہے جو اس کے عمود سے مناسبت رکھتا ہے!

حصّہ اوّل میں بیان شدہ مضامین کا لُبِّ لُباب یہی تو ہے کہ آنحضورؐ کا کُل منہجِ عمل گھومتا ہے قرآن مجید کے گرد، اسی کے ذریعے انذار و تبشیر اور اسی کی تعلیم و تبلیغ کے ذریعے آپؐ نے اہلِ عرب کی کایا بھی پلٹ دی اور جزیرہ نمائے عرب کی حد تک انقلابِ اسلامی کی تکمیل بھی فرما دی۔ اگر آپؐ کی بعثت صرف "اُمِّیّین" کے لیے ہوتی تو گویا اس پر جُملہ فرائضِ رسالت کی تکمیل ہو جاتی لیکن آپؐ مبعوث ہوئے تھے پورے کُرۂ ارضی اور جمیع نوعِ انسانی کے لیے ــــــ لہٰذا بعثتِ محمدیؐ کے اس دوسرے مرحلے

کے فرائض سپرد ہوئے اُمّتِ محمد علیٰ صاحبہا الصّلوٰۃ والسّلام کے جو "حامل" اور "وارث" (وَاِنَّ الَّذِیْنَ اُوْرِثُوا الْکِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِھِمْ لَفِیْ شَکٍّ مِّنْہُ مُرِیْبٍ﴿۱۴﴾ سورۃ الشوریٰ) ہوئی کتابِ الٰہی کی جو لوگوں کے قلوب و اذہان کی تبدیلی کے ضمن میں "نسخہ کیمیا" ہے اور نظامِ زندگی پر دینِ حق کو غالب و نافذ کرنے کے ضمن میں "آلہ انقلاب"! اب اگر اُمّت اس کتابِ الٰہی ہی کو پسِ پشت ڈال دے تو یہ گویا اصل میں بحیثیت اُمّت اپنے جملہ فرائضِ منصبی سے رُوگردانی کے مترادف ہے۔ چنانچہ یہی پیشگی تنبیہ تھی جو آنحضورؐ نے اُمّتِ مسلمہ کو فرمائی تھی کہ "یَا اَھْلَ الْقُرْاٰنِ لَا تَتَوَسَّدُوا الْقُرْاٰنَ! (البیہقیؒ عن عبیدۃ الملیکیؓ) یعنی: "اے قرآن والو! قرآن کو تکیہ نہ بنا لینا۔ (جو پیٹھ پیچھے رکھا جاتا ہے!) —— اور یہی تنبیہ ہے جو قرآن مجید کی ان سورتوں کے گروپ کے عام اُسلوب کے مطابق یہاں یہود کی عبرت انگیز مثال کے ذریعے کی جا رہی ہے —— یعنی: "بے شک وہ لوگ جو حاملِ تورات بنائے گئے تھے، پھر انہوں نے اس کی ذمّہ داریوں کو ادا نہ کیا، اُس گدھے کے مانند ہیں جس پر کتابوں کا بوجھ لدا ہو!" —— اور اس پر اکتفا نہ کرتے ہوئے یہ بھی واضح فرما دیا کہ —— (i) کتابِ الٰہی کے ساتھ یہ طرزِ عمل اس کی تکذیب کے مترادف ہے اور (ii) اس کی نقد سزا جو اسی دنیا میں ملتی ہے وہ اللہ کی توفیق و ہدایت سے محرومی ہے۔ اَعَاذَنَا اللّٰہُ مِنْ ذٰلِکَ!!

راقم الحروف اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہے کہ اُس نے اُس کے قلم سے "مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق" ایسی تحریر نکلوا دی جس کو عوام و خواص سب نے پسند کیا اور جسے بعض اہلِ علم و فضل نے اس موضوع پر حرفِ آخر بھی قرار دیا۔

ایں سعادت بزورِ بازو نیست —— تا نہ بخشد خدائے بخشندہ!

فللہ الحمد والمنّۃ —— بہرحال یہاں صرف اس ربطِ کلام کی وضاحت کافی ہے۔ اس مضمون کی تفاصیل متذکرہ بالا کتابچے میں دیکھ لی جائیں!

حصّہ دوم کی دوسری اہم بات اِس مرض کی تشخیص ہے جس کے باعث کوئی مسلمان اُمّت جہاد و قتال سے بھی پیٹھ موڑ لیتی ہے اور خود کتابِ الٰہی سے بھی محجوب و مہجور ہو جاتی ہے! —— یعنی خدا کے محبوب اور چہیتے ہونے کا زعم! (نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰہِ وَاَحِبَّآؤُہٗ) —— اور ساتھ ہی اس زعمِ باطل کی تردید و ابطال کے لیے عملی کسوٹی (PRACTICAL TEST) کی تعیین بھی فرما دی، یعنی یہ کہ اپنے دل میں جھانک کر دیکھو! موت عزیز تر ہے یا طولِ حیات ؟ چنانچہ فوراً ہی اُن کا پول بھی کھول دیا گیا کہ یہ موت سے انتہائی خائف اور گریزاں ہیں اور طولِ عمر کے حد درجہ شائق و دلدادہ (تقابل کے لیے دیکھئے اِن آیات کا مثنّیٰ سورۃ البقرہ

میں آیات ۹۴ تا ۹۶) آخر میں نہایت زور دار الفاظ اور زجر و توبیخ کے انداز میں فرمادیا کہ خواہ تم موت سے کتنا ہی بھاگو وہ وقتِ معیّن پر تمہارے سامنے آ کھڑی ہوگی اور پھر تم لوٹائے جاؤ گے اس عالم الغیب والشہادہ کی جانب جو تمہارا سارا کچا چٹھا تمہارے سامنے کھول کر رکھ دے گا۔

واضح رہے کہ ان آیات میں اصلاً مطلوب نہ یہود کو دعوت ہے نہ ملامت، یہ کام تو بتمام و کمال سورۃ البقرہ میں ہو چکا ہے ——— یہاں یہ در اصل ع: "گفتہ آید در حدیثِ دیگراں!" کے انداز میں اُمّتِ مسلمہ کو پیشگی طور پر خبردار کرنے کے لیے ہے! اور یہی ہے وہ بات جو آنحضورؐ نے اُس حدیث میں بیان فرمائی، جس میں آپؐ نے خبر دی کہ ایک زمانہ آئے گا کہ اقوامِ عالم تم پر ایک دوسرے کو ایسے دعوت دیں گی جیسے کسی دعوتِ طعام کا اہتمام کرنے والا دسترخوان چُنے جانے پر مہمانوں کو بلایا کرتا ہے۔ اس پر صحابہؓ نے سوال کیا کہ: "اَمِنْ قِلَّۃٍ نَحْنُ یَوْمَئِذٍ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ" یعنی اے اللہ کے رسولؐ! کیا یہ صورتِ حال ہماری تعداد کی کمی کے باعث ہوگی؟ تو جواباً آپؐ نے ارشاد فرمایا: "نہیں تعداد تو تمہاری بہت ہوگی لیکن تم سیلاب کے اُوپر کے جھاگ کے مانند ہو کر رہ جاؤ گے۔ اس لیے کہ تم میں "وھن" پیدا ہو جائے گا۔ پھر جب صحابہؓ نے پوچھا: "وَمَا الوھنُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ؟" اے اللہ کے رسولؐ! یہ "وھن" کیا ہے تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: "حُبّ الدّنیا وکَرَاھیۃُ الموت!" دنیا کی محبت اور موت سے نفرت و کراہت! (رواہ ابوداؤد واحمد ابن حنبل رحمہما اللّٰہ)

**حصّۂ سوم** یا دوسرا رکوع کُل کا کُل "حکمت و احکامِ جمعہ" پر مشتمل ہے۔ یہود کی شریعت میں 'سبت' کے احکام بہت سخت تھے۔ اس پُورے دن کے دوران کاروبارِ دنیوی مطلقاً حرام تھا اور حکم تھا کہ یہ پورا دن ذکر و شغل، تسبیح و تہلیل اور عبادت و ریاضت میں بسر کیا جائے۔ اُمّتِ مسلمہ کی خوش بختیوں کا کیا ٹھکانا کہ:

اوّلاً ——— اسے اس اصل فضیلت والے دن کی جانب از سرِ نو رہنمائی ملی جو ہفتہ کے دنوں کا سردار ہے، اور جسے یہود نے اپنی ناقدری کے باعث کھو دیا تھا۔

ثانیاً ——— حرمتِ بیع و شراء کا حکم صرف ایک تھوڑے سے وقفے تک محدود کر دیا گیا یعنی اذانِ جمعہ (اور وہ بھی اذانِ ثانی) سے لے کر نماز کے ادا ہو جانے تک! اس سے قبل اور اس کے بعد کے لیے ترغیب و تشویق تو نہایت زور دار ملتی ہے کہ اس پُورے دن کو دین ہی کے لیے وقف کیا جائے (جیسا کہ بہت سی احادیث میں وارد ہوا ہے) لیکن اسے فرض نہیں کیا گیا۔

ثالثاً ——— جمعہ کا پروگرام ایسا مرتّب فرمایا گیا یعنی خطبہ و نماز کی ترتیب ایسی حسین رکھی

گئی کہ وہ: "وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى" کی کامل تصویر بن گئی۔ کہ پہلے کوئی نائب رسولؐ، منبرِ رسولؐ پر کھڑے ہو کر فریضہ تذکیر سرانجام دے (یہی حکمت ہے اس میں کہ آنحضورؐ جمعہ اور عیدین کی نمازوں میں بالعموم سورۃ الاعلیٰ اور سورۃ الغاشیہ پڑھا کرتے تھے، جن میں اسی 'تذکیر' کا حکم نہایت شدومد سے آیا ہے یعنی: "فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝ سورۃ الاعلیٰ اور فَذَكِّرْ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ۝ سورۃ الغاشیہ) اور پھر مسلمان اللہ کے حضور میں دست بستہ ہو جائیں اور نماز ادا کریں۔

ذرا غور کیا جائے تو یہ بات بالکل واضح طور پر نظر آتی ہے کہ جمعہ کے اس پروگرام میں اصل اہمیت خطبہ جمعہ کی ہے۔ اس لیے کہ نماز تو ویسے بھی روزانہ پانچ بار پڑھی جاتی ہے اور خود نمازِ جمعہ بھی نمازِ ظہر کے قائم مقام ہے جس کی بجائے دو کے چار رکعتیں ہوتی ہیں۔ اس حقیقت کی جانب اشارہ سورۃ الجمعہ کی آخری آیت میں بھی ہے جس میں بعض مسلمانوں پر اس لیے عتاب فرمایا گیا کہ انہوں نے خطبہ جمعہ کی اہمیت کو محسوس نہ کیا اور حکمِ جمعہ والی آیت میں بھی ہے جس میں: "فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ" کے الفاظ وارد ہوئے اور ظاہر ہے کہ ذکر کا اطلاق اگرچہ نماز پر بھی درست ہے تاہم یہاں بدرجہ اولیٰ اس 'تذکیر' پر ہے جو اصل غرض و غایتِ خطبہ ہے۔ لیکن اِس کی قطعی و حتمی تعیین ہوتی ہے اُس حدیث شریف سے جس میں جمعہ کے لیے جلد آنے کی فضیلت کے درجات بیان ہوئے ہیں اور آخر میں فرمایا گیا ہے کہ:

| | |
|---|---|
| فَاِذَا خَرَجَ الْاِمَامُ طُوِيَتِ | (ترجمہ: جب امام (خطبہ دینے کے لیے) نکلتا |
| الصُّحُفُ وَرُفِعَتِ الْاَقْلَامُ | ہے تو (حاضری کے) رجسٹر لپیٹ دیئے جاتے |
| وَاجْتَمَعَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ عِنْدَ | ہیں اور قلم اٹھائے جاتے ہیں اور فرشتے منبر |
| الْمِنْبَرِ يَسْتَمِعُوْنَ الذِّكْرَ فَمَنْ | کے پاس توجہ سے خطبہ سننے کے لیے جمع ہو |
| جَآءَ بَعْدَ ذٰلِكَ جَآءَ لِحَقِّ الصَّلٰوةِ | جاتے ہیں۔ تو جو شخص اس کے بعد آیا وہ صرف |
| لَيْسَ لَهٗ مِنَ الْفَضْلِ شَيْئٌ ۔ | نماز ادا کرنے کے لیے آیا ہے جمعہ کی فضیلت |

میں اس کے لیے کوئی حصہ نہیں ہے) (مؤطا امام مالکؒ بحوالہ احیاء علوم الدین للامام غزالیؒ)

جب یہ واضح ہو گیا کہ جمعہ کی اصل فضیلت خطبہ کی وجہ سے ہے اور خطبہ کی اصل غرض و غایت ہے 'تذکیر'، تو واضح ہونا چاہیے کہ 'تذکیر' کے ضمن میں قرآن مجید میں صریح حکم وارد ہوا ہے کہ: فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ۝ (سورۂ قٓ آخری آیت) چنانچہ حدیث شریف سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ خطبہ جمعہ میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم قرآن مجید کی آیاتِ مبارکہ کی تلاوت فرمایا کرتے تھے جیسا کہ مسلم شریف میں حضرت جابر ابنِ سمرہؓ کی روایت میں یہ الفاظ وارد ہوئے کہ: ــــــ آنحضورؐ کے

دو خطبے ہوتے تھے جن کے مابین آپ (تھوڑی دیر کے لیے) بیٹھ جایا کرتے تھے۔ اور (خطبہ میں) آپؐ قرآن کی قراءت فرمایا کرتے تھے۔ اور لوگوں کو تذکیر فرمایا کرتے تھے"! ——— درحقیقت نظامِ جمعہ کے ذریعے اُمت میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اُسی عمل کو دوام اور تسلسل عطا کیا گیا ہے جو اس سورۃ مبارکہ کی آیت ۲ میں: "يَتۡلُوۡا عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيۡهِمۡ وَيُعَلِّمُهُمُ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ" کے عظیم اور بابرکت الفاظ میں بیان ہوا ہے۔ گویا اجتماعِ جمعہ کی حیثیت اس "حزبُ اللہ" کے ہفتہ وار اجتماع کی ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقصدِ بعثت کی تکمیل یعنی "اظہارِ دینِ حق علی الدین کُلّہٖ" کے لیے قائم ہوا اور اس کا اہم ترین پروگرام قرآن مجید کی آیاتِ مبارکہ کی تلاوت اور اس کے علوم و معارف کی تعلیم و تلقین ہے اس لیے کہ اس 'جماعت' کا اصل اور دائم و قائم اور غیر مبدّل و غیر محرّف "لٹریچر" قرآن حکیم ہی ہے۔

اور اس طرح نہ صرف یہ کہ اس سورۂ مبارکہ کے تینوں حصے خود بھی ایک معنوی لڑی میں پروتے ہوئے نظر آتے ہیں بلکہ سورۂ ماقبل کے ساتھ مل کر ایک حسین و جمیل معنوی وحدت کی صورت اختیار کر لیتے ہیں، جس میں آنحضورؐ کا مقصدِ بعثت بھی بیان ہو گیا، اس کی تکمیل کے لیے پُرزور دعوتِ سعی و عمل بھی آ گئی اور اس کے لیے صحیح لائحۂ عمل اور طریقِ کار بھی واضح ہو گیا ——— فَلَهُ الۡحَمۡدُ وَالشُّكۡرُ!

سورۃ الحجرات کی آیت ۱۵ کی رُو سے 'ایمانِ حقیقی' کے دو ارکان ہیں :-

## یقینِ قلبی ــــــ اور ــــــ جہاد فی سبیل اللہ

اور سورۃ الصف اور سورۃ الجمعہ کی رُو سے اسلام کی دو عظیم ترین حقیقتیں ہیں :

# جہاد فی سبیل اللہ اور قرآنِ حکیم

## گویا ــــ • قرآن منبع و سرچشمہ ہے ایمان کا

## • ایمان کا مظہرِ اتم ہے جہاد

## اور ــــ • جہاد کا مرکز و محور ہے قرآن !

اس طرح یہ عمل ایک گول زینے کے مانند بلند سے بلند تر ہوتا چلا جائے گا

## تاآنکہ "لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا" کی منزل آجائے !

(اس موضوع پر راقم الحروف کی ایک تحریر جو اولاً 'میثاق' بابت دسمبر ۷۵ء کے اداریے کے طور پر شائع ہوئی تھی)

---

واقعہ یہ ہے کہ 'بَدْءُ الْإِسْلَام' میں دین کی اصل اساسی اور بنیادی حقیقتیں دو ہی تھیں ــــ ایک قرآنِ حکیم جسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انقلابی جدوجہد کے ضمن میں 'آلۂ انقلاب' کی حیثیت حاصل ہے بقول مولانا حالی ؎

اُتر کر حرا سے سوئے قوم آیا ــــ اور اِک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا

اور دوسرے جہاد فی سبیل اللہ جو جامع عنوان ہے آپؐ کی اِس جدوجُہد کے مختلف مدارج و مراحل کا۔

واقعہ یہ ہے کہ یہ قرآن مجید ہی کی گرج اور کڑک بھی جس نے نیند کے ماتوں کو جگایا اور خوابِ خرگوش کے مزے لُوٹنے والوں کو بیدار کیا۔ چنانچہ "وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝" اور "اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۝" کی چونکا دینے والی صدائیں اور "اَلْقَارِعَةُ ۝ مَا الْقَارِعَةُ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۝" اور "اَلْحَاۗقَّةُ ۝ مَا الْحَاۗقَّةُ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَاۗقَّةُ ۝" کی بیدار کن ندائیں ہی تھیں جنہوں نے پُورے عرب میں ہلچل مچا دی اور "عَمَّ يَتَسَاۗءَلُوْنَ ۝ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۝ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۝" کی کیفیت پیدا کر دی

بقول مولانا حالی ؎

وہ بجلی کا کڑکا تھا یا صَوتِ ہادیؐ عرب کی زمیں جس نے ساری ہلا دی

پھر ——— اسی کی آیاتِ بیّنات تھیں جنہوں نے "هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰي عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۝ (الحدید: ۹)" کے مصداق انسانوں کو شرک، الحاد، مادہ پرستی، حُبِّ عاجلہ اور حیوانیّتِ محض کے "ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ" ایسے مہیب اور ہولناک اندھیروں سے نکال کر ایمان اور یقین کی روشنی سے بہرہ ور فرمایا۔ چنانچہ وہ ایک طرف عرفانِ الٰہی اور محبتِ خداوندی سے سرشار یعنی مستِ بادۂ الست ہو گئے اور دوسری طرف دنیا و مافیہا ان کی نگاہوں میں مچھر کے پَر سے بھی حقیر تر ہو گئے اور وہ کُلّیۃً طالبِ عقبیٰ بن گئے۔

مزید برآں ——— وہی تھا جو "مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ" بھی بن کر آیا، اور "شِفَاۗءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ" بھی! چنانچہ اُسی کے ذریعے لوگوں کا تزکیۂ نفس بھی ہوا اور تصفیۂ قلب و تجلیۂ رُوح بھی!

گویا انذار ہو یا تبشیر، تبلیغ ہو یا تذکیر، موعظت ہو یا نصیحت، تعلیم ہو یا تربیت، تزکیہ ہو یا تصفیہ، تجلیہ ہو یا تنویر ——— الغرض تطہیر ہو یا تغیر محمّدٌ رَّسُولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پُورا عمل دعوت و اصلاح قرآن مجید ہی کے گرد گھومتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن حکیم میں ایک نہ دو پُورے چار مقامات پر آنحضورؐ کے منہج انقلاب کو جن اساسی اصطلاحات کے ذریعے واضح کیا گیا ہے اُن کا اوّل و آخر خود قرآن مجید ہی ہے۔ بفحوائے الفاظِ قرآنی:

| | |
|---|---|
| يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ | سناتا ہے انہیں اُس کی آیات اور پاک |
| يُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ | کرتا ہے ان کو اور سکھاتا ہے انہیں |
| وَالْحِكْمَةَ (الجمعہ: ۲) | کتاب اور حکمت! |

قرآن کا کارنامہ ایک جملے میں بیان کیجئے، تو یہ ہے کہ اس نے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے دلوں میں ایمان پیدا کر دیا اور توحید، معاد اور رسالت پر یقینِ محکم کی کیفیت پیدا کر دی۔ لیکن اس سے اُس ہمہ گیر تبدیلی کا اندازہ نہیں ہوتا جو قرآنِ حکیم کے بدولت اُن کی زندگیوں میں برپا ہو گئی تھی اس لیے کہ قرآن نے اُن کا فکر بدلا، سوچ بدلی، نقطۂ نظر بدلا، اقدار بدلیں، عزائم بدلے، اُمنگیں بدلیں، شوق بدلے، دل چسپیاں بدلیں، خوف بدلے، اُمیدیں بدلیں، اخلاق بدلے، کردار بدلے، خلوت بدلی، جلوت بدلی، انفرادیت بدلی، اجتماعیت بدلی، دن بدلا، رات بدلی حتیٰ کہ "تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَیْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ" کے مصداق آسمان بدلا، زمین بدلی، الغرض پُوری کائنات بدل کر رکھ دی ــــ اور اس پوری تبدیلی کا ذریعہ اور آلہ ہیں قرآنِ حکیم کی آیاتِ بیّنات۔ بقول علامہ اقبال:

بندۂ مومن ز آیاتِ خداست ــــ ایں جہاں اندر برِ او چوں قباست
چوں کہن گردد جہانے در برش ــــ می دہد قرآں جہانے دیگرش!

تبدیلی اگر حقیقی اور واقعی ہو تو اُس کی کوکھ سے لازماً تصادم اور کشمکش جنم لیتے ہیں جن کے مراحل تبدیلی کی نوعیت اور مقدار کی نسبت سے کم و بیش ہو سکتے ہیں۔ ایمان نے جو تبدیلی صحابہ کرامؓ میں پیدا کی اُس نے جس تصادم اور کشمکش کو جنم دیا اس کے جملہ مدارج و مراحل کا جامع عنوان ہے "جہاد فی سبیل اللہ"۔

اس تصادم اور کشمکش کا اوّلین ظہور انسانوں کی اپنی شخصیت کے داخلی میدانِ کارزار میں ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ "مجاہدہ مع النفس" کو "افضل الجہاد" قرار دیا گیا[۱]۔ پھر جب ایمان اشخاص کے باطن میں اس طرح راسخ اور مستولی ہو گیا کہ ریب اور تشکک کے کانٹے نکل گئے تو اب اُسی جہاد و مجاہدہ کا ظہور عالمِ خارجی میں ظالموں، سرکشوں اور خدا کے باغیوں سے کشمکش اور تصادم کی صورت میں ہوا جس کا مقصد قرار پایا "تکبیرِ ربّ" یعنی اللہ تعالیٰ کی کبریائی کا اقرار و اعلان اور اس کی حاکمیتِ مطلقہ کا بالفعل قیام و نفاذ[۲] تاکہ "اس کی مرضی جیسے آسمان پر پُوری ہوتی ہے زمین پر بھی ہو"[۳] ــــ اور اس کی آخری منزل ہے "قتال فی سبیل اللہ" جس کا منتہائے مقصود معین ہوا اِن الفاظ میں کہ:

---

[۱] آنحضورؐ سے دریافت کیا گیا: "اَیُّ الْجِھَادِ اَفْضَلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ" تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: "اَنْ تُجَاھِدَ نَفْسَکَ فِیْ طَاعَةِ اللّٰہِ"۔

[۲] الفاظِ قرآنی کی رُو سے "وَرَبَّکَ فَکَبِّرْ" (المدثر: ۳) اور بقول علامہ اقبال

یا وُسعتِ افلاک میں تکبیرِ مسلسل ــــ یا خاک کی آغوش میں تسبیح و مناجات
وہ مسلکِ مردانِ خود آگاہ و خدا مست ــــ یہ مذہبِ مُلّا و جمادات و نباتات!

[۳] سیدنا مسیح علیہ السلام کے الفاظ۔

| | |
|---|---|
| وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ | اور جنگ کرتے رہو اُن سے یہاں تک کر |
| فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ | "فتنہ" بالکل فرو ہو جائے اور اطاعت |
| كُلُّهٗ لِلّٰهِ (الانفال: ۳۹) | کُلِّیتہً اللہ ہی کی ہونے لگے ! |

ایمان و یقین اور جہاد و قتال کا یہی وہ لزوم باہمی ہے جس کو نہایت واضح اور واشگاف الفاظ میں بیان کیا گیا قرآنِ حکیم کی اس آیۂ مبارکہ میں :

| | |
|---|---|
| اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | مومن تو بس وہی ہیں جو ایمان لائے اللہ |
| بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا | پر اور اس کے رسولؐ پر، پھر شک میں نہ |
| وَجَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ | پڑے اور جہاد کرتے رہے اللہ کی راہ میں |
| اَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ | اور کھپاتے رہے اس میں اپنے اموال |
| هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝ (الحجرات: ۱۵) | اور اپنی جانیں حقیقت میں یہی ہیں سچے ! |

واضح رہے کہ اس آیۂ مبارکہ کے اوّل و آخر حصر کا اسلوب بھی ہے اور آیۂ ماقبل میں حقیقی ایمان اور قانونی اسلام کے مابین فرق و امتیاز کا مضمون بھی۔ گویا مومنِ صادق کی جامع و مانع تعریف قرآنِ حکیم کی کسی ایک آیت میں مطلوب ہو تو وہ یہی آیت ہے۔

الغرض قرآن کے اصل حاصل ہیں ایمان اور یقین اور اُن کا لازمی نتیجہ ہیں: جہاد اور قتال۔ اِن میں سے ایمان و یقین اصلاً ایک معنوی حقیقت اور داخلی کیفیت کا نام ہیں، چنانچہ عالمِ خارجی میں اسلام کی دو عظیم ترین اور نمایاں ترین حقیقتیں ہیں قرآن اور جہاد۔ یہی وجہ ہے کہ یہ دونوں ایمانِ حقیقی کی مستقل علامتوں (SYMBOLS) کی حیثیت رکھتے ہیں اور مردِ مومن کی شخصیت کا جو ہیولیٰ تخیل اور تصوّر میں اُبھرتا ہے اُس کے ایک ہاتھ میں قرآن اور دوسرے ہاتھ میں تلوار لازمی و لابدی ہیں!

---

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ اور خلافتِ راشدہ کے دوران اسلام کی نشأۃِ اُولیٰ یا غلبۂ دینِ حق کا دورِ اوّل بلا شائبۂ ریب و شک، نتیجہ تھا صحابۂ کرامؓ کے تعلقِ قرآن اور جذبۂ جہاد کا ـــــ لیکن یہ بھی ایک ایسی تاریخی حقیقت ہے جس سے انکار ممکن نہیں کہ جیسے ہی اسلام نے ایک مملکت اور سلطنت کی صورت اختیار کی اِن دونوں کی حیثیت ثانوی ہو کر رہ گئی۔ اور ایسا ہونا ایک حد تک منطقی اور فطری بھی تھا۔ اس لیے کہ ایک طرف تو کسی مملکت یا سلطنت میں اوّلین و اہم ترین مسئلہ شہریت کا ہوتا ہے جو ایک خالص قانونی مسئلہ ہے جس میں تمام تر بحث انسان کے 'ظاہر' سے ہوتی ہے، 'باطن' سے کوئی سروکار ہی نہیں ہوتا گویا بقول علامہ اقبال ؒ "بندوں کو گِنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے!" ـــــ مزید برآں اس کا

اصل موضوع نظم و نسق اور امن و امان کا ہوتا ہے جس کے اعتبار سے بنیادی اہمیت قانون اور ضابطے کو حاصل ہوتی ہے نہ کہ مکارمِ اخلاق یا مواعظِ حسنہ کو۔ حتیٰ کہ اس اعتبار سے قصاص عفو پر مقدم ہو جاتا ہے ——— اور دوسری طرف سلطنتوں اور مملکتوں کو، خواہ وہ اصولی اور نظریاتی ہی ہوں اصل سروکار اپنی حفاظت و مدافعت سے ہوتا ہے، اصولوں اور نظریات کی تبلیغ و اشاعت ہوتی بھی ہے تو ثانوی درجے میں اور حکومتوں کی مصلحتوں کے تابع رہ کر!

یہی وجہ ہے کہ جب اسلام مملکت اور سلطنت کے دور میں داخل ہوا تو اصل زور (EMPHASIS) ایمان کے بجائے اسلام پر، یقین کے بجائے اقرار اور شہادت پر اور باطن سے بڑھ کر ظاہر پر ہو گیا۔ نتیجۃً قرآن حکیم کے بھی منبعِ ایمان اور سرچشمۂ یقین ہونے کی حیثیت مؤخر اور نگاہوں سے اوجھل ہوتی چلی گئی اور کتابِ قانون اور یکے از ادلۂ اربعہ[1] ہونے کی حیثیت مقدم اور مرکزِ توجہ بنتی چلی گئی۔ اور پھر جیسے جیسے مملکت اور سلطنت کے تقاضے پھیلتے گئے اور قانون کی عملداری وسیع ہوتی گئی قرآن مجید تو 'چار میں کے ایک' کی حیثیت میں پس منظر میں 'گم'[2] ہوتا چلا گیا اور توجہات حدیث اور فقہ پر مرتکز ہو کر رہ گئیں۔ ستم بالائے ستم یہ کہ علم اور حکمت کے میدان میں جو خلا اس طرح پیدا ہوا اُسے پُر کرنے کے لیے مصر و یونان کی جانب سے فلسفہ و منطق کی آندھیاں آئیں۔ نتیجۃً پورا عالمِ اسلام ارسطو کی منطق اور نو افلاطونی تصوف کی آماجگاہ بن کر رہ گیا۔ یہاں تک کہ فلسفہ و اصولِ اخلاق کے لیے بھی مسلمانوں کو اغیار کے سامنے کاسۂ گدائی پیش کرنے کے سوا کوئی چارہ نہ رہا[3]! اور رفتہ رفتہ صورت یہ ہو گئی کہ قرآن نہ منبعِ ایمان رہا نہ سرچشمۂ یقین اور نہ مخزنِ اخلاق رہا نہ معدنِ حکمت ——— بلکہ صرف ایک ایسی "کتابِ مقدس" بن کر رہ گیا جس کے الفاظ یا تو حصولِ برکت اور ایصالِ ثواب کا ذریعہ بن سکتے ہیں یا زیادہ سے زیادہ تعویذ گنڈے اور جھاڑ پھونک کے کام آ سکتے ہیں[4]۔ اور اس طرح آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ پیشگوئی حرف بحرف پوری ہوئی کہ ایک زمانہ وہ آئے گا کہ:

---

[1] اصولِ شریعت چار ہیں: قرآن[1]، سنتِ رسول[2]، قیاس[3]، اجماع[4]۔ انہیں اَدِلّہ اَربعہ کہا جاتا ہے۔

[2] حضرت اکبرؔ کا بہت پیارا شعر ہے۔

صوم ہے ایمان سے، ایمان غائب صوم گُم ——— قوم ہے قرآن سے، قرآن رُخصت قوم گُم

[3] اسی کا مرثیہ کہا مولانا رومؒ نے ان الفاظ میں ؎

چند خوانی حکمتِ یونانیاں ——— حکمتِ قرآنیہ راہم بخواں

[4] (حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں!)

لَایَبْقٰی مِنَ الْاِسْلَامِ اِلَّا اِسْمُہٗ وَلَایَبْقٰی مِنَ الْقُرْاٰنِ اِلَّا رَسْمُہٗ (مشکوٰۃ: کتاب العلم)

اسلام میں سے سوائے اُس کے نام کے اور کچھ باقی نہ رہے گا اور قرآن میں سے سوائے صورتِ الفاظ کے اور کچھ نہ بچے گا۔

بعینہٖ یہی معاملہ جہاد کے ساتھ بھی ہوا، جب اصل زور ایمان پر نہ رہا بلکہ اسلام پر ہوگیا تو جہاد بھی جو ایمانِ حقیقی کا رُکنِ رکین تھا خود بخود نگاہوں سے اوجھل ہوتا چلا گیا۔ اور ساری توجہ ارکانِ اسلام پر مرتکز ہوگئی جن کی فہرست میں جہاد سرے سے شامل ہی نہیں ہے، گویا جہاد پر ظلم قرآن سے بھی بڑھ کر ہوا۔ اِس لیے کہ قرآن تو خواہ 'چار میں کے ایک' کی حیثیت ہی سے سہی بہر حال شریعت کے اصُولِ اربعہ میں شامل تو ہے، جہاد تو نہ صرف یہ کہ اسلام کے ارکانِ خمسہ میں شامل نہیں بلکہ نظامِ فقہ میں بھی اِس کی حیثیت فرضِ عین کی نہیں صرف فرضِ کفایہ کی ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ جہاد کا تصور بھی مسخ ہوگیا اور اِس شجرۂ طیبہ کی شاخوں کو جڑ اور تنے سے جدا کر کے ہر ایک کو مختلف رنگ دے دیا گیا چنانچہ ایک طرف جہاد مع النفس کا رُخ اعمال اور معاملات کی منجدھار سے پرے ہی پرے اذکار و اوراد اور نفسیاتی ریاضتوں اور ورزشوں کی راہِ تیسیر (SHORT CUT) کے جانب موڑ دیا گیا اور دوسری طرف جہاد کو قتال کے ہم معنیٰ قرار دے کر اس کا مقصد مملکت کی سرحدوں کے تحفظ و دفاع اور بس چلے تو توسیع کے سوا کچھ نہ رہا۔ رہا شرک و ظلم، کفر و فسق اور زُور و منکر کی ہر صورت کے ساتھ مسلسل کشمکش اور تصادم اور حق و صداقت کے پرچار، نیکی اور راستبازی کی ترویج، کلمۂ توحید کی نشر و اشاعت اور دینِ حق کے غلبہ و اقامت کے لیے پیہم جدّ و جُہد اور اِس کے لیے سمع و طاعت کے اصُول پر مبنی نظامِ جماعت کے قیام کا معاملہ ـــــ گویا فی الجملہ احقاقِ حق اور ابطالِ باطل کی منظّم سعی جو ہر مومن کے لیے فرضِ عین کا درجہ رکھتی ہے تو وہ یا تو سرے سے خارج از بحث ہوگئی یا زیادہ سے زیادہ ایک اضافی نیکی قرار پاکر رہ گئی اور اُس سے بالا ہی بالا اور وَرے ہی وَرے اسلام و ایمان اور تقویٰ و احسان کے جملہ مراحل طے پانے لگے!

اللہ! اللہ! کوئی فرق سا فرق ہے اور تفاوت سا تفاوت! ع "ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا!"

---

(حاشیہ صفحہ گزشتہ) ایک تیسرا مصرف قرآن کا وہ ہے جو علامہ اقبال ؒ نے اس شعر میں بیان کیا: ؎

بآیاتش تُرا کارے جز ایں نیست ۔ کہ از یاسینِ اُو آساں بمیری

سلہ (ترجمہ) ہم وہ لوگ ہیں جنہوں نے زندگی کے آخری سانس تک جہاد جاری رکھنے کی شرط پر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی ہے!

کے مصداق تھا وہ کیفیت کہ صحابہ کرامؓ جذبۂ جہاد سے سرشار، بیک زبان، رجزیہ انداز میں یہ شعر پڑھ رہے ہیں:

نَحْنُ الَّذِیْنَ بَایَعُوا مُحَمَّدًا
عَلَی الْجِهَادِ مَا بَقِیْنَا اَبَدًا

کجا یہ حال کہ چودھویں صدی ہجری کے ایک مُتَنَبّی اور اُس کی ذُرّیتِ صلبی و معنوی نے تو جہاد بالسّیف کو باقاعدہ منسوخ ہی قرار دے دیا۔ مسلمانوں کی عظیم اکثریت کا حال بھی عملاً کچھ زیادہ مختلف نہیں ہے۔ ع

"کہ رہوارِ یقین ما بصحرائے گماں گم شد!"

---

حصّۂ چہارم

درسِ پنجم

# اِعراض عَنِ الجہاد کی پاداش

# نفاق

## فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِیْ قُلُوْبِهِمْ

(سورۃ التوبہ: ۷۷)

- اس مہلک مرض کی ہلاکت آفرینی! ▪ اس کا سبب یا نقطۂ آغاز!
- اس کے درجات اور ان کی علامات!
- اس سے بچاؤ اور تحفظ کی تدابیر اور اس کا مداوا و علاج!

سورۃ المنافقون کی روشنی میں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

جب آئیں تیرے پاس منافق کہیں ہم قائل ہیں تو رسول ہے اللہ کا اور اللہ جانتا ہے

اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ① اِتَّخَذُوْٓا

کہ تو اُس کا رسول ہے اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافق جھوٹے ہیں اُنہوں نے رکھا ہے

اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ② ذٰلِكَ

اپنی قسموں کو ڈھال بنا کر پھر روکتے ہیں اللہ کی راہ سے یہ لوگ بُرے کام ہیں جو کر رہے ہیں یہ

بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ③ وَاِذَا

اس لیے کہ وہ ایمان لائے پھر منکر ہو گئے پھر مہر لگ گئی اُن کے دل پر سو وہ اب کچھ نہیں سمجھتے اور جب

رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ

تو دیکھے اُن کو تو اچھے لگیں تجھ کو اُن کے ڈیل اور اگر بات کہیں سُنے تو اُنکی بات کیسے ہیں جیسے کہ

خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ

لکڑی لگادی دیوار سے جو کوئی چیخے جانیں ہم ہی پر بلا آئی وہی ہیں دشمن اُن سے بچتا رہ

قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ؗ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ④ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ

گردن مارے اُنکی اللہ کہاں سے پھرے جاتے ہیں اور جب کہیے اُن کو آؤ معاف کرادے تم کو

رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ⑤

رسول اللہ کا مٹکاتے ہیں اپنے سر اور تو دیکھے کہ وہ رُکتے ہیں اور وہ غرور کرتے ہیں

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ

برابر ہے اُن پر تو معافی چاہے اُن کی یا نہ معافی چاہے ہرگز نہ معاف کریگا

اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ⑥ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ

اُن کو اللہ بیشک اللہ راہ نہیں دیتا نافرمان لوگوں کو وہی ہیں جو کہتے ہیں

لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ

مت خرچ کرو اُن پر جو پاس رہتے ہیں رسول اللہ کے یہاں تک کہ متفرق ہو جائیں اور اللہ کے ہیں خزانے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿٧﴾ يَقُوْلُوْنَ

آسمانوں کے اور زمین کے و لیکن منافق نہیں سمجھتے کہتے ہیں

لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ۭ وَلِلّٰهِ

البتہ اگر ہم پھر گئے مدینہ کو تو نکال دیگا جس کا زور ہے وہاں کے کمزور لوگوں کو اور زور

الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٨﴾

تو اللہ کا ہے اور اس کے رسول کا اور ایمان والوں کا لیکن منافق نہیں جانتے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ

اے ایمان والو غافل نہ کر دیں تم کو تمہارے مال اور تمہاری اولاد

ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٩﴾ وَاَنْفِقُوْا

اللہ کی یاد سے اور جو کوئی یہ کام کرے تو وہی لوگ ہیں ٹوٹے میں اور خرچ کرو

مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ

کچھ ہمارا دیا ہوا اس سے پہلے کہ آ پہنچے تم میں کسی کو موت تب کہے

رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ

اے رب کیوں نہ ڈھیل دی تو نے مجھ کو ایک تھوڑی سی مدت کہ میں خیرات کرتا اور ہو جاتا ع

الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠﴾ وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَاۗءَ اَجَلُهَا ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١١﴾

نیک لوگوں میں ☆ اور ہر گز نہ ڈھیل دیگا اللہ کسی جی کو جب آ پہنچا اس کا وعدہ اور اللہ کو خبر ہے جو تم کرتے ہو

حصّۂ پنجم

# مباحثِ صبر و مصابرت

درسِ اوّل

## اہلِ ایمان کے لیے ابتلاء و امتحان سے گزرنا لازمی ہے

سورۃ العنکبوت کے پہلے رکوع سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۱۴، سورۃ آل عمران کی آیت ۱۴۲ اور سورۃ التوبۃ کی آیت ۱۶ کی روشنی میں

---

درسِ دوم

## ابتلاء و آزمائش کے دور میں اہلِ ایمان کے لیے ہدایات

سورۃ العنکبوت کے آخری تین رکوع، سورۃ الکہف کی آیات ۲۷ تا ۲۹، اور سورۃ البقرۃ کی آیات ۱۵۳ تا ۱۵۷ کی روشنی میں

---

درسِ سوم

## دَورِ قتال فی سبیل اللہ کا آغاز: غزوۂ بدر

سورۃ الانفال کی ابتدائی اور آخری آیات کی روشنی میں

---

درسِ چہارم

## کفر و اسلام کا دُوسرا بڑا معرکہ: غزوۂ اُحد

سورۃ آل عمران کی آیات ۱۲۱ تا ۱۲۹، اور ۱۳۹ تا ۱۴۸ کی روشنی میں

---

درسِ پنجم

## ابتلاء و امتحان کا نقطۂ عروج: غزوۂ احزاب

سورۃ الاحزاب: رکوع ۲، ۳ کی روشنی میں

---

درسِ ششم

## فتح و نصرت کا نقطۂ آغاز: صلح حدیبیہ

سورۃ الفتح کے آخری رکوع کی روشنی میں

---

درسِ ہفتم

## دعوتِ محمدی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے بین الاقوامی دور کا آغاز: غزوۂ تبوک

سورۃ التوبہ کی آیات ۳۸ تا ۵۲ کی روشنی میں

حصۂ پنجم

درسِ اوّل

# اہلِ ایمان کے لیے ابتلاء و امتحان سے گزرنا لازمی ہے

## سورۃ العنکبوت کے پہلے رکوع، سورۃ البقرہ کی آیت ۲۱۴، سورۃ آلِ عمران کی آیت ۱۴۲ اور سورۃ التوبہ آیت ۱۶ کی روشنی میں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۝۱ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَ

☆ کیا یہ سمجھتے ہیں لوگ کہ چھوٹ جائیں گے اتنا کہہ کر کہ ہم یقین لائے اور

هُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۝۲ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اُن کو جانچ نہ لیں گے اور ہم نے جانچا ہے اُن کو جو اُن سے پہلے تھے

فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۝۳

سو البتہ معلوم کریگا اللہ جو لوگ سچے ہیں اور البتہ معلوم کریگا جھوٹوں کو

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ

کیا یہ سمجھتے ہیں جو لوگ کہ کرتے ہیں بُرائیاں کہ ہم سے بچ جائیں

سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝۴ مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ

بُری بات طے کرتے ہیں جو کوئی توقع رکھتا ہے اللہ کی ملاقات کی سو

اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۵ وَمَنْ جَاهَدَ

اللہ کا وعدہ آرہا ہے اور وہ ہے سننے والا جاننے والا اور جو کوئی محنت اُٹھاکے

فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝۶

سو اُٹھاتا ہے اپنے ہی واسطے اللہ کو پروا نہیں جہان والوں کی

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ

اور جو لوگ یقین لائے اور کیے بھلے کام ہم اُتار دیں گے اُن پر سے

سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٧

برائیاں اُن کی اور بدلا دینگے اُن کو بہتر سے بہتر ان کے کاموں کا

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ۭ وَاِنْ جَاهَدٰكَ

اور ہم نے تاکید کردی انسان کو اپنے ماں باپ کو بھلائی سے رہنے کی اور اگر وہ تجھ سے زور کریں

لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۭ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ

کہ تو شریک کرے میرا جس کی تجھ کو خبر نہیں تو اُنکا کہنا مت مان مجھی تک پھر آنا ہے تم کو

فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٨ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

سو میں بتلا دونگا تم کو جو کچھ تم کرتے تھے اور جو لوگ یقین لائے اور بھلے

الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ۝٩ وَمِنَ النَّاسِ

کام کیے ہم اُن کو داخل کریں گے نیک لوگوں میں اور ایک وہ لوگ ہیں

مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ

کہ کہتے ہیں یقین لائے ہم اللہ پر پھر جب اُس کو ایذا پہنچے اللہ کی راہ میں کرنے لگے لوگوں

النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ۭ وَلَىِٕنْ جَاۗءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ

کے ستانے کو برابر اللہ کے عذاب کی اور اگر آ پہنچے مدد تیرے رب کی طرف سے

لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ۭ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ

تو کہنے لگیں ہم تو تمہارے ساتھ ہیں کیا یہ نہیں کہ اللہ خوب خبردار ہے جو کچھ سینوں میں ہے

الْعٰلَمِيْنَ ۝١٠ وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ۝١١

جہان والوں کے اور البتہ معلوم کریگا اللہ اُن لوگوں کو جو یقین لائے ہیں اور البتہ معلوم کریگا جو لوگ دغاباز ہیں

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ

اور کہنے لگے منکر ایمان والوں کو تم چلو ہماری راہ اور ہم اٹھالیں

خَطٰيٰكُمْ ۭ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ اِنَّهُمْ

تمہارے گناہ اور وہ کچھ نہ اٹھائیں گے اُن کے گناہ بیشک وہ

لَكٰذِبُوْنَ ۝١٢ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۡ وَ

جھوٹے ہیں ☆ اور البتہ اٹھائیں گے اپنے بوجھ اور کتنے بوجھ ساتھ اپنے بوجھ کے ع اور

لَيُسْــَٔـلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝١٣ ع

البتہ اُن سے پوچھ ہو گی قیامت کے دن جو باتیں کہ جھوٹ بناتے تھے

## سورۃ البقرہ : ۲۱۴

| |
|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ |
| اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ |
| کیا تم کو یہ خیال ہے کہ جنت میں چلے جاؤ گے |
| وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ۭ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَاۗءُ |
| حالانکہ تم پر نہیں گذرے حالات اُن لوگوں جیسے جو ہو چکے تم سے پہلے کہ پہنچی اُن کو سختی |
| وَالضَّرَّاۗءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ |
| اور تکلیف اور جھڑ جھڑائے گئے یہاں تک کہ کہنے لگا رسول اور جو اُس کے ساتھ ایمان لائے |
| مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿۲۱۴﴾ |
| کب آئے گی اللہ کی مدد سُن رکھو اللہ کی مدد قریب ہے |

## سورۃ آل عمران : ۱۴۲

| |
|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ |
| اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ |
| کیا تم کو خیال ہے کہ داخل ہو جاؤ گے جنت میں اور ابھی تک معلوم نہیں کیا اللہ نے |
| الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ |
| جو لڑنے والے ہیں تم میں اور معلوم نہیں کیا ثابت رہنے والوں کو |

## سورۃ التوبۃ : ۱۶

| |
|---|
| اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا |
| کیا تم یہ گمان کرتے ہو کہ چھوٹ جاؤ گے اور حالانکہ ابھی معلوم نہیں کیا اللہ نے تم میں سے اُن لوگوں |
| مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ۭ |
| کو جنہوں نے جہاد کیا ہے اور نہیں پکڑا انہوں نے سوا اللہ کے اور اُس کے رسول کے اور مسلمانوں کے کسی کو بھیدی |
| وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ |
| اور اللہ کو خبر ہے جو تم کرتے ہو |

درسِ دوم

# ابتلاء و آزمائش کے دور میں اہلِ ایمان کے لیے ہدایات

## سورۃ العنکبوت کے آخری تین رکوع، سورۃ الکہف کی آیات ۲۷ تا ۲۹، اور سورۃ البقرہ کی آیات ۱۵۳ تا ۱۵۷ کی روشنی میں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ

تو پڑھ جو اُتری تیری طرف کتاب اور قائم رکھ نماز

اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ

بیشک نماز روکتی ہے بے حیائی اور بُری بات سے اور اللہ کی یاد ہے سب سے بڑی

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ

اور اللہ کو خبر ہے جو تم کرتے ہو اور جھگڑا نہ کرو اہلِ کتاب سے مگر اس طرح پر

هِيَ اَحْسَنُ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ

جو بہتر ہو مگر جو اُن میں بے انصاف ہیں اور یوں کہو کہ ہم مانتے ہیں جو

اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ

اُترا ہماری طرف اور اُترا تمہاری طرف اور بندگی ہماری اور تمہاری ایک ہی کو ہے اور ہم اُسی کے

مُسْلِمُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

حکم پر چلتے ہیں اور ویسی ہی ہم نے اُتاری تجھ پر کتاب سو جن کو ہم نے کتاب

الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمَا يَجْحَدُ

دی ہے وہ اس کو مانتے ہیں اور ان مکہ والوں میں بھی بعضے ہیں کہ اس کو مانتے ہیں اور منکر وہی ہیں

بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ

ہماری باتوں کا جو نافرمان ہیں اور تو پڑھتا نہ تھا اس سے پہلے کوئی کتاب

وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۴۸﴾ بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ

اور نہ لکھتا تھا اپنے داہنے ہاتھ سے تب تو البتہ شبہ میں پڑتے یہ جھوٹے بلکہ یہ قرآن تو آیتیں ہیں

بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا

صاف اُن لوگوں کے سینوں میں جن کو ملی ہے سمجھ اور منکر نہیں ہماری باتوں کا مگر وہی جو

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّمَا

بے انصاف ہیں اور کہتے ہیں کیوں نہ اُتریں اس پر کچھ نشانیاں اُسکے رب کی تو کہہ

الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ

نشانیاں تو ہیں اختیار میں اللہ کے اور میں تو بس سنادینے والا ہوں کھول کر کیا اُن کو یہ کافی نہیں

اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً

کہ ہم نے تجھ پر اُتاری کتاب کہ اُن پر پڑھی جاتی ہے بیشک اس میں رحمت ہے

وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ

اور سمجھانا اُن لوگوں کو جو مانتے ہیں تو کہہ کافی ہے اللہ میرے اور تمہارے بیچ گواہ

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا

جانتا ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں اور جو لوگ یقین لاتے ہیں جھوٹ پر اور منکر ہوئے ہیں

بِاللّٰهِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَلَوْلَآ اَجَلٌ

اللہ سے وہی ہیں نقصان پانیوالے اور جلدی مانگتے ہیں تجھ سے آفت اور اگر نہ ہوتا ایک وعدہ

مُّسَمًّى لَّجَاۗءَهُمُ الْعَذَابُ ۭ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۳﴾

مقرر تو آپہنچتی اُن پر آفت اور البتہ آئیگی اُن پر اچانک اور اُن کو خبر نہ ہوگی

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۴﴾ يَوْمَ

جلدی مانگتے ہیں تجھ سے عذاب اور دوزخ گھیر رہی ہے منکروں کو جس دن

يَغْشٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ

گھیر لیگا اُن کو عذاب اُن کے اوپر سے اور پاؤں کے نیچے سے اور کہیگا

ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۵﴾ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ

چکھو جیسا کچھ تم کرتے تھے اے بندو میرے جو یقین لائے ہو - میری زمین

وَاسِعَةٌ فَإِيَّايَ فَاعْبُدُونِ ﴿٥٦﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ

کشادہ ہے سو مجھی کو بندگی کرو جو جی ہے سو چکھے گا موت پھر

إِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ﴿٥٧﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ

ہماری طرف پھر آؤ گے اور جو لوگ یقین لائے اور کیے بھلے کام اُن کو ہم جگہ دیں گے

مِنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ نِعْمَ

بہشت میں جھروکے نیچے بہتی ہیں اُن کے نہریں سدا رہیں اُن میں خوب

أَجْرُ الْعَامِلِينَ ﴿٥٨﴾ الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ﴿٥٩﴾ وَكَأَيِّنْ

ثواب بڑا کام والوں کو ☆ جنہوں نے صبر کیا اور اپنے رب پر بھروسہ رکھا اور کتنے

مِنْ دَابَّةٍ لَا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللَّهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ

جانور ہیں جو اُٹھا نہیں رکھتے اپنی روزی اللہ روزی دیتا ہے اُنکو اور تم کو بھی اور وہی ہے سننے والا

الْعَلِيمُ ﴿٦٠﴾ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَسَخَّرَ

جاننے والا اور اگر تو لوگوں کو پوچھے کہ کس نے بنایا ہے آسمان اور زمین کو اور کام میں لگایا

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۖ فَأَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ﴿٦١﴾ اللَّهُ يَبْسُطُ

سورج اور چاند کو تو کہیں اللہ نے پھر کہاں کو اُلٹے جاتے ہیں اللہ پھیلاتا ہے

الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ لَهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ

روزی جس کے واسطے چاہے اپنے بندوں میں اور ماپ کر دیتا ہے جسکو چاہے بیشک اللہ ہر چیز سے

عَلِيمٌ ﴿٦٢﴾ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ

خبردار ہے اور جو تو پوچھے اُن کو کس نے اُتارا آسمان سے پانی پھر زندہ کر دیا اُس

الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ

سے زمین کو اُس کے مرجانے کے بعد تو کہیں اللہ نے تو کہہ سب خوبی اللہ کو ہے پر بہت لوگ

لَا يَعْقِلُونَ ﴿٦٣﴾ وَمَا هَٰذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَهْوٌ وَلَعِبٌ ۚ وَإِنَّ

نہیں سمجھتے اور یہ دنیا کا جینا تو بس جی بہلانا اور کھیلنا ہے اور

الدَّارَ الْآخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿٦٤﴾ فَإِذَا رَكِبُوا

پچھلا گھر جو ہے سو وہی ہے زندہ رہنا اگر اُن کو سمجھ ہوتی پھر جب سوار ہوئے

فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ

کشتی میں پکارنے لگے اللہ کو خالص اُسی پر رکھ کر اعتقاد پھر جب بچا لایا اُنکو زمین کی طرف

إِذَا هُمْ يُشْرِكُونَ ﴿٦٥﴾ لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ وَلِيَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ

اُسی وقت لگے شریک بنانے ☆ تاکہ مُکرتے رہیں ہمارے دیے ہوئے کو اور مزے اُڑاتے رہیں سو عنقریب

يَعْلَمُونَ ﴿٦٦﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا آمِنًا وَيُتَخَطَّفُ النَّاسُ

جان لیں گے کیا نہیں دیکھتے کہ ہم نے رکھ دی ہے پناہ کی جگہ امن کی اور لوگ اُچکے جاتے ہیں

مِنْ حَوْلِهِمْ ۚ أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَةِ اللَّهِ يَكْفُرُونَ ﴿٦٧﴾ وَمَنْ

اُن کے آس پاس سے کیا جھوٹ پر یقین رکھتے ہیں اور اللہ کا احسان نہیں مانتے اور اُس

أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُ ۚ

سے زیادہ بے انصاف کون جو باندھے اللہ پر جھوٹ یا جھٹلائے سچی بات کو جب اُس تک پہنچے

أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِلْكَافِرِينَ ﴿٦٨﴾ وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا

کیا دوزخ میں بسنے کی جگہ نہیں منکروں کے لیے اور جنہوں نے محنت کی ہمارے واسطے

لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٦٩﴾

ہم سُجھا دیں گے اُن کو اپنی راہیں اور بیشک اللہ ساتھ ہے نیکی والوں کے

## سورۃ الکہف: ۲۷ تا ۲۹

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

وَاتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنْ

اور پڑھ جو وحی ہوئی تجھ کو تیرے

كِتَابِ رَبِّكَ ۖ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُونِهِ مُلْتَحَدًا ﴿٢٧﴾

رب کی کتاب سے کوئی بدلنے والا نہیں اُس کی باتیں اور کہیں نہ پائے گا تو اُس کے سوائے چھپنے کو جگہ ف

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ

اور روکے رکھ اپنے آپ کو اُن کے ساتھ جو پکارتے ہیں اپنے رب کو صبح اور شام

يُرِيدُونَ وَجْهَهُ ۖ وَلَا تَعْدُ عَيْنَاكَ عَنْهُمْ تُرِيدُ زِينَةَ الْحَيَاةِ

طالب ہیں اُسکے مُنہ کے اور نہ دوڑیں تیری آنکھیں اُنکو چھوڑ کر تلاش میں رونق زندگانی

الدُّنْيَا ۖ وَلَا تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ

دنیا کی اور نہ کہا مان اُس کا جس کا دل غافل کیا ہم نے اپنی یاد سے اور پیچھے پڑا ہوا اپنی خوشی کے

وَكَانَ أَمْرُهُ فُرُطًا ۝٢٨ وَقُلِ الْحَقُّ مِن رَّبِّكُمْ فَمَن شَاءَ فَلْيُؤْمِن

اور اُس کا کام ہے حد سے نہ رہنا اور کہہ سچی بات ہے تمہارے رب کی طرف سے پھر جو کوئی چاہے مانے

وَمَن شَاءَ فَلْيَكْفُرْ إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ نَارًا أَحَاطَ بِهِمْ

اور جو کوئی چاہے نہ مانے ہم نے تیار کر رکھی ہے گنہگاروں کے واسطے آگ کہ گھیر رہی ہیں اُن کو

سُرَادِقُهَا وَإِن يَسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوهَ

اُسکی قناتیں اور اگر فریاد کریں گے تو ملیگا پانی جیسے پیپ بھون ڈالے منہ کو

بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَاءَتْ مُرْتَفَقًا ۝٢٩

کیا بُرا پینا ہے اور کیا بُرا آرام

# مدنی دور کے آغاز میں اہلِ ایمان کو پیشگی تنبیہ

سورۃ البقرہ: آیات ۱۵۳ تا ۱۵۷ کی روشنی میں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

اے

آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝١٥٣

مسلمانوں مدد لو ساتھ صبر اور نماز کے بیشک اللہ صبر کرنیوالوں کے ساتھ ہے

وَلَا تَقُولُوا لِمَن يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ وَ

اور نہ کہو اُن کو جو مارے گئے خدا کی راہ میں کہ مُردے ہیں بلکہ وہ زندے ہیں

لَٰكِن لَّا تَشْعُرُونَ ۝١٥٤ وَلَنَبْلُوَنَّكُم بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ

لیکن تم کو خبر نہیں اور البتہ ہم آزمائینگے تم کو تھوڑے سے ڈر سے اور بھوک سے اور نقصان کر

مِّنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ ۗ وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ ۝١٥٥ الَّذِينَ

مالوں کے اور جانوں کے اور میووں کے اور خوشخبری دے اُن صبر کرنیوالوں کو ☆ کہ

إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ۝١٥٦

جب پہنچے اُن کو کچھ مصیبت تو کہیں ہم تو اللہ ہی کا مال ہیں اور ہم اُسی کی طرف لوٹ کر جانیوالے ہیں ☆

أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ

ایسے ہی لوگوں پر عنایتیں ہیں اپنے رب کی اور مہربانی اور وہی ہیں

الْمُهْتَدُونَ ۝١٥٧ سیدھی راہ پر

درس سوم

## دورِ قتال فی سبیل اللہ کا آغاز

# غزوۂ بدر

## ۱۷ رمضان المبارک ۲ھ

# یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعٰنِ

اور

# ایمانِ حقیقی کے لوازم و ثمرات

## سورۃ الانفال کی ابتدائی اور آخری آیات کی روشنی میں

| |
|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ |
| يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ۭ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا |
| تجھ سے پوچھتے ہیں حکم غنیمت کا تو کہدے کہ مال غنیمت اللہ کا ہے اور رسول کا سو ڈرو |
| اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۠ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ |
| اللہ سے اور صلح کرو آپس میں اور حکم مانو اللہ کا اور اس کے رسول کا اگر |
| مُّؤْمِنِيْنَ ① اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ |
| ایمان رکھتے ہو ☆ ایمان والے وہی ہیں کہ جب نام آئے اللہ کا تو ڈر جائیں |
| قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰي رَبِّهِمْ |
| ان کے دل اور جب پڑھا جائے ان پر اس کا کلام تو زیادہ ہو جاتا ہے ان کا ایمان اور وہ اپنے رب پر |

يَتَوَكَّلُونَ ﴿٢﴾ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُونَ ﴿٣﴾

بھروسا رکھتے ہیں ☆ وہ لوگ جو کہ قائم رکھتے ہیں نماز کو اور ہم نے جو انکو روزی دی ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں

أُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۚ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ

وہی ہیں سچے ایمان والے اُنکے لئے درجے ہیں اپنے رب کے پاس اور معافی

وَّرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٤﴾ كَمَآ أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۪ وَ

اور روزی عزت کی جیسے نکالا تجھ کو تیرے رب نے تیرے گھر سے حق کام کے واسطے اور

إِنَّ فَرِيقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ لَكٰرِهُونَ ﴿٥﴾ يُجٰدِلُونَكَ فِي الْحَقِّ

ایک جماعت اہل ایمان کی راضی نہ تھی ☆ وہ تجھ سے جھگڑتے تھے حق بات میں

بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَأَنَّمَا يُسَاقُونَ إِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُونَ ﴿٦﴾

اُسکے ظاہر ہو چکنے کے بعد گویا وہ ہانکے جاتے ہیں موت کی طرف آنکھوں دیکھتے

وَإِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ إِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّونَ أَنَّ

اور جس وقت تم کو وعدہ کرتا تھا اللہ دو جماعتوں میں سے ایک کا کہ وہ تمہارے ہاتھ لگے گی اور تم چاہتے تھے کہ

غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُونُ لَكُمْ وَيُرِيدُ اللّٰهُ أَنْ يُحِقَّ الْحَقَّ

جس میں کانٹا نہ لگے وہ تم کو ملے اور اللہ چاہتا تھا کہ سچا کر دے سچ کو

بِكَلِمٰتِهِ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِينَ ﴿٧﴾ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ

اپنے کلاموں سے اور کاٹ ڈالے جڑ کافروں کی ☆ تاکہ سچا کرے سچ کو اور جھوٹا کر دے

الْبٰطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ ﴿٨﴾ إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ

جھوٹ کو اور اگرچہ ناراض ہوں گنہگار جب تم لگے فریاد کرنے اپنے رب سے

فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِينَ ﴿٩﴾

تو وہ پہنچا تمہاری فریاد کو کہ میں مدد کو بھیجونگا تمہاری ہزار فرشتے لگاتار آنے والے ☆

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ إِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِ قُلُوبُكُمْ ۚ وَ

اور یہ تو دی اللہ نے فقط خوشخبری اور تاکہ مطمئن ہو جائیں اس سے تمہارے دل اور

مَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿١٠﴾

مدد نہیں مگر اللہ کی طرف سے بیشک اللہ زور آور ہے حکمت والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا

جو لوگ ایمان لائے اور گھر چھوڑا

وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ

اور لڑے اپنے مال اور جان سے اللہ کی راہ میں اور جن لوگوں نے

اٰوَوْا وَّنَصَرُوْا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۭ وَالَّذِيْنَ

جگہ دی اور مدد کی وہ ایک دوسرے کے رفیق ہیں اور جو

اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰي

ایمان لائے اور گھر نہیں چھوڑا تم کو اُن کی رفاقت سے کچھ کام نہیں جب تک

يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ

وہ گھر نہ چھوڑ آئیں اور اگر وہ تم سے مدد چاہیں دین میں تو تم کو لازم ہے اُنکی مدد کرنی

اِلَّا عَلٰي قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۷۲

مگر مقابلہ میں ان لوگوں کے کہ اُن میں اور تم میں عہد ہو اور اللہ جو تم کرتے ہو اس کو دیکھتا ہے

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۭ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ

اور جو لوگ کافر ہیں وہ ایک دوسرے کے رفیق ہیں اگر تم یوں نہ کروگے تو فتنہ پھیلے گا

فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ۝۷۳ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا

ملک میں اور بڑی خرابی ہوگی اور جو لوگ ایمان لائے اور اپنے گھر چھوڑے اور

وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ

لڑے اللہ کی راہ میں اور جن لوگوں نے انکو جگہ دی اور انکی مدد کی وہی ہیں

الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝۷۴ وَالَّذِيْنَ

سچے مسلمان انکے لئے بخشش ہے اور روزی عزت کی اور جو

اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ۭ

ایمان لائے اس کے بعد اور گھر چھوڑ آئے اور لڑے تمہارے ساتھ ہو کر سو وہ لوگ بھی تمہی میں ہیں

وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ

اور رشتہ دار آپس میں حقدار زیادہ ہیں ایک دوسرے کے اللہ کے حکم میں تحقیق

اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۷۵

اللہ ہر چیز سے خبردار ہے

حصۂ پنجم

درسِ چہارم

# کفر و اسلام کا دُوسرا بڑا معرکہ

# غزوۂ اُحد شوال ۳ھ

## عارضی شکست اور شدید آزمائش

## "وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ"

## آزمائش کا مقصد: تمحیص و تمییز

## اور

# مومنین صادقین کا طرزِ عمل

سورۃ آل عمران کی آیات ۱۲۱ تا ۱۲۹، اور ۱۳۹ تا ۱۴۸ کی روشنی میں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ

اور جب صبح کو نکلا تو — اپنے گھر سے — بٹھلانے لگا — مسلمانوں کو — لڑائی کے

لِلْقِتَالِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾ اِذْ هَمَّتْ طَّاۗىِٕفَتٰنِ مِنْكُمْ

ٹھکانوں پر — اور اللہ سب کچھ سنتا جانتا ہے ☆ جب قصد کیا — دو فرقوں نے — تم میں سے

اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

کہ نامردی کریں — اور اللہ مددگار تھا اُنکا — اور اللہ ہی پر چاہیے بھروسہ کریں — مسلمان ☆

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ

اور تمہاری مدد کر چکا ہے اللہ بدر کی لڑائی میں اور تم کمزور تھے سو ڈرتے رہو اللہ سے تاکہ تم

تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ

احسان مانو جب تو کہنے لگا مسلمانوں کو کیا تم کو کافی نہیں کہ تمہاری مدد کو بھیجے

رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ بَلٰٓى ۙ اِنْ

رب تمہارا تین ہزار فرشتے آسمان کو اترنے والے البتہ اگر

تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ

تم صبر کرو اور بچتے رہو اور وہ آئیں تم پر اسی دم تو مدد بھیجے تمہارا رب

بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ

پانچ ہزار فرشتے نشان دار گھوڑوں پر اور یہ تو اللہ نے تمہارے

اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ۭ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ

دل کی خوشی کی اور تاکہ تسکین ہو تمہارے دلوں کو اس سے اور مدد ہے صرف اللہ ہی کی

اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱۲۶﴾ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ

طرف سے جو کہ زبردست ہے حکمت والا تاکہ ہلاک کرے بعضے کافروں کو یا ان کو ذلیل کرے

فَيَنْقَلِبُوْا خَاۗىِٕبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ

تو پھر جاویں محروم ہو کر تیرا اختیار کچھ نہیں یا ان کو توبہ دیوے

عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ

خدائے تعالیٰ یا ان کو عذاب کرے کہ وہ ناحق پر ہیں اور اللہ ہی کا مال ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور

مَا فِي الْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ

جو کچھ کہ زمین میں ہے بخش دے جس کو چاہے اور عذاب کرے جس کو چاہے اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾

بخشنے والا مہربان ہے

## سورۃ آل عمران: ۱۳۹ تا ۱۴۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾
اور سست نہ ہو اور نہ غم کھاؤ اور تم ہی غالب رہوگے اگر تم ایمان رکھتے ہو

اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ
اگر پہنچا تم کو زخم تو پہنچ چکا ہے اُن کو بھی زخم ایسا ہی اور یہ

الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
دن باری باری بدلتے رہتے ہیں ہم اُنکو لوگوں میں اور اس لئے کہ معلوم کرے اللہ جن کو ایمان ہے

وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَلِيُمَحِّصَ
اور کرے تم میں سے شہید اور اللہ کو محبت نہیں ظلم کرنیوالوں سے اور اس واسطے کہ پاک

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا
صاف کرے اللہ ایمان والوں کو اور مٹا دیوے کافروں کو کیا تم کو خیال ہے کہ داخل ہو جاؤ گے

الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ
جنت میں اور ابھی تک معلوم نہیں کیا اللہ نے جو لڑنے والے ہیں تم میں اور معلوم نہیں کیا

الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ
ثابت رہنے والوں کو اور تم تو آرزو کرتے تھے مرنے کی اُس کی ملاقات سے

تَلْقَوْهُ ۪ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾ ع وَمَا مُحَمَّدٌ
پہلے سو اب دیکھ لیا تم نے اُس کو آنکھوں کے سامنے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو

اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ
ایک رسول ہے ہو چکے اُس سے پہلے بہت رسول پھر کیا اگر وہ مر گیا یا

قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ
مارا گیا تو تم پھر جاؤ گے اُلٹے پاؤں اور جو کوئی پھر جائے گا اُلٹے پاؤں تو ہرگز نہ

يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْــًٔا ؕ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ
بگاڑیگا اللہ کا کچھ اور اللہ ثواب دیگا شکرگذاروں کو اور کوئی مر

أَنْ تَمُوتَ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ۗ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا

نہیں سکتا بغیر حکم اللہ کے لکھا ہوا ہے ایک وقت مقرر اور جو کوئی چاہیگا بدلہ دنیا کا

نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۗ وَسَنَجْزِی

دینگے ہم اسکو دنیا ہی سے اور جو کوئی چاہیگا بدلہ آخرت کا اُس میں سے دینگے ہم اسکو اور ہم ثواب دینگے

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِیٍّ قٰتَلَ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ

احسان ماننے والوں کو اور بہت نبی ہیں جن کے ساتھ ہو کر لڑے ہیں بہت خدا کے طالب

فَمَا وَهَنُوْا لِمَاۤ اَصَابَهُمْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَ

پھر نہ ہارے ہیں کچھ تکلیف پہنچنے سے اللہ کی راہ میں اور نہ سست ہوئے ہیں اور

مَا اسْتَكَانُوْا ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ

نہ دب گئے ہیں اور اللہ محبت کرتا ہے ثابت قدم رہنے والوں کو اور کچھ نہیں بولے

اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیْۤ اَمْرِنَا وَ

مگر یہی کہا کہ اے رب ہمارے بخش ہمارے گناہ اور جو ہم سے زیادتی ہوئی ہمارے کام میں اور

ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ

ثابت رکھ قدم ہمارے اور مدد دے ہم کو قوم کفار پر پھر دیا اللہ نے اُن کو

ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾

حصۂ پنجم

درسِ پنجم

# ابتلاء و امتحان کا نقطۂ عروج
# اور نصرتِ الٰہی کا ظہور اور حالات کی فیصلہ کن تبدیلی

# غزوۂ احزاب ذوالقعدہ ۵ھ

"ھُنَالِکَ ابْتُلِیَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِیْدًا"۝

لن یغزوکم قریش بعد عامکم ھٰذا ولکنکم تغزونھم (الحدیث)

اور

# غزوۂ بنی قریظہ اور یہودِ مدینہ کا استیصال

سورۃ الاحزاب: رکوع ۲، ۳ کی روشنی میں

| |
|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ |
| یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ اِذْ |
| اے ایمان والو یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر جب |

جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۚ وَكَانَ

چڑھ آئیں تم پر فوجیں پھر ہم نے بھیجی اُن پر ہوا اور وہ فوجیں جو تم نے نہیں دیکھیں اور ہے

اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ⑨ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ

اللہ جو کچھ کرتے ہو دیکھنے والا جب چڑھ آئے تم پر اوپر کی طرف سے اور نیچے سے

مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَ

اور جب بدلنے لگیں آنکھیں اور پہنچ گئے دل گلوں تک اور

تَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ⑩ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا

اٹکلنے لگے تم اللہ پر طرح طرح کی اٹکلیں وہاں جانچے گئے ایمان والے اور جھڑجھڑائے گئے

زِلْزَالًا شَدِيْدًا ⑪ وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

زور کا جھڑجھڑانا اور جب کہنے لگے منافق اور جن کے دلوں میں

مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ⑫ وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ

روگ ہے جو وعدہ کیا تھا ہم سے اللہ نے اور اس کے رسول نے سب فریب تھا اور جب کہنے لگی ایک جماعت

مِّنْهُمْ يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ

ان میں اے یثرب والو تمہارے لیے ٹھکانا نہیں سو پھر چلو اور رخصت مانگنے لگا ایک فرقہ

مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛؕ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚۛ اِنْ

ان میں نبی سے کہنے لگے ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں اور وہ کھلے نہیں پڑے ان

يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ⑬ وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ

کی کوئی غرض نہیں مگر بھاگ جانا اور اگر شہر میں کوئی گھس آئے ان پر اس کے کناروں سے پھر

سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَاۤ اِلَّا يَسِيْرًا ⑭ وَلَقَدْ كَانُوْا

اُن سے چاہے دین سے بچلنا تو مان لیں اور دیر نہ کریں اس میں مگر تھوڑی اور اقرار

عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ۚ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ

کر چکے تھے اللہ سے پہلے کہ نہ پھیریں گے پیٹھ اور اللہ کے قرار کی

مَسْـُٔوْلًا ⑮ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ

پوچھ ہوتی ہے تو کہہ کچھ کام نہ آئیگا تمہارے بھاگنا اگر بھاگو گے مرنے سے یا مارے جانے سے

وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ⑯ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

اور پھر بھی پھل نہ پاؤ گے مگر تھوڑے دنوں تو کہہ کون ہے کہ تم کو بچائے اللہ سے

إِنْ أَرَادَ بِكُمْ سُوٓءًا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۚ وَلَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ

اگر چاہے تم پر برائی یا چاہے تم پر مہربانی اور نہ پاویں گے اپنے واسطے اللہ کے

ٱللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿١٧﴾ قَدْ يَعْلَمُ ٱللَّهُ ٱلْمُعَوِّقِينَ مِنكُمْ وَٱلْقَآئِلِينَ

سوائے کوئی حمایتی اور نہ مددگار اللہ کو خوب معلوم ہیں جو روکنے والے ہیں تم میں اور کہتے ہیں

لِإِخْوَٰنِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا ۖ وَلَا يَأْتُونَ ٱلْبَأْسَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٨﴾ أَشِحَّةً

اپنے بھائیوں کو چلے آؤ ہمارے پاس اور لڑائی میں نہیں آتے مگر کبھی دریغ رکھتے ہیں

عَلَيْكُمْ ۖ فَإِذَا جَآءَ ٱلْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ

تم سے پھر جب آئے ڈر کا وقت تو تو دیکھے ان کو کہ تکتے ہیں تیری طرف پھرتی ہیں آنکھیں انکی

كَٱلَّذِى يُغْشَىٰ عَلَيْهِ مِنَ ٱلْمَوْتِ ۖ فَإِذَا ذَهَبَ ٱلْخَوْفُ سَلَقُوكُم

جیسے کسی پر آئے بیہوشی موت کی پھر جب جاتا رہے ڈر کا وقت چڑھ چڑھ بولیں تم پر

بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى ٱلْخَيْرِ ۚ أُو۟لَـٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا۟ فَأَحْبَطَ ٱللَّهُ

تیز تیز زبانوں سے ڈوٹے پڑتے ہیں مال پر وہ لوگ یقین نہیں لائے پھر اکارت کر ڈالے اللہ نے

أَعْمَـٰلَهُمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرًا ﴿١٩﴾ يَحْسَبُونَ ٱلْأَحْزَابَ

انکے کیے کام اور یہ ہے اللہ پر آسان سمجھتے ہیں کہ فوجیں کفار کی

لَمْ يَذْهَبُوا۟ ۖ وَإِن يَأْتِ ٱلْأَحْزَابُ يَوَدُّوا۟ لَوْ أَنَّهُم بَادُونَ فِى

نہیں پھر گئیں اور اگر آجائیں وہ فوجیں تو آرزو کریں کسی طرح ہم باہر نکلے ہوئے ہوں

ٱلْأَعْرَابِ يَسْـَٔلُونَ عَنْ أَنۢبَآئِكُمْ ۖ وَلَوْ كَانُوا۟ فِيكُم مَّا قَٰتَلُوٓا۟ إِلَّا قَلِيلًا ﴿٢٠﴾

گاؤں میں پوچھ لیا کریں تمہاری خبریں اور اگر ہوں تم میں لڑائی نہ کریں مگر بہت تھوڑی

لَّقَدْ كَانَ لَكُمْ فِى رَسُولِ ٱللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُوا۟

تمہارے لیے بھلی تھی سیکھنی رسول اللہ کی چال اسکے لیے جو کوئی امید رکھتا ہے

ٱللَّهَ وَٱلْيَوْمَ ٱلْءَاخِرَ وَذَكَرَ ٱللَّهَ كَثِيرًا ﴿٢١﴾ وَلَمَّا رَءَا ٱلْمُؤْمِنُونَ

اللہ کی اور پچھلے دن کی اور یاد کرتا ہے اللہ کو بہت سا اور جب دیکھی مسلمانوں نے

ٱلْأَحْزَابَ قَالُوا۟ هَـٰذَا مَا وَعَدَنَا ٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥ وَصَدَقَ ٱللَّهُ

فوجیں بولے یہ وہی ہے جو وعدہ دیا تھا ہم کو اللہ نے اور اسکے رسول نے اور سچ کہا اللہ نے

وَرَسُولُهُۥ ۚ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّآ إِيمَـٰنًا وَتَسْلِيمًا ﴿٢٢﴾ مِّنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ

اور اسکے رسول نے اور ان کو اور بڑھ گیا یقین اور اطاعت کرنا ایمان والوں میں

رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ

کتنے مرد ہیں کہ سچ کر دکھلایا جس بات کا عہد کیا تھا اللہ سے پھر کوئی تو اُن میں پورا کر چکا اپنا ذمہ

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ﴿٢٣﴾ لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ

اور کوئی ہے اُن میں راہ دیکھ رہا اور بدلا نہیں ایک ذرہ تاکہ بدلا دے اللہ سچوں کو

بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ

اُنکے سچ کا اور عذاب کرے منافقوں پر اگر چاہے یا توبہ ڈالے اُنکے دل پر

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٢٤﴾ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ

بیشک اللہ ہے بخشنے والا مہربان اور پھیر دیا اللہ نے منکروں کو اپنے غصہ میں بھرے ہوئے

لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ۭ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

ہاتھ نہ لگی کچھ بھلائی اور اپنے اوپر لے لی اللہ نے مسلمانوں کی لڑائی اور ہے اللہ

قَوِيًّا عَزِيْزًا ﴿٢٥﴾ وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

زور آور زبردست اور اُتار دیا اُن کو جو اُن کے پشت پناہ ہوئے تھے اہل کتاب سے

مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ

اُن کے قلعوں سے اور ڈال دی اُن کے دلوں میں دھاک کتنوں کو تم جان سے مارنے لگے

وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ﴿٢٦﴾ وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ

اور کتنوں کو قید کر لیے اور تم کو دلائی اُن کی زمین اور اُنکے گھر اور اُن کے مال

وَاَرْضًا لَّمْ تَطَـــُٔوْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿٢٧﴾

اور ایک زمین کہ جس پر نہیں پھیرے تھے اپنے قدم اور ہے اللہ سب کچھ کر سکتا

حصۂ پنجم

درسِ ششم

## صحابہ کرامؓ سے اللہ تعالیٰ کے راضی ہو جانے کا اعلانِ عام

# بیعتِ رضوان

"لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ"

اور

# فتح و نصرت کا نقطۂ آغاز

# صلح حدیبیہ
ذوالقعدہ ۶ھ

"اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا"

سورۃ الفتح کے آخری رکوع کی روشنی میں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ

اللہ نے سچ دکھلایا اپنے رسول کو

الرُّءْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ

خواب تحقیقی کہ تم داخل ہو رہو گے مسجد حرام میں اگر اللہ نے چاہا

آمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُءُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ لَا تَخَافُونَ فَعَلِمَ

آرام سے بال مونڈتے ہوئے اپنے سروں کے اور کترتے ہوئے بے کھٹکے پھر جانا وہ

مَا لَمْ تَعْلَمُوا فَجَعَلَ مِنْ دُونِ ذَٰلِكَ فَتْحًا قَرِيبًا ﴿٢٧﴾ هُوَ الَّذِي

جو تم نہیں جانتے پھر مقرر کردی اُس سے ورے ایک فتح نزدیک وہی ہے جس نے

أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ

بھیجا اپنا رسول سیدھی راہ پر اور سچے دین پر تاکہ اوپر رکھے اس کو ہر دین سے ف۱

وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ﴿٢٨﴾ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ

اور کافی ہے اللہ حق ثابت کرنے والا محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسول اللہ کا اور جو لوگ اُس کے ساتھ ہیں زور آور ہیں

عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَبْتَغُونَ فَضْلًا

کافروں پر نرم دل ہیں آپس میں تو دیکھے اُن کو رکوع میں اور سجدہ میں ڈھونڈتے ہیں اللہ

مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَٰلِكَ

کا فضل اور اُس کی خوشی نشانی اُن کی اُن کے منہ پر ہے سجدہ کے اثر سے یہ

مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنْجِيلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ

شان ہے اُن کی تورات میں اور مثال اُن کی انجیل میں جیسے کھیتی نے نکالا اپنا پٹھا

فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَىٰ عَلَىٰ سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ

پھر اُس کی کمر مضبوط کی پھر موٹا ہوا پھر کھڑا ہو گیا اپنی نال پر خوش لگتا ہے کھیتی والوں کو ف۲

لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

تاکہ جلائے اُن سے جی کافروں کا وعدہ کیا ہے اللہ نے اُن سے جو یقین لائے ہیں اور کیے ہیں بھلے کام

مِنْهُمْ مَغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ﴿٢٩﴾ ع

معافی کا اور بڑے ثواب کا ف۳

## دعوتِ محمدی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے بین الاقوامی دور کا آغاز:

# غزوۂ تبوک رجب ۹ھ

# جہاد و قتال فی سبیل اللہ کے لئے نفیرِ عام!

## منافقین کی آخری پردہ دری اور ضعفاء کو شدید سرزنش!

### سورۃ التوبہ کی آیات ۳۸ تا ۵۷ کی روشنی میں

| |
|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ |
| يٰۤاَيُّهَا |
| اے |
| الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ |
| ایمان والو تم کو کیا ہوا جب تم سے کہا جاتا ہے کہ کوچ کرو اللہ کی راہ میں |
| اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ |
| تو گرے جاتے ہو زمین پر کیا خوش ہو گئے دنیا کی زندگی پر آخرت کو چھوڑ کر |
| فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۳۸﴾ اِلَّا تَنْفِرُوْا |
| سو کچھ نہیں نفع اٹھانا دنیا کی زندگی کا آخرت کے مقابلہ میں مگر بہت تھوڑا اگر تم نہ نکلو گے |
| يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَ |
| تو دے گا تم کو عذاب دردناک ☆ اور بدلے میں لا ئیگا اور لوگ تمہارے سوا اور |
| لَا تَضُرُّوْهُ شَيْئًا ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾ اِلَّا تَنْصُرُوْهُ |
| کچھ نہ بگاڑ سکو گے تم اُس کا اور اللہ سب چیز پر قادر ہے اگر تم نہ مدد کرو گے رسول کی |

فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ

تو اس کی مدد کی ہے اللہ نے جس وقت اس کو نکالا تھا کافروں نے کہ وہ دوسرا تھا دو میں کا جب

هُمَا فِى الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ

وہ دونوں تھے غار میں جب وہ کہہ رہا تھا اپنے رفیق سے تو غم نہ کھا بیشک اللہ

مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا

ہمارے ساتھ ہے پھر اللہ نے اتاری اپنی طرف سے اس پر تسکین اور اس کی مدد کو وہ فوجیں بھیجیں کہ تم نے نہیں دیکھیں

وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ۗ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِىَ الْعُلْيَا ۗ

اور نیچے ڈالی بات کافروں کی اور اللہ کی بات ہمیشہ اوپر ہے

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٤٠﴾ اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا

اور اللہ زبردست ہے حکمت والا نکلو ہلکے اور بوجھل اور لڑو

بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۗ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ

اپنے مال سے اور جان سے اللہ کی راہ میں یہ بہتر ہے تمہارے حق میں اگر

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾ لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا

تم کو سمجھ ہے اگر مال ہوتا نزدیک اور سفر ہلکا

لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ۗ وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ

تو وہ لوگ ضرور تیرے ساتھ ہوتے لیکن لمبی نظر آئی ان کو مسافت اور اب قسمیں کھائیں گے اللہ کی

لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

کہ اگر ہم سے ہو سکتا تو ہم ضرور چلتے تمہارے ساتھ وبال میں ڈالتے ہیں اپنی جانوں کو اور اللہ جانتا ہے

اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٤٢﴾ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى

کہ وہ جھوٹے ہیں اللہ بخشے تجھ کو کیوں رخصت دی تو نے ان کو یہاں تک کہ

يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٤٣﴾

ظاہر ہو جاتے تجھ پر سچ کہنے والے اور جان لیتا تو جھوٹوں کو

لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ

نہیں رخصت مانگتے تجھ سے وہ لوگ جو ایمان لائے اللہ پر اور آخرت کے دن پر اس سے کہ

يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٤﴾

لڑیں اپنے مال سے اور جان سے اور اللہ خوب جانتا ہے ڈر والوں کو ☆

إِنَّمَا يَسْتَأْذِنُكَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ

رخصت وہی مانگتے ہیں تجھ سے جو نہیں ایمان لاتے اللہ پر اور آخرت کے دن پر

وَارْتَابَتْ قُلُوبُهُمْ فَهُمْ فِي رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُونَ ﴿٤٥﴾ وَلَوْ

اور شک میں پڑے ہیں دل اُن کے سو وہ اپنے شک ہی میں بھٹک رہے ہیں اور اگر

أَرَادُوا الْخُرُوجَ لَأَعَدُّوا لَهُ عُدَّةً وَلَٰكِنْ كَرِهَ اللَّهُ

وہ چاہتے نکلنا تو ضرور تیار کرتے کچھ سامان اُس کا لیکن پسند نہ کیا اللہ نے

انْبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيلَ اقْعُدُوا مَعَ الْقَاعِدِينَ ﴿٤٦﴾

اُن کا اُٹھنا سو روک دیا اُن کو اور حکم ہوا کہ بیٹھے رہو ساتھ بیٹھنے والوں کے

لَوْ خَرَجُوا فِيكُمْ مَا زَادُوكُمْ إِلَّا خَبَالًا وَلَأَوْضَعُوا خِلَالَكُمْ

اگر نکلتے تم میں تو کچھ نہ بڑھاتے تمہارے لئے مگر خرابی اور گھوڑے دوڑاتے تمہارے اندر

يَبْغُونَكُمُ الْفِتْنَةَ وَفِيكُمْ سَمَّاعُونَ لَهُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ﴿٤٧﴾

بگاڑ کروانے کی تلاش میں اور تم میں بعضے جاسوس ہیں اُنکے اور اللہ خوب جانتا ہے ظالموں کو

لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوا لَكَ الْأُمُورَ حَتَّىٰ

وہ تلاش کرتے رہے ہیں بگاڑ کی پہلے سے اور اُلٹتے رہے ہیں تیرے کام یہاں تک کہ

جَاءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ أَمْرُ اللَّهِ وَهُمْ كَارِهُونَ ﴿٤٨﴾ وَمِنْهُمْ مَنْ

آپہنچا سچا وعدہ اور غالب ہوا حکم اللہ کا اور وہ ناخوش ہی رہے اور بعضے اُن میں

يَقُولُ ائْذَنْ لِي وَلَا تَفْتِنِّي ۚ أَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوا ۗ وَ

کہتے ہیں مجھ کو رخصت دے اور گمراہی میں نہ ڈال سُنتا ہے وہ تو گمراہی میں پڑ چکے ہیں اور

إِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ ﴿٤٩﴾ إِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ

بیشک دوزخ گھیر رہی ہے کافروں کو اگر تجھ کو پہنچے کوئی خوبی تو

تَسُؤْهُمْ ۖ وَإِنْ تُصِبْكَ مُصِيبَةٌ يَقُولُوا قَدْ أَخَذْنَا

وہ بُری لگتی ہے اُنکو اور اگر پہنچے کوئی سختی تو کہتے ہیں ہم نے تو سنبھال لیا تھا

أَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَهُمْ فَرِحُونَ ﴿٥٠﴾ قُلْ لَنْ يُصِيبَنَا

اپنا کام پہلے ہی اور پھر کر جائیں اور خوشیاں کرتے تو کہہ دے ہم کو ہرگز نہ پہنچے گا

إِلَّا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَنَا هُوَ مَوْلَانَا ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

مگر وہی جو لکھ دیا اللہ نے ہمارے لئے وہی ہے کارساز ہمارا اور اللہ ہی پر چاہئے کہ بھروسہ کریں

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿٥١﴾ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ؕ

مسلمان ☆ تو کہدے تم کیا امید کروگے ہمارے حق میں مگر دو خوبیوں میں سے ایک کی

وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ

اور ہم امیدوار ہیں تمہارے حق میں کہ ڈالے تم پر اللہ کوئی عذاب اپنے پاس سے

اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۖ فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿٥٢﴾ قُلْ

یا ہمارے ہاتھوں سو منتظر رہو ہم بھی تمہارے ساتھ منتظر ہیں کہدے کہ

اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ؕ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ

مال خرچ کرو خوشی سے یا ناخوشی سے ہرگز قبول نہ ہوگا تم سے بیشک تم

قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٥٣﴾ وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ

نافرمان لوگ ہو اور موقوف نہیں ہوا قبول ہونا ان کے خرچ کا

اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ

مگر اسی بات پر کہ وہ منکر ہوئے اللہ سے اور اسکے رسول سے اور نہیں آتے نماز کو

اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿٥٤﴾ فَلَا تُعْجِبْكَ

مگر ہارے جی سے اور خرچ نہیں کرتے مگر برے دل سے سو تو تعجب نہ کر

اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي

ان کے مال اور اولاد سے یہی چاہتا ہے اللہ کہ انکو عذاب میں رکھے ان چیزوں کی وجہ

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَيَحْلِفُوْنَ

کو دنیا کی زندگی میں اور نکلے ان کی جان اور وہ اس وقت تک کافر ہی رہیں اور قسمیں کھاتے

بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ

ہیں اللہ کی کہ وہ بیشک تم میں ہیں اور وہ تم میں نہیں ولیکن وہ لوگ

يَّفْرَقُوْنَ ﴿٥٦﴾ لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا

ڈرتے ہیں تم سے ☆ اگر وہ پاویں کوئی پناہ کی جگہ یا غار یا سر گھسانے کو جگہ

لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ ﴿٥٧﴾

تو الٹے بھاگیں اسی طرف رسیاں تڑاتے

حصّۂ ششم

# اُمّتِ مسلمہ سے خطاب کے ضمن میں

# قرآن حکیم کی جامع ترین سُورت

# اُمُّ المُسَبِّحَات

# سورۃ الحدید

# مضامین کا تجزیہ

آیات ۱تا۶ : ذات وصفاتِ باری تعالیٰ کا بیان
انتہائی جامعیت کے ساتھ اور اعلیٰ ترین علمی سطح پر!

آیات ۷تا۱۲: خالق و مالکِ ارض و سماوات اور ذاتِ اوّل و آخر وظاہر و باطن
کے انسانوں سے دو تقاضے : ایمان و انفاق
جو کر گزریں ان کا اعزاز و اکرام : عطائے نور، بشارتِ جنت فوزِ عظیم!

آیات ۱۳تا۱۵: ان مطالبات کے پورا کرنے سے پہلوتہی کا نتیجہ : نفاق

آیات ۱۶تا۱۹ : مسلمانوں کو آمادۂ عمل کرنے کے لیے ترغیب و ترہیب
سلوکِ قرآنی کا اصل الاصول : انفاق
ترقی کے امکانات : مراتبِ صدیقیت وشہادت کا حصول!

آیات ۲۰تا۲۱ : حیاتِ دنیوی کے ناگزیر مراحل،
آخرت بمقابلہ دنیا مسابقت الی الجنت!

آیات ۲۲تا۲۵ : ایمانِ حقیقی کے مضمرات و مقدرات : تسلیم و رضا،
ایثارِ مال اور جہاد و قتال کے ذریعے اللہ اور اس کے رسولوں کی نصرت

آیات ۲۶تا۲۹ : دوسری انتہائی غلطی : متبعینِ مسیح کی اختیار کردہ بدعت :
ترکِ دنیا و رہبانیت
نجات اور فوز و فلاح کی واحد راہ : اتباعِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ لَهٗ مُلْكُ

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور وہی ہے زبردست حکمتوں والا ☆ اُسی کے لئے ہے راج

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲﴾ هُوَ

آسمانوں کا اور زمین کا جلاتا ہے اور مارتا ہے اور وہ سب کچھ کر سکتا ہے وہی ہے

الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳﴾ هُوَ

سب سے پہلا اور سب سے پچھلا اور باہر اور اندر اور وہ سب کچھ جانتا ہے وہی ہے

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ

جس نے بنائے آسمان اور زمین چھ دن میں پھر قائم ہوا تخت پر

يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا

جانتا ہے جو اندر جاتا ہے زمین کے اور جو اُس سے نکلتا ہے اور جو کچھ اُترتا ہے آسمان سے اور جو کچھ

يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴﴾

اُس میں چڑھتا ہے اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں تم ہو اور اللہ جو تم کرتے ہو اُس کو دیکھتا ہے

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۵﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ

اُسی کے لئے ہے راج آسمانوں کا اور زمین کا اور اللہ ہی تک پہنچتے ہیں سب کام داخل کرتا ہے رات کو

فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۭ وَهُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۶﴾ اٰمِنُوْا

دن میں اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں اور اُس کو خبر ہے جیوں کی بات کی یقین لاؤ

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ۭ فَالَّذِيْنَ

اللہ پر اور اُسکے رسول پر اور خرچ کرو اُس میں سے جو تمہارے ہاتھ میں دیا ہے اپنا نائب کر کر سو جو لوگ

اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿۷﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَ

تم میں یقین لائے ہیں اور خرچ کرتے ہیں اُنکو بڑا ثواب ہے اور تم کو کیا ہوا کہ یقین نہیں لاتے اللہ پر اور

الرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

رسول بلاتا ہے تم کو کہ یقین لاؤ اپنے رب پر اور لے چکا ہے تم سے عہد پکا اگر ہو تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۸﴾ هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ

ماننے والے وہی ہے جو اُتارتا ہے اپنے بندے پر آیتیں صاف کہ نکال لائے تم کو

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا

اندھیروں سے اُجالے میں اور اللہ تم پر نرمی کرنے والا ہے مہربان اور تم کو کیا ہوا ہے کہ خرچ نہیں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ

اللہ کی راہ میں اور اللہ ہی کو بچ رہتی ہے ہر چیز آسمانوں میں اور زمین میں برابر نہیں تم میں

مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ

جس نے کہ خرچ کیا فتح کہ سے پہلے اور لڑائی کی اُن لوگوں کا درجہ بڑا ہے اُن

الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ۭ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ۭ وَاللّٰهُ بِمَا

سے جو کہ خرچ کریں اس کے بعد اور لڑائی کریں اور سب کو وعدہ کیا ہے اللہ نے خوبی کا اور اللہ کو

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ

خبر ہے جو کچھ تم کرتے ہو کون ہے ایسا کہ قرض دے اللہ کو اچھی طرح پھر وہ اس کو دونا

لَهٗ وَلَهٗٓ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى

کر دے اس کے واسطے اور اس کو ثواب عزت کا جس دن تو دیکھے ایمان والے مردوں کو اور ایمان والی عورتوں کو دوڑتی ہوئی

نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ

چلتی ہے اُنکی روشنی اُن کے آگے اور اُن کے داہنے خوشخبری ہے تم کو آج کے دن باغ ہیں کہ بہتی ہیں جن

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ يَوْمَ

کے نیچے نہریں سدا رہو اُن میں یہ جو ہے یہی ہے بڑی مراد ملنی جس دن

يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ

کہیں گے دغاباز مرد اور عورتیں ایمان والوں کو راہ دیکھو ہماری ہم بھی روشنی لیں

مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَاۗءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۭ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ

تمہارے نور سے کوئی کہیگا لوٹ جاؤ پیچھے پھر ڈھونڈ لو روشنی پھر کھڑی کر دیجائے اُن کے بیچ میں

بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ۭ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ۝

ایک دیوار جس میں ہوگا دروازہ اس کے اندر رحمت ہوگی اور باہر کی طرف عذاب

يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَ

یہ اُن کو پکاریں گے کیا ہم نہ تھے تمہارے ساتھ کہیں گے کیوں نہیں لیکن تم نے بچلا دیا اپنے آپ کو اور

تَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَاۗءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ

راہ دیکھتے رہے اور دھوکے میں پڑے اور بہک گئے اپنے خیالوں پر یہاں تک کہ آ پہنچا حکم اللہ کا اور تم کو بہکایا

بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۱۴﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اللہ کے نام سے اس دغاباز نے سو آج تم سے قبول نہ ہوگا فدیہ دینا اور نہ منکروں سے

مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ۭ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ

تم سب کا گھر دوزخ ہے وہی ہے رفیق تمہاری اور بری جگہ جا پہنچے کیا وقت نہیں آیا ایمان

اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا

والوں کو کہ گڑگڑائیں ان کے دل اللہ کی یاد سے اور جو اترا ہے سچا دین اور نہ ہوں

كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ

ان جیسے جن کو کتاب ملی تھی اس سے پہلے پھر دراز گذری ان پر مدت پھر سخت ہوگئے

قُلُوْبُهُمْ ۭ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ

ان کے دل اور بہت ان میں نافرمان ہیں جان رکھو کہ اللہ زندہ کرتا ہے زمین کو

بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ

اس کے مرے پیچھے ہم نے کھول کر سنا دیے تم کو پتے اگر تم کو سمجھ ہے تحقیق جو لوگ خیرات کرنے والے

وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ

ہیں مرد اور عورتیں اور قرض دیتے ہیں اللہ کو اچھی طرح ان کو ملتا ہے دونا اور ان کو

اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ

ثواب ہے عزت کا اور جو لوگ یقین لائے اللہ پر اور اس کے سب رسولوں پر وہی ہیں سچے ایمان والے

وَالشُّهَدَاۗءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا

اور لوگوں کا احوال بتلانے والے اپنے رب کے پاس ان کے واسطے ہے ان کا ثواب اور ان کی روشنی اور جو لوگ منکر ہوئے اور جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۹﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ

ہماری باتوں کو وہ ہیں دوزخ کے لوگ جان رکھو کہ دنیا کی زندگانی یہی ہے کھیل

وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۭ

اور تماشا اور بناؤ اور بڑائیاں کرنی آپس میں اور بہتایت ڈھونڈنی مال کی اور اولاد کی

كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ

جیسے حالت ایک مینہ کی جو خوش لگا کسانوں کو اس کا سبزہ پھر زور پر آتا ہے پھر تو دیکھے زرد ہو گیا پھر ہو جاتا ہے

حُطٰمًا ۭ وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ۭ

روندا ہوا گھاس اور آخرت میں سخت عذاب ہے اور معافی بھی ہے اللہ سے اور رضامندی

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۲۰﴾ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ

اور دنیا کی زندگانی تو یہی ہے مال دغا کا دوڑو اپنے رب کی معافی کی

رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ

طرف کو اور بہشت کو جس کا پھیلاؤ ہے جیسے پھیلاؤ آسمان اور زمین کا تیار رکھی ہے واسطے اُنکے جو

اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ

یقین لائے اللہ پر اور اُسکے رسولوں پر یہ فضل اللہ کا ہے دے اُس کو جس کو چاہے اور اللہ کا

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۱﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَ

فضل بڑا ہے کوئی آفت نہیں پڑتی ملک میں اور

لَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا اِنَّ ذٰلِكَ

نہ تمہاری جانوں میں جو لکھی نہ ہو ایک کتاب میں پہلے اس سے کہ پیدا کریں ہم اُسکو دنیا میں بیشک یہ

عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۲۲﴾ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ

اللہ پر آسان ہے تاکہ تم غم نہ کھایا کرو اُس پر جو ہاتھ نہ آیا اور نہ شیخی کیا کرو اس پر جو تم کو اس نے دیا

وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ﴿۲۳﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ

اور اللہ کو خوش نہیں آتا کوئی اترانے والا بڑائی مارنے والا وہ جو کہ آپ نہ دیں اور سکھلائیں

النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۴﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا

لوگوں کو بھی نہ دینا اور جو کوئی منہ موڑے تو اللہ آپ ہے بے پرواہ سب خوبیوں کے ساتھ موصوف ہم نے بھیجے

رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ

ہیں اپنے رسول نشانیاں دے کر اور اُتاری اُن کے ساتھ کتاب اور ترازو تاکہ لوگ سیدھے رہیں انصاف پر

وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ

اور ہم نے اُتارا لوہا اُس میں سخت لڑائی ہے اور لوگوں کے کام چلتے ہیں اور تاکہ معلوم کرے اللہ

يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا

کون مدد کرتا ہے اُسکی اور اُسکے رسولوں کی بن دیکھے بیشک اللہ زورآور ہے زبردست اور ہم نے بھیجا نوح کو

وَّاِبْرٰهِيْمَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ وَكَثِيْرٌ

اور ابراہیم کو اور ٹھہرادی دونوں کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب پھر کوئی اُن میں راہ پر ہے اور بہت

مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ

اُن میں نافرمان ہیں پھر پیچھے بھیجے اُنکے قدموں پر اپنے رسول اور پیچھے بھیجا ہم نے عیسیٰ مریم کے بیٹے کو

وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ؕ

اور اسکو ہم نے دی انجیل اور رکھ دی اسکے ساتھ چلنے والوں کے دل میں نرمی اور مہربانی

وَرَهْبَانِيَّةَ ۨابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا

اور ایک ترک کرنا دنیا کا جو انہوں نے نئی بات نکالی تھی ہم نے نہیں لکھا تھا یہ اُن پر مگر کیا چاہنے کو اللہ کی رضامندی پھر نہ

رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۷﴾

نباہا اسکو جیسا چاہئے تھا نباہنا پھر دیا ہم نے ان لوگوں کو جو اُن میں ایماندار تھے اُنکا بدلا اور بہت اُن میں نافرمان ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَ

اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور یقین لاؤ اُسکے رسول پر دے گا تم کو دو حصے اپنی رحمت سے اور

يَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۸﴾ ۙ

رکھ دیگا تم میں روشنی جس کو لئے پھرو اور تم کو معاف کریگا اور اللہ معاف کرنیوالا ہے مہربان

لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ

تاکہ نہ جانیں کتاب والے کہ پا نہیں سکتے کوئی چیز اللہ کے فضل میں سے اور

اَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ ع

یہ کہ بزرگی اللہ کے ہاتھ ہے دیتا ہے جس کو چاہے اور اللہ کا فضل بڑا ہے

مرکزی **انجمن خدام القرآن** لاهور

کے قیام کا مقصد

**منبع ایمان** — اور — **سرچشمۂ یقین**

# قرآنِ حکیم

کے **علم و حکمت** کی

وسیع پیمانے — اور — اعلیٰ علمی سطح

پر تشہیر و اشاعت ہے

تاکہ اُمتِ مسلمہ کے فہیم عناصر میں **تجدیدِ ایمان** کی ایک عمومی تحریک برپا ہو جائے

اور اس طرح

**اسلام کی نشاۃِ ثانیہ** — اور — **غلبۂ دینِ حق کے دورِ ثانی**

کی راہ ہموار ہو سکے

وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ